روحانی و جسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

March'2020
جلد نمبر 10
Rs.60
شمارہ نمبر 11

- محبت میں جیلی
- لوح شرف مریخ
- دکانداروں کیلئے مجرب انمول عمل
- موکل سے دوستی کا لاجواب عمل
- جنات اور اعمال مخفیہ حروف تسخیر
- اولاد کی تربیت کیسے کریں۔۔۔؟
- زہرہ مشتری تثلیث کا خاص الخاص عمل
- تمام مشکلات کا حل بذریعہ نقوش و ورد و وظائف
- غریبوں کے لیے وزن کم کرنے کے 20 طریقے
- ایک نادر روزگار عمل حب جعفر کا ایک چلتا تیر بے خطا ہے

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat khazinaruhanyat

ایک بار پھر ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

نوروز کا وقت، سورج گرہن اور چاند گرہن کی طرح ایک خاص وقت ہے۔ یہ وقت سال میں ایک بار آتا ہے اور 20 یا 21 مارچ کے دن ہی عموماً آتا ہے۔ اس دن ایک مخصوص وقت میں پڑھائی کرنی ہوتی ہے۔ اس وقت جو بھی عمل کیا جاتا ہے، وہ ایک سال یعنی اگلے نوروز تک کے لیے عمل میں آجاتا ہے۔ پورے سال عامل اس عمل سے کام لے سکتا ہے۔ اسی طرح مختصر سے وقت میں ایک سال کے لئے کسی بھی خاص عمل کا عامل بنا جا سکتا ہے۔ نہ کوئی خوف وڈر اور نہ ہی کسی قسم کا نقصان ہوتا ہے۔

مورخہ 20 مارچ 2020ء بروز جمعہ کو 05:48 پر نوروز کا وقت شروع ہو رہا ہے۔

نورانی اعمال

- سات سلام
- حصار قرآنی کبیر
- آیتِ شفاء
- حصار خاص
- منزل
- دعائے حیدری

علوی نورانی اعمال

- مندرہ شاہ علی کبیر
- نورانی مندرہ
- عصائے کلیم اللہ
- عمل باندھ جادو

علوی اعمال

- چہل کاف (2)
- چہل کاف (3)
- عمل حب خاص
- قصیدہ غوثیہ
- عمل واپسی سحر
- عمل بندش کلاں

خاص خاص اعمال

- تھیلی والا عمل
- سری والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل
- بکرے کے صدقے کا عمل

باموکل اعمال

- آیت الکرسی باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- آیت قطب باموکل
- آیت کریمہ باموکل
- بسم اللہ باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ ونعم الوکیل باموکل

نوٹ ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے خاص اعمال ہیں، جو کہ صرف عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

Darulamal Chishtia Punjab
Darsgah
Whatsapp
+92-333-7772775
darulamal.org/ruhanidarsgah

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماھنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 10 رجب المرجب ۱۴۴۱ھ/ مارچ 2020ء شمارہ 11

مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
مدیر مولانا حافظ علی آفاق
معاون مدیر حکیم سلیم اللہ ظفر

khazinaeruhaniyaat
khazinaruhanyat
khazinaeruhaniyaat
khazinaeruhaniyaat
khazinaeruhaniyaat@gmail.com

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (نوبل کیما)
- قیصر احمد صاحب (ذی اے) (کراچی)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- ابو انس (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
- محمد علیم صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات 0322-4773786

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 800 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے
سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1250 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1500 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2000 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 29,28,27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Email/Whatsapp: 600 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 31/30 تاریخ کو رسالہ Email/Whatsapp کیا جائے گا

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamalchishtia
darulamalchisht
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772,0306-7772772 (ufone)
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور 54570 فون: 042-35410586

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: easypaisa Jazz Cash (موبی لنک)۔ (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0343-7772772 پر SMS کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

UBL Omni - easypaisa 0343-7772772
Jazz Cash 0302-8401977

4 بینک اکاؤنٹس: میزان بینک میں خزینہ روحانیات کی رقم جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹ نمبر 1 میں اور دار العمل کے باقی تمام شعبوں کیلئے اکاؤنٹ نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1 بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔

2 بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔

ادائیگی کی تفصیلات کے لیے: darulamal.org/Payment

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

مارچ 2020ء

رجب المرجب ۱۴۴۱ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
حصولِ نسبت کے 73 رہنما اصول (مولانا محمد ادریس حبان رحیمی)	6
روحانیت وتصوف (از تحریر: قیصر احمد بی اے، کراچی)	7
تصوف کی چند مفید اصطلاحات (مولانا سید شبیر احمد کاکا خیل مدظلہٗ)	8
علاج بالقرآن (مرتب: مولانا علی آفاق، مدیر خزینۂ روحانیات)	11
درود شریف کے ذریعے مسائل کے روحانی حل (مولانا سلیم اللہ ظفر)	12
کشائشِ رزق سے متعلق اولیاء اللہ کے ارشادات (مولانا ابرار الحسن)	13
مجرباتِ جمیلی (فقیر حکیم حافظ جمیل احمد جمیل عامل سکندر پوریؒ)	15
قرآنی دُعائیں (صوفی محمد ندیم محمدی)	16
تمام مشکلات کا حل بذریعہ نقوش وورد وظائف (مولانا حسن الہاشمی)	17
مؤکل سے دوستی کا لاجواب عمل (سائیں عبداللطیف دامانی)	19
ایک نادرِ روزگار عمل حب جوجفر کا ایک چلتا تیر بے خطا ہے	21
آپ کے مسائل اور اُن کا روحانی حل (مولانا سلیم اللہ ظفر)	25
جنات اور اعمالِ مخفیہ (صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ)	27
حُروف تسخیر (حسن، کراچی)	29
لوح مقطعات (حصولِ اولاد نرینہ کا لاجواب عمل)	31
شرف قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	36
ہبوطِ قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	36
لوح شرف مریخ (محمد شہزاد، بوریوالہ)	37
زہرہ مشتری تثلیث کا خاص الخاص عمل (سائیں عبداللطیف دامانی)	38
بے پردگی شرمندگی	41
دکانداروں کیلئے مجرب لائحہ عمل (انعام اللہ بھکروی)	43
اولاد کی تربیت کیسے کریں۔۔۔؟ (ابواحمد)	47
کہیں آپ کا بچہ امتحانات سے تو خوف زدہ نہیں؟ (سید عرفان احمد)	49
شوہر بیوی کے حقوق	52
عظیم نعمت کان کی صحت کا خیال بھی رکھیں!	53
آپ کی بیماریاں اور ان کا طبی حل	55
غریبوں کے لیے وزن کم کرنے کے 20 طریقے (ڈاکٹر اختر احمد)	57
ریکی (Reiki) ہیلنگ کورس	60

اہم گذارش

18 خاص نمبروں کی بے پناہ مقبولیت کے بعد ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا انیسواں خاص نمبر "**رد سحر نمبر**" ان شاء اللہ اپریل 2020 میں شائع کیا جائے گا۔ تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ نمبر "**رد سحر نمبر**" کے موضوع پر اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ عملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید ادارے کو مارچ 2020 کے پہلے ہفتے تک جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ ادارہ آپ تمام حضرات سے دعاؤں کی درخواست کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس خاص نمبر کو بہترین انداز میں شائع کرنے کی توفیق دے۔ آمین

مضامین بھیجنے کے لیے

- **خط بھیجنے کا پتہ:** پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
- **کوریئر، رجسٹرڈ اک:** 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
- **ای میل:** khazinaeruhaniyaat@gmail.com
- **واٹس ایپ:** 0322-4773786

مجربات طاہر | مصنف: علامہ عابد عسکری | عام قیمت: 350 روپے

روحانی خزانوں سے بھرپور ایک انمول کتاب

● خزانہ غیب سے رزق ملے ● برائے آسیب ● سربستہ رازوں سے پردہ اٹھ جائے ● باران رحمت ہو ● قلزم عرفان ● برائے تندرستی ● میرا آزمودہ عمل ● تمام لوگ تابع رہیں ● برائے زبان بندی ● قرض کا بوجھ اتر جائے ● اگر دل کی دھڑکن بند ہو وغیرہ

0332-4487877, 042-35410586

مکتبہ تعارف دار العمل | +makiabarulaarifi

حمد

جلوے ترے نرالے دنیا بنانے والے
بس تو ہی تو رہے گا، ہم آنے جانے والے

اے بحر و بر کے مالک ، دنیا و دیں کے والی
ہر شئے میں تیرا جلوہ ، جلوہ دکھانے والے

خالق ہے تو ہمارا، رزاق نام تیرا
تیرا کرم ہے ہر سو ، ہم کو کھلانے والے

عزت کی زندگی دے، احساسِ بندگی دے
دنیا کی ظلمتوں سے ہم کو بچانے والے

اے غمزدوں کے مالک تیرا ہی ہے سہارا
سن لے دعا ہماری ، بگڑی بنانے والے

بے شک غفور ہے تو غفار نام تیرا
ہم کو معاف کرنا رحمت لٹانے والے

حافظ ہمارا کوئی رب کے سوا نہیں ہے
سنتا وہی ہے سب کی ہم ہیں سنانے والے

حافظ ابو حسین حافظ کرناٹکی

بصد نیاز بہ عجزِ کمال کہہ دینا

بصد نیاز بہ عجزِ کمال کہہ دینا
صبا نبی سے سلامِ بلال کہہ دینا

اسیرِ دردِ محبت کا حال کہہ دینا
کرم ہو مجھ پہ بہ حقِ بلال کہہ دینا

شبِ فراق کے رنج و ملال کہہ دینا
رسولِ پاک ﷺ سے سب میرا حال کہہ دینا

حضور ﷺ حشر میں رکھنا خیال کہہ دینا
ہے معصیت میں مرا بال بال کہہ دینا

نفس نفس میں ہے اِک اضطراب کا عالم
نظر نظر کو ہے شوقِ جمال کہہ دینا

بغیر اذنِ زیارت بغیر طوافِ حرم
گزر نہ جائے کہیں یہ بھی سال کہہ دینا

تمہارے گنبدِ خضریٰ کے دیکھنے کو حضور ﷺ
تڑپ رہا ہے تمہارا بلال کہہ دینا

غلام فخر سید بلال جعفری

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ اپریل 2020 سے اپریل 2021 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 900 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1330 روپے اور بذریعہ TCS بھی کی جاتی ہے تمام ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنی ممبر شپ کی تجدید جلد از جلد کروائیں۔ اپریل 2020 میں ممبر شپ فیس جمع نہ کروانے کی صورت میں رسالہ ارسال نہیں کیا جائے گا نوٹ فرمالیں۔

رابطہ 0322-4773786

خزینہ روحانیات کی سابقہ جلدوں پر دھماکہ آفر

جلد نمبر 6 کی قیمت: 650 روپے — رعائتی قیمت: 325 روپے
جلد نمبر 7 کی قیمت: 650 روپے — رعائتی قیمت: 325 روپے
جلد نمبر 8 کی قیمت: 650 روپے — رعائتی قیمت: 325 روپے
جلد نمبر 9 کی قیمت: 650 روپے — رعائتی قیمت: 325 روپے

خوشخبری
چاروں جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر یعنی 60% ڈسکاؤنٹ۔
قیمت: 1040 روپے (علاوہ ڈاک خرچ) 0322-4773786

مولانا علی آفاق

اداریہ

محترم قارئین! السلام علیکم کے بعد آج ہمارا موضوع انسانی زندگی کے روحانی مسائل ہیں۔ ہر فرد و بشر اس دنیا میں کسی نہ کسی پریشانی اور مشکل کا شکار نظر آرہا ہے۔ مطمئن اور خوش باش اور خوشحال تو صرف وہ ہے جو اللہ کے احکامات اور حضور ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہے۔ پورا خاندان، پورا قبیلہ اور کاروباری شرکاء سب ہی کسی نہ کسی پریشانی اور حالات کا رونا روتے نظر آتے ہیں۔ گھریلو ناچاقیاں، اولاد کی نالائقی، نااہلی، بیوی کے ہاتھوں غمگین اور پریشان شوہروں کی ایک لمبی اور ان گنت کہانیاں روزانہ منظر عام پر آتی رہتی ہیں۔۔ کوئی عورت سسرال کے رشتوں سے نالاں ہے تو کوئی مرد اپنے سسرالی رشتوں سے نا صرف تنگ آچکا ہے بلکہ جان چھڑوانا چاہتا ہے۔ کوئی مرد باہر کے کاموں کے بوجھ کو گھر میں بچوں سے بے جا غصہ اور مار پیٹ، برتن توڑنے سمیت بیوی کو زدوکوب کرنے سے اتارنے کی کوشش کرتا ہے۔ یعنی غصہ کہیں کا اور اترنے کے ذرائع اور اسباب دوسرے ہیں۔ جس کی وجہ سے جنت نظیر مکان اور گھر اب جہنم کدہ بن چکا ہے۔ کوئی نندوں کے ہاتھوں پریشان ہے۔ کوئی ساس کی بے جا مداخلت، طرز حکمرانی، طرز تکلم سمیت ہر حرکت وسکون پر نگرانی کی وجہ سے اپنی زندگی کے مزے کرکرے کر بیٹھی ہے۔ کوئی ساس کی باتوں سے نالاں ہے، کوئی ساس اپنی بہو کو طلاق دلوا کر خوش نظر آتی ہے۔ کوئی اولاد کی درست تربیت یا پھر جادو ٹونے کی وجہ سے اولاد کی بدتمیزیوں کے ہاتھ دل گرفتہ ہے۔ کسی کو اپنے دشمن سے جنسی تعلقات کی بنیاد پر ہراسگی کا سامنا ہے۔ کوئی کسی کا روزگار چھیننا چاہتا ہے، کوئی کاروبار کی تباہی چاہتا ہے، کوئی ملازمت، معاشرت، اخوت محبت سے بے دخل کرنا چاہتا ہے۔ کوئی بچوں کے رشتوں کے حوالے سے پریشان ہے۔ کوئی عرش سے فرش پر گر چکا ہے، کوئی دال اور روٹی کے لئے، دوائی کے لئے، معصوم بچوں کے دودھ اور سکول جاتے بچوں کے روزمرہ کے اخراجات پورا کرنے سے قاصر نظر آتا ہے۔ کسی کے گھر میں خون سے چھینٹے، جانوروں کی ہڈیاں گوشت، خون اور مردہ پرندے ملتے ہیں، گھروں میں آسیبی سائے ہیں۔ گھروں میں غیبی مخلوقات کا ڈیرہ ہے، بسیرا ہے، اور کسی صورت منت سماجت وغیرہ سے وہ مخلوقات افراد اور گھروں کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ کسی کے اندر جن حاضر ہوتا ہے۔ مار پیٹ، تکلیف سمیت اس عورت یا لڑکی کے ساتھ جنسی تعلق قائم رکھے ہوئے ہے۔ کوئی آسیبی اثرات کے حوالے سے آہستہ آہستہ نفسیاتی امراض کی طرف سفر شروع کر چکا ہے۔ الغرض جتنے منہ اتنے ہی مسائل روحانی، جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی مسائل اس معاشرے میں موجود ہیں۔ جن سے اللہ کی مخلوق تنگی اٹھا رہی ہے۔ یہ حالات بھی امتحان لیں۔ جن پر صبر کرنا اور اللہ کے حکم کے مطابق حالات میں احکام کی تعمیل ہی اصل ہے۔ ہمت نا ہارنا اور اللہ سے دعا مانگنا نہ چھوڑنا اور ساتھ ہی درست سمت میں علاج شروع کرنا اصل اور حقیقی کامیابی ہے۔ ایک بات انتہائی اہمیت کی حامل ہے کہ حضور ﷺ نے راتوں کو دعا میں کی ہیں اور امت کو سکھائی ہیں۔ مگر دن کو محنت کرنا، جہاد و دعوت سمیت تزکیہ نفس کی محنت فرمائی ہے۔ اس طرح جادو کی صورت میں، جنات کے حوالے سے درست سمت میں تعویذات اور اعمال کا درست استعمال کرنا، سیکھنا اور اس عمل کے ذریعے گھر کو صاف کرنا، اپنے آپ اور گھرانے اور خاندان کو روحانی پاکیزگی دلوانا اصل ہے۔ اور اس میں روح پھونکنے کے لئے رات کو تدبیر کی مقبولیت کی اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا درست لائحہ عمل ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ نے ''اونٹ کو باندھ اور پھر توکل کر'' کا حکم فرمایا ہے۔ دشمن کو شکست، اولاد، رشتے کی بندش اور کاروبار کی تباہی کے اسباب اور عوامل سمیت جنات کی سرکوبی اور آئندہ کے لئے لائحہ عمل جو حفاظت کا ذمہ دار ہو، اختیار کرنا لازمی امر ہے۔ ورنہ زبردست نقصان کا اندیشہ ہی نہیں بلکہ یقین ہے۔ الحمدللہ ہمارا ادارہ دنیا بھر کے لوگوں کو درج بالا مسائل سے نجات کے لئے زبردست لائحہ عمل پیش کرتا ہے۔ اور آئندہ کے لئے حفاظت کا بھرپور بندوبست فراہم کرتا ہے۔ اس کے لئے آپ کا ایک مرتبہ کا رابطہ آپ کو شاد و کامران کردے گا۔

حصولِ نسبت کے ۳۷ رہنما اصول

حضرت مولانا ڈاکٹر محمد ادریس حبان رحیمی حفظہ اللہ

(۲۴) اپنے فیض اور توجہ کو کھانے پینے کی چیزوں میں اور جائز گفتگو میں شامل کردیں۔

(۲۵) جس شخص کی حالت بدل جائے اس پر ہنسیں نہیں۔

ہر ذاکر، شاغل، عابد، زاہد اور متقی کو اس بات سے ہمیشہ ڈرنا چاہئے کہ مبادا دین کی جو دولت اس کے پاس ہے وہ زائل نہ ہوجائے، ذکر اللہ کرنے والا خدا کا جلیس اور اس کا ہم نشین ہوتا ہے اور ہر شخص ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی ہم نشینی کے لائق نہیں ہوا کرتا۔

(۲۶) عبادات شرعیہ پر اجرت نہ لیں۔

فقراء کو چاہئے کہ جو کوئی دینی امور سرانجام دیتے ہیں جیسے مسجد کی خدمت، درس وتدریس، امامت، خطابت، اذان اور قرآن پاک کا پڑھانا اور جو عبادات شرعیہ ہیں، ان کی تنخواہ نہ لیا کریں۔ ہاں اور کوئی ذریعہ آمدنی نہ ہو تو وظیفہ لے لیا کریں، لیکن نیت درست رکھیں کہ جو کچھ خدمت کر رہے ہیں اس کو محض اللہ کی رضا کیلئے سرانجام دیں اور جو وظیفہ ملے اس کو عطیہ خداوندی سمجھیں۔ اپنی اس نیت میں سچے ہونے کی علامت یہ ہے کہ اگر کسی وقت وظیفہ نہ ملے تو کام کو ٹھپ کر کے نہ بیٹھ جائیں یا وظیفہ کی کمی کی شکایت طلباء وعوام میں نہ کرتے رہیں۔ اگر کسی سے یہ بات سرزد ہوتی ہے تو وہ جان لے کہ وہ اس مقام کے لوگوں میں سے نہیں ہے۔

(۲۷) کفار ظالموں اور فاسقوں کے ہدایا قبول نہ کریں۔

(۲۸) جو شخص اپنے ہدیہ کو بہت قیمتی سمجھتا ہے اس کا ہدیہ قبول نہ کریں۔

(۲۹) شادی بیاہ اور ختنہ وغیرہ کی تقریبات میں شرکت نہ کریں۔

(۳۰) گھوم پھر کر بیچنے والے اور راستوں کی دکانوں کا کھانا نہ کھائیں۔

(۳۱) اپنے نفس اور اہل وعیال پر زیادہ توسع نہ کریں:

اپنے نفس پر اور اہل وعیال اور خدام ومتعلقین پر کھلانے پلانے میں زیادہ توسع نہ کیا کریں بلکہ میانہ روی اختیار کریں تاکہ اللہ تعالیٰ شانہ کے اس ارشاد پر عمل ہو: ''وَالَّذِيْنَ اِذَا اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا'' (الفرقان: ۶۷) (اور وہ نیک بندے ایسے ہیں کہ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ حد سے تجاوز کرتے ہیں، نہ تنگی کرتے ہیں بلکہ ان کا خرچ کرنا اس کے درمیان ٹھیک اندازہ پر ہوتا ہے)۔

(۳۲) کھانے پینے کی ہر چیز کے استعمال کے وقت اپنے قلوب کو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رکھیں۔

(۳۳) سنن شرعیہ کو سستی اور کاہلی سے کبھی ترک نہ کریں۔

(۳۴) اپنے دوستوں کو ضرورت سے زیادہ نہ سونے دیا کریں۔

(۳۵) بے وضو نہ سوئیں۔

(۳۶) بغیر باطنی طہارت کے نہ سوئیں۔

(۳۷) رات کے آخری پہر نہ سویا کریں۔

(۳۸) جس شخص کا علم نفس ہی میں رکھا ہو اس سے تہذیب اخلاق کی امید نہ رکھیں۔

(۳۹) خدام مسجد اور موذن وغیرہ سے دشمنی نہ کریں۔

(۴۰) مسلمانوں سے قطع تعلق میں جلدی نہ کریں۔

(۴۱) مخالفین سے بھلائی کرتے رہیں۔

(۴۲) جب کوئی ظالم ہم پر ظلم کرے تو اپنے آپ کو اس سے زیادہ کا مستحق جانیں۔

(۴۳) اللہ تبارک وتعالیٰ مخلوق کے سامنے ہمارے عیوب ظاہر کردیں تو ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر بجالائیں۔

(۴۴) اپنے آپ کو ان لوگوں کی باتوں کا جواب دینے میں مشغول نہ کریں، جو ہماری آبروزیری اور تنقیص کرتے ہیں۔

(۴۵) امت محمدیہ کے تمام آدمیوں کی خطاء کو اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر معاف کردیا کریں۔

(۴۶) جو ہم پر ظلم کرے اس کے لئے بددعا کبھی نہ کریں۔

روحانیات و تصوف

از تحریر قیصر احمد بی اے (کراچی)

حق گوئی و بیباکی کے نرالے انداز، بے نظیر عزیمت و استقامت

الحکم باپ کے مرنے کے بعد ۷۹۶ء بمطابق ۱۸۰ھ میں تخت پر بیٹھا اور ۸۲۰ء یعنی پچیس سال تک حکومت کرتا رہا۔ الحکم سے لوگوں کو بہت کچھ توقعات تھیں۔ وہ حکمرانی کے قابل تھا مگر طبیعت کا بڑا سخت تھا۔ اس نے ایک مرتبہ اپنے دشمنوں کے تین سو سروں کو اپنے محل پر لٹکوایا تھا۔ اس لئے کسی کو اس کے سامنے بولنے کی طاقت نہ تھی۔ بایں ہمہ اس کے عہد حکومت میں جرأت و حق گوئی اور فیاضی کا ایک بے نظیر واقعہ گزرا ہے جو تاریخ اسپین میں تو بڑی تفصیل سے درج ہے۔ مگر یہاں اس کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔ الحکم کو ایک مرتبہ ایسی جگہ بنگلہ بنانے کا خیال ہوا جو آب و ہوا کے لحاظ سے تو بہت اچھی جگہ تھی لیکن ایک بیوہ عورت کے قبضہ میں تھی۔ جو اپنی کٹیاں بنا کر وہاں زندگی کے دن کاٹ رہی تھی۔ خلیفہ نے اس کا مکان خریدنا چاہا لیکن اُس نے دینے سے انکار کر دیا۔ آخر زبردستی وہ زمین لے لی گئی۔ بادشاہ نے وہاں ایک خوشنما بنگلہ تعمیر کرایا۔ عورت ہر چند بیوہ تھی اور غریب تھی لیکن اسلام نے جو حقوق مساوات و آزادی کے عطا کئے تھے۔ اُن سے وہ آگاہ تھی۔ اس نے محکمہ قضا میں بادشاہ پر استغاثہ دائر کر دیا اور قاضی سے کہا کہ ایک غریب بیوہ کا مقابلہ بادشاہ سے ہے۔ انصاف کی توقع کم ہے۔ لیکن اگر تم آزادی اور جرأت اور اپنے ان اختیارات سے جو تم کو حاصل ہیں۔ انصاف کرو تو میں بھی اپنے حق سے کبھی محروم نہیں رہ سکتی۔

قاضی نے کہا، اے بڑھیا بے فکر رہ، میں عدل و انصاف کی کرسی پر بادشاہ اور ایک غریب عورت کو ایک ہی نظر سے دیکھوں گا۔ قاضی بادشاہ کی تند مزاجی اور اس کی طبیعت کی تلخی سے واقف تھا۔ اس نے ضابطہ اور قانون کے ساتھ دوسری تدابیر سے بھی کام نکالنا چاہا۔ چنانچہ جب بادشاہ اپنے بنگلہ اور محل کو ملاحظہ کر رہا تھا اور باغات کو دیکھ رہا تھا تو قاضی ایک گدھا مع خالی بورے کے ہانکتا ہوا خلیفہ کے پاس لے گیا اور اس سے اجازت طلب کی کہ میں اس جگہ کی مٹی لینے آیا ہوں۔ خلیفہ نے اجازت دے دی۔

جب قاضی نے بورا مٹی سے بھر لیا تو خلیفہ سے کہا کہ مجھے تھوڑی سی مدد دیجئے کہ میں بورے کو گدھے پر رکھ لوں۔ خلیفہ قاضی کے تمسخر پر خوش ہوتا رہا۔ بوجھ اٹھانے میں اس نے مدد دی لیکن بہت بھاری ہونے کی وجہ سے بُورا اٹھ نہ سکا۔

قاضی نے کہا، جب آپ ایک بورے کا بوجھ دوسرے کی مدد سے بھی نہیں اٹھا سکتے تو اس دن جب احکم الحاکمین ذرہ ذرہ حساب لے گا اور جب عدل و انصاف گدا و بادشاہ اور فقیر و غنی سب کو ایک قطار میں کھڑا کر دے گا اور جب گدڑی پوش اپنے اعمال حسنہ کی وجہ سے ناانصاف بادشاہوں پر سبقت لے جائیں گے تو آپ ساری زمین کا بوجھ کس طرح اٹھا سکیں گے اور جب قیامت کے دن وہ غریب بڑھیا جس کا مکان زبردستی چھین کر اور گرا کر آپ نے یہ محل تیار کرایا ہے۔ خدا کی جناب میں جو آہ مظلوماں کی دادرسی کی خاطر اجابت و قبولیت کو استقبال اور پیشوائی کیلئے دور تک آگے روانہ کر دیتا ہے۔ اپنا استغاثہ پیش کر لے گی تو آپ وہاں کیا جواب دیں گے؟

خلیفہ الحکم قاضی کی یہ تقریر سن کر کانپ اٹھا اور اس کی حق گوئی و جرأت کی تعریف کی اور چونکہ اس زمین پر جو اس نے زبردستی حاصل کی تھی اب محل تیار ہو چکا تھا۔ اس لئے بادشاہ نے وہ محل اور باغ معہ تمام ساز و سامان جو لاکھوں روپوں کی ملکیت کا تھا، اس غریب بڑھیا کو دے دیا۔ جس سے وہ مالا مال ہو گئی۔ (تاریخ اسلام کے ناقابل فراموش واقعات: ۲۵۴)

بقیہ (ص 11): علاج بالقران

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (المائدہ: ۱۳)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز عشاء 7 مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے قرض کے بوجھ کو اتار دیں گے۔

تصوف کی چند مفید اصطلاحات

حضرت مولانا سید شبیر احمد کاکاخیل مدظلہٗ

بیعت

بیعت تصوف کی اصطلاح میں شیخ اور مرُید کے درمیان معاہدہ ہے کہ شیخ اس کو طریق تعلیم کرے گا اور مرُید اس پر عمل کرے گا۔ اس کا مقصد اعمال ظاہری و باطنی کا اہتمام و التزام ہے جس کے لئے مُرید شیخ کو اپنا نگران دل سے تسلیم کرلیتا ہے اور شیخ اس کو اپنا سمجھ کر اپنی تعلیم اور دعا سے اس کی مدد کا قصد کرتا ہے۔ اس کو بیعت طریقت کہا جاتا ہے اور ہمارے بزرگوں کے ہاں بتواتر رائج ہے۔ اس کی شرعی حیثیت سنت مستحبہ کی ہے لیکن اس کی برکت سے فرائض واجبات اور سنن پر عمل نصیب ہوجاتا ہے اور سب سے بڑھ کر بعض خوش نصیبوں کو نسبت حاصل ہوجاتی ہے جس کے سامنے دنیا کی کوئی بھی دوسری چیز کچھ بھی نہیں۔ نسبت کو حاصل کرنے کے لئے اپنی تربیت کروانا فرض عین ہے اور بیعت اس کا ایک ذریعہ ہے لیکن سنت مستحبہ ہے۔

شیخ

وہ عارف جو طالبین طریقت (جن کو سالک یا مرُید کہا جاتا ہے) کو تعلیم کرنے کا اہل ہو شیخ کہلاتا ہے۔ شیخ کی پہچان کے بارے میں تفصیل سے آگے آرہا ہے۔

مُرید

وہ طالب جو شیخ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہے اور اپنی اصلاح کے لئے جو کہ فرض عین ہے یہ عہد کرتا ہے کہ وہ شیخ کی ہر بات کو بلا چون و چرا مانے گا۔

سلسلہ

اس سے مراد صحبت اور اعتماد کا وہ سلسلہ ہے جو موجودہ شیخ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم تک جاتا ہے۔ ہند میں چار بڑے سلاسل چل رہے ہیں۔ جو کہ چشتیہ، نقشبندیہ، قادریہ اور سہروردیہ ہیں۔ جس شیخ سے آدمی بیعت ہوتا ہے تو اس کے ساتھ آدمی اس کے سلسلے میں داخل ہوجاتا ہے۔ ان سلاسل کی مثال فقہ کے چار طریقوں حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی یا طب کے مختلف طریقوں یعنی ایلوپیتھی، ہومیوپیتھی، آکوپنکچر اور یونانی حکمت وغیرہ سے دی جاتی ہے۔ ان کے اصولوں میں تھوڑا تھوڑا فرق ہے لیکن سب کا نتیجہ وہی روحانی صحت یعنی نسبت کا حاصل کرنا ہے۔

تلوین

احوال کا بدلنا تلوین کہلاتا ہے۔ چونکہ مرُید کی جب تربیت ہوتی ہے تو اس پر عجیب عجیب انکشافات ہوتے ہیں جس سے اس کے احوال تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ چونکہ یہ ناپختگی کی علامت ہوتی ہے، اس لئے سالک اس سے پناہ مانگتا ہے اور تمکین کی تلاش میں رہتا ہے۔ لیکن تمکین کے لئے تلوین لازمی ہے جیسا کہ منزل کے لئے راستے کا قطع کرنا۔ چونکہ دوران تلوین مختلف احوال کا غلبہ ہوتا ہے، اس لئے سالک گو کہ اس میں معذور ہے اور یہ لوازم طریق میں سے ہے، اس لئے ماخوذ نہیں ہوتے۔ لیکن اس حال میں وہ قابل تقلید بھی نہیں ہوتے بلکہ ابھی راہ میں ہوتے ہیں، اس لئے مشائخ بھی ان کے لئے تمکین کے انتظار میں ہوتے ہیں۔

تمکین

آخر میں حسب استعداد کسی حالت محمودہ پر استمرار نصیب ہوجاتا ہے، اس کو تمکین کہتے ہیں۔ اس وقت تمام اشیاء کے حقوق خوب ادا ہوتے ہیں۔ اسی کو توسط اور اعتدال بھی کہتے ہیں۔ صاحب تمکین حق شناس ہوتا ہے اور واصل ہوتا ہے، اس لئے قابل تقلید اور مقتدا بننے کا اہل ہوتا ہے۔

سیر الی اللہ

سالک جو ابتداء میں روحانی مریض ہوتا ہے، علاج کے لئے مرشد کامل کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور اس میں اطلاع و اتباع کے ذریعے سالک کی

روحانی بیماریاں آہستہ آہستہ دور ہو رہی ہوتی ہیں۔ یہاں تک درجہ ضرورت میں سالک کا دل ان بیماریوں سے پاک ہوجاتا ہے۔ یعنی اس کے نفس کا تزکیہ ہوجاتا ہے جس کی طرف قرآن میں اشارہ ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا یعنی بے شک جس نے نفس کو پاک کیا، کامیاب رہا۔ اس کے ساتھ سالک کا قلب اخلاق حمیدہ سے آراستہ ہوا یعنی اس میں تواضع، اخلاص، تفویض، حب الٰہی وحب رسول ﷺ اور انابت الی اللہ کی صفات پیدا ہوئیں اور اس میں رسوخ حاصل ہوا۔ یعنی ان صفات نے قلب میں جگہ پکڑ لی اور ان کو حاصل کرنے کی تدابیر سے آگاہی ہوئی تو کہا جاتا ہے کہ اس کی سیر الی اللہ کی تکمیل ہوئی۔ اس کے بعد سالک کو علم الیقین اور فنا، تام حاصل ہوجاتا ہے اور شیخ اس کو اکثر اجازت وخلافت دے دیتا ہے۔

سیر فی اللہ

سیر الی اللہ کے بعد قلب کے اندر تزکیہ اور تقویٰ سے ایک خاص جلاء اور نور پیدا ہوتا ہے اور سالک برابر قلب کو ماسواء اللہ سے فارغ کرتا رہتا ہے تو حق تعالیٰ کی ذات وصفات اور افعال نیز حقائق کونیہ اور حقائق اعمال شرعیہ سالک کے دل پر منکشف ہوجاتے ہیں، جس سے اس کا خالق کے ساتھ قرب میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور وہ عین الیقین سے حق الیقین تک سفر کرتا رہتا ہے، اس کو سیر فی اللہ کہتے ہیں جس کی کوئی حد نہیں جتنا حصہ جس نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنی استعداد کے مطابق پایا، وہ اس کا حصہ ہے۔ موت تک سالک کی یہ سیر جاری رہتی ہے اور تفرید اور تجرید کے ذریعے قرب میں ترقی کرتا رہتا ہے۔ اس میں چاہے شیخ سے مُرید بڑھ جائے۔ یہ بھی ممکن ہے۔ اس تمام تفصیل سے یہ بات نوٹ کرنی چاہیے کہ بعض کتابوں میں سیر فی اللہ کے بعد بھی دو سیر لکھی گئی ہیں لیکن حقیقت میں یہ سیر فی اللہ کا ہی حصہ ہیں۔ ان کو الگ بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ جہاں تک شیخ کی نگرانی میں سالک کے سلوک طے کرنے کا تعلق ہے وہ سیر الی اللہ ہے جس کا جاننا ضروری ہے۔ سیر فی اللہ سالک اور اللہ کے درمیان کا معاملہ ہے جس کے بارے میں ارشاد ہے

میان عاشق ومعشوق رمزے ست
کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

چاہے کسی کو اپنے جمال کے مشاہدہ میں مستغرق کردے جو اصطلاح میں "مُسْتَهْلِكِيْن" کہلاتے ہیں یا ان کو مخلوق کی اصلاح پر مامور کرکے صفت بقاء سے متصف کردے جو اصطلاح میں راجعین کہلاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے جو بھی فیصلہ فرمادے۔ راجعین کو مرشدین بھی کہتے ہیں۔ ان کے ظاہر کو عام مخلوق سے خلط ملط کرکے ان کے ذریعے احکام شرعیہ لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔

علم الیقین

اس کی مثال ایسے ہے کہ جیسے مستند طریقوں سے کسی کو پتہ چلے کہ زہر سے آدمی مرتا ہے اور آگ اشیاء کو جلاتی ہے۔

عین الیقین

اس کی مثال ایسے ہے کہ جیسے کوئی کسی چیز کو آگ سے جلتا ہوا دیکھتا ہے یا زہر سے مرتا ہوا دیکھتا ہے۔

حق الیقین

اس کی مثال ایسے ہے کہ جیسے خود پر کوئی چیز گزرتی ہے جیسے آگ سے جلا یا زہر سے مرنے لگا تو اس کے لئے وہ حق الیقین ہے۔

وزن 250 گرام
قیمت 750 روپے
عجوہ پیسٹ
لاجواب۔ بے مثال
شہد بیری، عجوہ کھجور، عجوہ گھٹلی، کلونجی اور زعفران سے تیار کیا گیا
● غذا بھی، شفا بھی ● دل کو تقویت دیتا ہے ● اعصابی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے ● جوڑوں کے درد میں مفید ہے ● دل کے جملہ امراض کے لیے انتہائی کامیاب نسخہ ● طب نبوی ﷺ کے اصولوں کے عین مطابق تیار کیا گیا ہے
مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

صحت، اسلامی نام اور آپ کی مشکلات کے حل پر مجرب کتب

صحت بنائیں

کتاب کا نام	قیمت
دودھ سے علاج	40
سرخ مرچ اور دہی سے علاج	40
کالی مرچ سے علاج	40
زیتون اور انجیر سے علاج	36
گھر کا دواخانہ	40
طبی ٹوٹکے	24
بادام سے علاج	24

صحت بنائیں

4000 آسان گھریلو ٹوٹکے	40
3000 آسان گھریلو ٹوٹکے	40c
مجربات بوعلی سینا انمول ٹوٹکے	60
لقمان حکیم	40
حکیم کا تھیلا	30
لیکوریا	36
بانجھ پن	36
ایڈز	24
آسان ورزشیں	60
صحت اور زندگی	45
کینسر (سرطان)	24
سردرد اور اعصاب شکنی	24
جڑی بوٹیوں سے علاج	50
خشک میوہ جات سے علاج	36
سبزیوں سے علاج	50
شہد سے علاج	40
پھلوں سے علاج	60
تندرستی ہزار نعمت ہے (پاکٹ)	15
باڈی بلڈنگ سیکھیے	50
30 دن میں موٹاپا ختم	60

ڈپریشن اور گھٹھیا جوڑوں کا درد	50
امراض قلب	24
ہائی اور بلڈ پریشر	50
ہیپاٹائٹس (کالا یرقان)	24
کولیسٹرول	36
ذیابطیس (شوگر)	50
کلونجی سے علاج	50
زیتون کے تیل سے علاج	36
کرکٹ کھیلنا سیکھیے	60
کرکٹ کوئز	60
جوڈو کراٹے	40
گھریلو ٹوٹکے	30
گھریلو چٹکلے	50
زبیدہ کے ٹوٹکے	40
صائمہ کے ٹوٹکے	30
یوگا سے خوبصورت بدن	60
چہرہ شناسی	60

اسلامی نام

بچوں کے اسلامی نام فائن ٹائٹل اور فائن پیپر (4 ٹائٹل)	110
اسلامی ناموں کا انسائیکلوپیڈیا	60
بچوں کے اسلامی نام (2 ٹائٹل)	100
بچوں کے اسلامی نام بمعہ عقیقہ وختنہ کی شرح (2 ٹائٹل)	70
نومولود بچوں کیلئے خوبصورت اسلامی نام (2 ٹائٹل)	80
بچوں کے اسلامی نام بمعہ اسم اعظم	60

بچوں کے اسلامی نام ستاروں کی روشنی میں (2 ٹائٹل)	100
بچوں کے اسلامی نام انگلش سپیلنگ کے ساتھ	80
بچوں کے اسلامی نام (پاکٹ سائز) (2 ٹائٹل)	30

آپ کی مشکلات کے حل

اسم اعظم سے مشکلات کا حل	50
اسمائے نبوی سے مشکلات کا حل	50
سورۂ فاتحہ سے مشکلات کا حل	50
سورۂ بقرہ سے مشکلات کا حل	50
سورۂ یٰسین سے مشکلات کا حل	50
سورۂ مزمل سے مشکلات کا حل	50
بسم اللہ سے مشکلات کا حل	50
اعوذ باللہ سے مشکلات کا حل	50
نادعلیؓ سے مشکلات کا حل	50
سورۂ فلق سے مشکلات کا حل	50
سورۂ ناس سے مشکلات کا حل	50
سورۂ اخلاص سے مشکلات کا حل	50
سورۂ کافرون سے مشکلات کا حل	50
سورۂ کوثر سے مشکلات کا حل	50
درود شریف سے مشکلات کا حل	50
سورۂ انعام سے مشکلات کا حل	50
نماز اور وظائف سے مشکلات کا حل	50
دعائے گنج العرش سے مشکلات کا حل	50
لوح قرآنی سے مشکلات کا حل	50

+maktabatulaarif 0323-4487877 042-35410586
مکتبۃ العارف دارالعمل لاہور پاکستان
0332-4487877 +maktabatulaarif darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
goo.gl/xJ9AKu علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات

علاج بالقرآن

مرتب مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

سوائے موت کسی آفت سے امن

جاننا چاہئے کہ سورۂ فاتحہ کے خواص عجیبہ ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور معوذتین سوتے وقت پڑھے تو وہ سوائے موت کے ہر طرح کی آفات ارضی وسماوی سے امن میں رہے گا۔

قضائے حاجات کے لیے

کسی بھی حاجت کے لیے مندرجہ ذیل آیت مبارک کو چار ہزار چار سو ننانوے (4499) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

آیت مبارک یہ ہے: سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ (یٰسٓ:۵۸)

چوروں سے حفاظت کے لیے

جو شخص سوتے وقت مندرجہ آیت کو پڑھے اور سو جائے ان شاء اللہ وہ چوروں سے محفوظ رہے گا۔ آیت یہ ہے:

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۹﴾ (یٰسٓ:۹)

زندگی میں کبھی مفلس نہ ہو

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ (البقرۃ:۱۱-۱۵)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز عشاء 7 مرتبہ پڑھے گا، وہ زندگی میں کبھی مفلس نہ ہوگا۔

میاں بیوی کے دل میں محبت پیدا ہو

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَاۗءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاۗءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ﴿۱﴾ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ﴿۲﴾ (النسآء:۱-۲)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز فجر 21 مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ میاں بیوی کے دلوں میں محبت پیدا فرمائیں گے۔

قرض ادا ہو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَاۗءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾

(بقیہ ص 7)

درود شریف کے ذریعے مسائل کے روحانی حل

مرتب: مولانا حکیم سلیم اللہ (ناظم روحانی درس گاہ)

ظاہری و باطنی غنا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

یہ حضرت لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کا فرمودہ ہے۔ گیارہ سو (1100) بار اس کو ایک چلہ تک پڑھتا رہے۔ ظاہری باطنی غنا حاصل ہوگا۔ توجہ شرط ہے۔

جن، آسیب اور سانپ بچھو موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے درود شریف

صَلَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ○

فائدہ: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بدن پر دم کرلیا کرے تو جن، آسیب اور سانپ بچھو..... کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے سکے گا۔ اور نہ کوئی ظالم و سرکش اس پر غلبہ پا سکے گا۔ نیز کثرت سے اس کا ورد کرنا عجیب حفاظتی حصار کی طاقت رکھتا ہے۔

(ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۵۰)

بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات اور ناگہانی حادثہ سے حفاظت کا نایاب درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ الَّذِيْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ○ وَعَلٰى اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّاَزْكٰى سَلَامٍ وَّاَنْمٰى بَرَكَةٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَزِنَةَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَمِلْئَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ كَذَالِكَ كُلِّهٖ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّاَزْكٰى سَلَامٍ وَّاَنْمٰى بَرَكَاتٍ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَصْحَابِ كُلٍّ مِّنْهُمْ وَالتَّابِعِيْنَ ○ وَعَلٰى كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ فِي الْعَالَمِيْنَ ○ وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ○ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ○ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ○ وَارْحَمْنَا اِلٰهَنَا بِحُرْمَتِهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○ وَاشْفِنَا وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ ○ وَاعْفُ عَنَّا ○ وَعَامِلْنَا بِلُطْفِكَ الْجَمِيْلِ ○ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۲۶)

مال و جان کی حفاظت

جو شخص سوتے وقت ایک سو (100) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے مال و جان کو ہمیشہ حفاظت میں رکھے گا۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ۔

چوری، خوف، حادثات سے حفاظت کے لیے

جس شخص کو چوری کا ڈر ہو یا کسی قسم کا خوف ہو تو اس درود کو ورد زبان رکھیں، ان شاء اللہ حفاظت ہوگی۔

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ

خوف و حادثات سے حفاظت کے لیے

درود خضری کے بھی بے شمار فوائد ہیں اور اسی طرح خوف و حادثات سے حفاظت کیلئے بہت مجرب ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

کشائشِ رزق سے متعلق اولیاء اللہ کے ارشادات

مولانا حکیم ابرار الحسن قمر مدظلہ

حضرت شیخ شبلیؒ نے ابوعلی الثقفیؒ کے بارے میں ان کے کسی ساتھی سے پوچھا کہ ''وہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے کون سے اسمِ گرامی کا زیادہ ورد کرتے ہیں؟'' بتایا گیا: اسم پاک ''الوھاب'' تو شیخ شبلیؒ نے فرمایا: ''یہی وجہ ہے کہ ان کے پاس مال و دولت کی فراوانی ہے''۔ (صعادۃ الدارین)

شیخ احمد زروقؒ فرماتے ہیں: ''جو شخص معاشی تنگی میں مبتلا ہو اور بظاہر مایوس ہو چکا ہو، وہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک ''المغنی'' روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ غنی ہو جائے گا اور اگر دس جمعرات تک ہر شب جمعہ دس ہزار مرتبہ اس کا ورد کرے تو جلد ہی اس کا اثر ظاہر ہوگا۔''

(صعادۃ الدارین)

حضرت شیخ سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ کے اسم پاک ''البدیع'' کا ورد کرنے سے رزق میں وسعت آتی ہے، قدر و منزلت میں اضافہ ہوتا ہے اور معاشی خوشحالی نصیب ہوتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ اس کے ورد پر مواظبت کی جائے۔'' (الاربعین الاوریہ)

اللہ تعالیٰ کے اسم پاک ''اَلْوَکِیْلُ'' کے خواص بیان کرتے ہوئے علامہ یوسف النبہانیؒ لکھتے ہیں: ''جو شخص اسم الٰہی ''اَلْوَکِیْلُ'' کا ورد کرے، وہ معاشی پریشانیوں اور تکلیفوں سے محفوظ رہے گا۔ اس کی حاجتیں پوری ہوں گی اور اس کے لئے رزق میں خیر و برکت کے دروازے کھل جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ کے اسم مقدس ''مَالِکُ الْمُلْکِ'' کا وظیفہ اپنا معمول بنا لیجئے اور اسے ہمیشہ پڑھتے رہیئے۔ خدائے قدوس مال و دولت کی فراوانی بخشے گا اور اپنے فضل و کرم سے غنی کر دے گا۔ (صعادۃ الدارین)

جو شخص چالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ اسم الٰہی ''اَلْعَزِیْزُ'' کا ورد کرے، اللہ تعالیٰ مشکلات میں اس کی مدد کرے گا، اسے عزت بخشے گا اور اسے مخلوق میں کسی کا محتاج نہیں ہونے دے گا۔ (صعادۃ الدارین)

حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادیؒ کثرت مال اور معاشی خوشحالی کے لئے روزانہ ایک ہزار مرتبہ ''یاحی یاقیوم'' پڑھنا تجویز فرماتے ہیں۔

(مرقع تجلیی)

شیخ احمد زروقؒ فرماتے ہیں: ''جو آدمی اپنے رزق میں وسعت چاہے، وہ نماز فجر سے پہلے اپنے گھر کے ہر کونے میں اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ''اَلرَّزَّاقُ'' دس بار پڑھ کر پھونکے۔ دائیں طرف سے شروع کرے اور قبلہ رخ کھڑے ہو کر پڑھے۔'' (صعادۃ الدارین)

کاروبار میں ترقی، خیر و برکت اور روزگار میں بہتری کے لئے اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ ''یامُعْطِیُ'' اور ''یاشَکُوْرُ'' کا ورد اکسیر ہے۔

حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑویؒ نے رزق کی فراوانی اور معاشی خوشحالی کے لئے تجویز فرمایا ہے کہ: ''نماز عشاء میں فرض کے بعد دو رکعت سنت اور وتر کے درمیان ایک ہزار مرتبہ ''یاوَھَّابُ'' کا وظیفہ کرنا چاہئے۔

(الفتوحات مہریہ)

مجرب المجرب اوراد و وظائف، عملیات و طلسمات کا خزانہ جو آپ کو عامل کامل بنا دے گا

1 اعمالِ بنگالہ قیمت 4500 روپے

علوی و سفلی عملیات اور ماہر منتروں کا بے حد انگیز خزانہ فوٹو سیٹ

مولف پیر سید صفدر شاہ بخاری، پیر سید احمد مجتبیٰ بخاری صفحات (233)

◆ حب کے فوری اثر اعمال ◆ بندش لگانے کے زبردست منتر ◆ بندش کھولنا ◆ من پسند شادی ◆ عمل سورۂ کوثر ◆ جدائی ڈالنے والے عمل ◆ وسعت رزق ◆ عمل آسراء ◆ حاضری جمیلہ پری ◆ سرمہ پرکشش ◆ عمل مندرہ ◆ وسعت غیب ◆ سورۂ فیل و سورۂ یٰسین کے عمل ◆ تسخیر قلوب ◆ زبان بندی ◆ سحر جادو ختم ◆ دشمن کو جوتے مارنا ◆ بیماری کا علاج ◆ منتر بواسیر ◆ ہلاکت دشمن ◆ عمل مندرہ محمدی ﷺ ◆ مکان و دکان کی بندش ختم ◆ رجعت ختم ◆ جنات سے مکان خالی کرانا ◆ رہائی قیدی ◆ حفاظت کا حصار ◆ تسخیر جنات ◆ غیب ہونا ◆ مندرہ مجرب کامل ◆ رجعت و نحوست سیارگان ◆ حاضری مطلوب ◆ قرباندھنا ◆ عمل باندھنا ◆ کاروباری بندش کھولنا ◆ حاضرات پری ◆ جنات دیکھنا ◆ حاضری بنت ابلیس ◆ حاضری چنتی ◆ حاضری شہزادہ جن بچہ ◆ بادشاہ جنات ◆ بادشاہ موکلات ◆ تسخیر ابلیسی سفلی ◆ چنڈالی ◆ بھیروں ◆ کالی دیوی ◆ بنات خناس ◆ عبید اسود ◆ شہوش جن ◆ ہاروت و ماروت ◆ تخت سلیمان ◆ ناروش پری ◆ بلقیہ ہولہ ◆ عبداللہ کوتوال ◆ کالی پری ◆ بابا حقے والا ◆ بھوت ◆ موہن بیر ◆ نارسنگھ ◆ عداوت ◆ بندش اور ہر مقصد کیلئے نوری و سفلی اعمال وغیرہ

2 میرے 50 روحانی و سفلی مجربات قیمت: 1080 روپے

مولف بابا سلطان قادری قلندری صفحات (48) فوٹو سیٹ

◆ عمل کشف استخارہ ◆ خواب میں کسی بات کی خبر لینا ◆ جادو کا علاج ◆ لاعلاج امراض کا علاج ◆ خاتمہ بیماری ◆ مرگی سے شفاء ◆ جلد سے جنات و آسیب ختم کرنا ◆ ارسال ہاتف برائے محبت ◆ محبت کا مجرب عمل ◆ طلسم محبت ◆ فوری حاضری کیلئے ◆ حاضری مطلوب کا صدیہ عمل ◆ عمل مندرہ برائے محبت ◆ حب و تسخیر خلق ◆ کسی کو محبت میں بیتاب کرنا ◆ عمل حب خوف بھاگے ◆ عمل حب شدید مرچ والا ◆ عمل بامیکل حاضری مطلوب ◆ عمل سورۂ اخلاص حاضری مطلوب ◆ عمل حب فوری اثر ◆ میاں بیوی میں پیار بڑھانا ◆ طلسم برائے محبت ◆ مطلوب کی تصویر والا عمل ◆ عمل حب کالی مرچ ◆ عمل محبت سفلی ◆ بندش لگانا ◆ سورۂ رحمٰن کے خادم کی حاضری ◆ عمل بنگالی ◆ برائے حاضری ◆ شادی کیلئے منتا ◆ سات دن میں مطلوب حاضر ◆ شادی کی رکاوٹ ختم کرنا ◆ عمل زبان بندی ◆ ہر طرح کی بندش ختم کرنا ◆ دشمن کی سازش سے محفوظ ◆ ہر قسم کی بندش لگانا ◆ زبان بندی والی انگوٹھی ◆ عمل معلومات الٹری وڈراء ◆ عمل حاضرات ◆ حاضری کا چلہ ◆ عمل حاضرات نوری ◆ عمل جانی دشمن ◆ عمل گیدڑ سنگھی مطیع کرنے کا ◆ منتر کاجل ◆ حاضری جن ◆ اپنے بس میں کرنے کا منتر ◆ بنگالی جنتر ◆ بھوت سے کام لینا اور دور دراز کی خبریں منگوانا ◆ حاضری حسین و جمیل پری جو چوبیس گھنٹے میں کام کرتی ہے ◆ خوفناک چڑیل کی حاضری جو ڈر گیا وہ مر گیا ◆ بھوت پریت چڑیل کو بھگانے والا عمل

3 کتاب الالواح (مکمل 2 حصے) مولف فیصل حمید نقشبندی قادری

مکمل سیٹ کامل 2 جلد قیمت: 5000 روپے صفحات (346) فوٹو سیٹ

سونے۔ چاندی۔ تانبہ۔ لوہے اور کاغذ پر بنانے والی نایاب اور مجرب ترین الواح کا نادر مجموعہ

حصہ اول قیمت: 2500 روپے حصہ دوم قیمت: 2500 روپے

حصہ اول

◆ لوح شمس تسخیر ◆ طلسم تحفظ غلبہ ◆ تسبیح موکل ◆ طلسم خاتم قمر ◆ لوح قمری اسمائے حسنیٰ ◆ لوح طلسم عطارد ◆ لوح زہرا ◆ لوح طلسم مریخ ◆ مشتری، زحل ◆ لوح تسخیر محبت ◆ لوح ردنحوست سیارگان ◆ لوح سیدہ فاطمہؓ ◆ لوح یاسین شریف ◆ لوح سلیمانی ◆ لوح شفاء ◆ الواح حروف مقطعات ◆ لوح تدارک جادو ◆ لوح نقش ◆ اسم حضرت علیؓ ◆ لوح اسماء الحسنیٰ ◆ لوح نور خاص الخاص برائے شادی ◆ لوح رحمان عالی شان ◆ لوح رزق مصطفائی ◆ لوح اسم ذات اللہ ◆ لوح درود شریف ◆ لوح تسخیر اکبر ◆ لوح حب شدید ◆ لوح بخت کشائی رکاوٹ ◆ محبت شادی ◆ لوح حفاظت ◆ لوح محبت دائمی ◆ لوح شفاء امراض ◆ الواح بروج سیارگان ◆ استخارے ◆ نقوش صدری ◆ مجرب اوراد و وظائف ◆ وسعت رزق ملازمت ترقی ◆ بندش رشتہ ◆ کاروباری بندش ◆ معاشی تنگی ◆ بیرون ملک سفر ◆ نقش ناد علیؓ ◆ قسمت بنانے والی انگوٹھیاں ◆ لوح حب الودود ◆ چوری شدہ مال کی واپسی وغیرہ

حصہ دوم

نقش برائے تعلیمی شوق ◆ جادو کا اثر و بندش ختم ◆ سختی و غم سے نجات ◆ جادو کی کاٹ ◆ ذیابیطس ◆ رشتہ کی بندش ختم ◆ کوکھ بندی کھولنا ◆ اولاد نیکی قرض و بندش کاروبار ◆ تسخیر ہمزاد ◆ لوح مجرد ہر مرض ◆ آسیب ◆ عداوت کروانا ◆ لوح برائے قوت ذہن امتحان ◆ ترقی و رزق و برکت ◆ حاضری مطلوب ◆ دولت کے انبار ◆ عمل وسعت غیب ◆ امتحان میں کامیابی کیلئے ◆ دل کے امراض سے حفاظت ◆ ہر مشکل پریشانی ختم ◆ جادو شکن ◆ مفرور کیلئے عمل ◆ زبان بندی ◆ چند خاص الخاص مجرب وظائف ◆ الواح خوش بختی ◆ الواح معہ موکلات بروح و سیارگان بمعہ مبارک نگینہ ◆ مجرب استخارے ◆ لوح مقبولیت اور حصول مال ◆ لوح نورانی ◆ لوح غلبہ بر دشمن ◆ لوح جذب القلوب فتوحات ◆ لوح منزل مراد ◆ لوح برائے آمد و حاجات ◆ لوح حب و تسخیر ◆ لوح ہزاری ◆ تسخیر عالم ارواح ◆ سفلی و علوی ◆ لوح تسخیر ◆ لوح آسانی ◆ لوح مطلوب و حاضر و اطاعت ◆ لوح قوت وطاقت ◆ لوح عقد السان ◆ زبان بندش دشمن ◆ لوح تسخیر مطلوب ◆ لوح پوشیدہ ◆ لوح فتح ◆ لوح پنجتن پاک ◆ لوح حب شدید و تسخیر ◆ لوح زیارت رسول پاک ﷺ ◆ لوح آفتاب ◆ فتح نامہ عظم

مکتبۃ العارف دار العمل الشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877 042-35410586 +maktabatulaarif
0332-4487877 +maktabatulaarif

مجرباتِ جمیلی

فقیر حکیم حافظ جمیل احمد جمیل حاصل سکندرپوری رحمہ اللہ

شناخت مرض

اس نقش کو کورے سکورے پر لکھ کر کالی سیاہی سے مریض کے سر سے پیر تک سات (۷) مرتبہ اتار کر آگ میں ڈالے۔ اگر حروف سرخ ہو جائیں تو آسیب جوگنی کا ہے اور اگر سفید ہوں تو سحر جادو ہے اور اگر سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے۔ اگر غائب ہو جائیں تو آسیب قوی ہیکل ہے۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

للرطہ	عوطہ
عوطہ	للرطہ

بیمار صحت یاب ہوگا یا نہیں؟

مشک وزعفران سے اس عزیمت کو کاغذ پر لکھ کر کسی برتن میں پانی لے کر ڈالے۔ اگر پانی میں کاغذ رواں ہو جائے تو بیمار صحت یاب ہوگا۔ اگر پانی میں ڈوب جائے تو بیمار ٹھیک نہ ہو بلکہ فوت ہو جائے اور اگر کنارے لگ جائے تو عمر دراز (لمبی) ہووے۔

وہ عزیمت یہ ہے:

۷۱ ۱۱۱ طح ۱۱ ۱۱ ۹

۷۱ ۱۱۱ طح ۱۱۱۱۱ع درد

برائے رد رجعت

اگر کسی کا کوئی عمل خراب ہو گیا ہو اور اس کی رجعت ونحوست میں مبتلا ہو یا سحر جادو ٹونہ کی مصیبت میں مبتلا ہو تو تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھے، ان شاء اللہ اکیس (۲۱) روز کی مداومت سے رجعتِ عمل اور سحر ونحوست اور بلائے ناگہانی ومصیبت دور ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَبِهٖ نَسْتَعِيْنُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ. صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ.

برائے ترقی رزق

اس درود شریف کو بعد ہر نماز ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ برسر روزگار رہوگا اور خیر وبرکت حاصل ہوگی۔ وہ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ.

برائے ترقی

بعد نماز ظہر، اکیس (۲۱) مرتبہ روزانہ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ پڑھے۔

برائے ترقی

بعد نماز فجر پچیس (۲۵) مرتبہ اِذَا جَآءَ پڑھے، ان شاء اللہ روزگار میں کشادگی ہوگی۔ مجرب ہے۔

برائے ترقی

بعد نماز فجر آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ دو ہزار تراسی (۲۰۸۳) مرتبہ روز پڑھے، چالیس روز تک۔ ان شاء اللہ دوکانداری، کاروبار میں ترقی، وسعت اور خیر وبرکت ہوگی۔ مجرب ہے۔

برائے ترقی روزگار

اس نقش کو لکھ کر گلے میں یا بازو میں باندھے یا غلہ میں رکھے یا خوشخط لکھ کر دوکان میں لگائے، ان شاء اللہ خیر وبرکت ہوگی۔ مجرب ہے۔

یارزاق	یافتاح	یاباسط	یاوھاب
یافتاح	یاباسط	یاوھاب	یارزاق
یاباسط	یاوھاب	یارزاق	یافتاح
یاوھاب	یارزاق	یافتاح	یاباسط

قرآنی دعائیں

صوفی محمد ندیم محمدی

جب سواری سے اترے تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿٢٩﴾

(المؤمنون:۲۹)

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے برکت کا اتارنا اتاریو۔ اور تو سب اتارنے والوں سے اچھا ہے۔

ف: جب گاڑی، ریل، بس، سکوٹر، کار، رکشا، جہاز، گھوڑا اور تانگہ وغیرہ سے اترے تو یہ دعا پڑھے۔

جب سواری پر بیٹھے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٤﴾ (الزخرف:۱۳-۱۴)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی ذات پاک منزہ مقدس اور بے عیب ہے جس نے اس سواری کو ہمارے ماتحت کر دیا ورنہ ہم اسے مسخر و مطیع کرنے والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف پلٹنے والے ہیں۔

ف: حضرت علیؓ کے لیے سواری لائی گئی تو آپ نے بسم اللہ شریف پڑھ کر اس کی رکاب (پائیدان) پر پیر رکھا۔ جب اس کی پیٹھ پر پوری طرح جم کر بیٹھ گئے تو کہا الحمد للہ۔ پھر مذکورہ بالا آیت مبارکہ پڑھی۔ پھر تین دفعہ الحمد اللہ پڑھا اور تین دفعہ اللہ اکبر پڑھا پھر۔

سُبْحَانَكَ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ پڑھا۔

پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ اسی طرح سواری کیا کرتے تھے۔

(رواہ ترمذی و ابوداؤد و نسائی و ابن ماجہ و کذا فی الحصن الحصین ص ۲۱۴)

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٤١﴾

(ھود:۴۱)

ان الفاظ کو بھی ساتھ ملا کر پڑھا جائے۔ تو سفر کے دوران آفتوں سے محفوظ رہے۔

شیطان کے وسوسے سے بچنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ (المؤمنون:۹۷-۹۸)

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میں شیاطین کی چھیڑ چھاڑ سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ یہ میرے پاس آئیں۔

ف: یعنی ایسا کر دے کہ شیطان میرے قریب بھی نہ آئے، وسوسہ ڈالنا تو کجا۔ حدیث شریف میں ہے کہ سوتے وقت جب آدمی بدخوابی سے گھبرائے تو یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنی اولاد میں سے جو جوان ہوتا، اس کو یہ دعا سکھا دیتے کہ سوتے وقت پڑھا کرے اور جو بچہ ہوتا تو یہ دعا لکھ کر اس کے گلے میں لٹکا دیتے۔ قرآن و حدیث کی یہ دونوں دعائیں ملا کر پڑھنی چاہئیں۔

روحانی درسگاہ کی طرف سے اہم اعلان

- عمل یا کورس کا جو بھی ہدیہ لیا جائے گا عمل ملنے کے بعد ناقابل واپسی ہوگا۔
- عمل ملنے کے بعد اس عمل کو کسی دوسرے عمل سے تبدیل نہیں کیا جائے گا۔ ناہی رقم دار العمل کے کسی دوسرے شعبے میں منتقل ہوگی۔
- عمل لینے سے پہلے روحانی درسگاہ کے ناظمین سے مشورہ کر لیں۔ (انتظامیہ)

تمام مشکلات کا حل بذریعہ نقوش و ورد و وظائف

مولانا حسن الہاشمی صاحب (دیوبند، انڈیا)

نیاز حضرت اصحاب کہفؓ

اصحاب کہف جن کا ذکر قرآن مجید سورۂ کہف میں موجود ہے۔ اگر آپ کسی مشکل میں آجائیں یا کسی نیک خواہش کی تمنا رکھتے ہوں تو اصحاب کہفؓ کی نیاز مان لیجئے۔ اللہ نے چاہا تو آپ کی مراد بر آئے گی۔ اور جب آپ کا مقصد پورا ہو جائے تو نذر و نیاز کی صورت میں توشہ کیجئے۔ نہ کرو گے تو نقصان اٹھاؤ گے۔ توشہ میں اچھے دودھ کی کھیر اور خالص گھی میں بکرے کا گوشت اور روٹیاں پاک وصاف ہو کر پکانا ہوگا۔ سات متقی اور پرہیزگار مردوں کے علاوہ ایک کتے کو دعوت کھلانی ہوگی۔ اگر کتا سیاہ رنگ کا ہو تو مناسب ہے۔ آپ یہ کہہ کر کتے کے سامنے لونگ پھینکیں کہ آپ کو آج مغرب کے بعد حضرت اصحاب کہف رضی اللہ علیہم کے توشہ کی نیاز کھانے کی دعوت ہے۔ اگر کتے نے لونگ کھالیا تو وقت مقررہ پر نیاز کھانے ضرور آئے گا۔ بشرطیکہ دروازے کھلے ہوں۔ توشہ کے کھانے میں پرہیزگار اشخاص ہڈی کو منہ نہیں لگاتے۔ ان کا بچا ہوا اور کچھ اچھا کھانا کتے کو پیٹ بھر کر نفاست کے ساتھ کھلائیے۔ اس لئے کتا اس نیاز کو کھانے کے لئے نہا دھو کر آتا ہے۔ اصحاب کہف رضی اللہ عنہ کا یہ عجیب و غریب کرشمہ ان لوگوں کے لئے ایک تازیانہ ہے جو کہ بزرگان دین کی عظمت و حرمت کے قائل نہیں ہیں۔ دعا اس طرح مانگیے ''یا اصحاب کہفؓ آپ اللہ کے محبوب و مستجاب بندے ہیں۔ لہٰذا میں آپ سے اللہ، اللہ کے رسول کے واسطے عرض کرتا ہوں کہ آپ دعا کیجئے کہ میری (فلاں) مراد پوری ہو جائے۔ اگر میرا یہ کام ہو گیا تو میں نذر اللہ آپ کا توشہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں حضرت اصحاب کہفؓ کے متعلق فرماتا ہے۔

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا (سورۂ کہف آیت نمبر ۹) ترجمہ:۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ غار اور کھوہ والے (اصحاب کہفؓ) ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے۔

اگر کسی جگہ سے جنات کا اثر زائل کرنا ہو تو اصحاب کہفؓ کے نام لکھ کر لگا دو، کھیت کے چاروں کونوں پر اصحاب کہفؓ کا نام لکھ کر دفن کرنا باعث برکت ہے۔ ولادت کے وقت اصحاب کہفؓ کا نام لکھ کر حاملہ کی داہنی ران میں باندھنے سے مشکل آسان ہو جائے گی۔ (اسلام حقیقت الحال)

اصحاب کہفؓ کے نام یہ ہیں۔ (۱) مکسلمینا (۲) مشلمینا (۳) تملیخا (۴) کتطونس (۵) صرطونس (۶) بیرونس (۷) تملیخا (۸) کلب اسمہ قطمیر

ایک خاص راز اور عمل

حضور علیہ السلام نے اپنی وفات مقدس سے قبل حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو سپہ سالار بنا کر ایک لشکر جرار بقاء کی سمت روانہ کیا تھا۔ اس لشکر میں حضرت عمرؓ بھی بطور ایک سپاہی کے شامل تھے۔ یہ لشکر سات سو صحابہ پر مشتمل تھا۔ اس وقت اسلام پر ایک زلزلہ طاری تھا۔ اس لئے کہ حضور علیہ السلام کی وفات کی خبر ملتے ہی اکثر قبیلے اسلام سے منحرف ہو گئے تھے اور سچ تو یہ ہے کہ اس وقت مسلمانوں کا بڑا حصہ نرغہ میں گھر گیا تھا۔ ایک خاص حصہ تھا جو دین حق پر قائم رہا تھا، یہ بالکل حق ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے وہ مجاہد ہیں جنہوں نے اسلام کی بنیاد تحت الثریٰ تک پہنچا دی۔

مجھے اس وقت تاریخی حیثیت سے یہاں بحث مقصود نہیں بلکہ ایک خاص عمل تک یہ واقعہ محدود ہے۔ جب تم کسی کام کا افتتاح کرو مثلاً کوئی نئی دکان کھولو یا کوئی شے تجارت کے طریق پر خریدو یا کوئی مقدمہ دائر کرو یا سفر کرو یا کسی خاص مقصد کے لئے کسی افسر سے ملاقات کرنے جاؤ غرضیکہ ہر کام کو شروع کرو تو یہ عمل کرو کہ سب سے پہلے شیرینی پر طہارت اور آداب کے ساتھ فاتحہ دو اور اس کا ثواب حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی روح

مقدس پر پہونچادو اور خدا سے دعا کرو کہ الٰہی برکت نفس قدسیہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سپہ سالار لشکر اسلام غیب سے میری مدد فرما۔ لیکن شیرینی کا وزن سات کلو پر ہو۔ یعنی ساتھ چھٹانک، سات پاؤ، سات سیر، سات من کم از کم سات تولہ اور زیادہ سے زیادہ سات من تک ہوسکتا ہے۔ بعد فاتحہ یہ شیرینی سات معصوم بچوں کو تقسیم کردو اور خدا پر توکل کرتے ہوئے اس کام کو شروع کردو اور اسی دن سے سات سو مرتبہ روزانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم باوضو طہارت سے پڑھا کرو۔ یہ عمل صرف سات یوم کرنا چاہئے، خدا چاہے تو غیب سے مدد ہوگی اور وہ کام حسب منشاء کامیابی پر ختم ہوگا۔

تعویذ اختلاج

دل دھڑکنا، اختلاج قلب ہے یا کسی خاص وجہ سے دل بے چین ہے۔ دل پر غم چھایا ہوا ہے۔ یہ عمل بہت ہی بااثر ہے۔ ہزار مرتبہ آزمایا کم وبیش صحیح پایا۔ یہ نقش باوضو زعفران یا ہلدی کے پانی سے لکھو اور موم جامہ کرکے اپنے بازو پر باندھو۔ دوسرے دن یہ ہی نقش چینی کی طشتری پر زعفران یا ہلدی کے پانی سے لکھو اور گلاب سے دھو کر پی لو۔ پانی صرف تین دن پیو مگر باز و والا نقش بازو پر رہے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

س	ل	ا	م
ق	و	ل	ا
م	ن	ر	ب
ر	ح	ی	م

خدا کے حکم سے دل کی دھڑکن دور ہوگی۔ اور جو وجہ غم کی ہے وہ غم بھی خدائے تعالیٰ دور کریں گے۔


اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
12-3-20 17:41	12-3-20 19:18

دشمن کو شکست دینا

اگر آپ کی کسی سے لڑائی ہو جائے اور معاملہ بہت بڑھ جائے، تھانہ کچہری تک بات پہنچ جائے اور معاملہ سنبھل نہ رہا ہو اور سامنے والا ظالم ہو اور آپ مظلوم تو یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، غیبی مدد ہوگی اور آپ کا مخالف شکستِ فاش کھائے گا۔ یہ عمل ایسے عاملین اور جادوگروں کے خلاف بھی کیا جاسکتا ہے جو مسلسل عمل کر رہے ہوتے ہیں اور ایسے دشمنوں کے خلاف بھی جو مسلسل عمل کروا رہے ہوتے ہیں۔

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ہبوطِ قمر کے وقت میں اس آیت کے اعداد میں دشمن کے نام اور اس کی والدہ (والدہ معلوم نہ ہو تو والد) کے اعداد جمع کریں اور ''شروالی سیاہی'' سے سات مربع آتشی تعویذ تیار کریں۔ ایک مربع آبی تیار کریں۔ تین مربع خاکی تیار کریں۔

آبی تعویذ کو پانی میں گھول کر دشمن کی جگہ یا راستے میں چھڑک دیں۔ اگر کسی طرح پلانا ممکن ہو تو سونے پہ سہاگہ والی بات ہے۔

خاکی تین تعویذ کو بند کر کے ایک چلتے پانی کے کنارے، ایک وزن کے نیچے اور ایک کو پرانے قبرستان میں دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دیں۔

سات آتشی تعویذ کو سات دن روزانہ کے حساب سے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلانا ہے۔ چراغ کا رخ اندازے سے دشمن کے گھر کی طرف کر دیں۔ روزانہ ایک بتی مکمل جلانی ہے۔ سات دن تک روزانہ اسی وقت جلانی ہے، جس دن پہلی بتی جلائی تھی۔ ان شاء اللہ، سات دن بعد دشمن ہر میدان اور تدبیر میں شکست کھائے گا۔

لوح شرف مریخ

محمد شہزاد (ویرالہ)

شرف مریخ کا ٹائم مارچ شام **5:07** بجے سے شروع ہوگا اور **28** مارچ دوپہر **3:39** بجے ختم ہوگا۔

اللہ پاک نے ساتوں ستاروں کے اندر سات مختلف تاثرات رکھی ہیں، ان ستاروں سے ایسی شعاعیں زمین پر اثر انداز ہوتی ہیں جو گوناگوں تبدیلیاں لاتی ہیں۔ امریکہ نے جو راکٹ مریخ پر بھیجا تو اس نے تحقیق کی کہ ستارہ مریخ کی مٹی سرخ ہے اور لوہا اس کے اندر بہت زیادہ مقدار میں ہے اس لئے مریخ کی دھات کو لوہا قرار دیا گیا اور لوہے ہی کو طاقت وقوت حاصل ہے۔ خون کے اندر لوہا ایک جز کے طور پر پایا جاتا ہے، لوہے کو طاقت اس لئے حاصل ہے کہ، تیر، تلوار، نیزہ، بندق کی گولی وغیرہ لوہے کی ہی بنتی ہے، کبھی کسی بادشاہ نے سونے کی تلوار نہیں بنوائی۔ مریخ جب برج جدی کے **28** درجہ پر حرکت کرتا ہے تو اسے شرف کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے عاملین جفر اس باقوت وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہے اور ساعتوں میں مختلف عملیات والواح وتعویذات تیار کرتے ہیں۔ ایسی سلسلے میں ہم بھی آپ احباب کیلئے لوح مریخ لے کر حاضر ہوئے ہیں۔ فوائد لوح مریخ: دشمن سے حفاظت، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے دشمنوں کو شکشت دینے کیلئے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری وآسیبی امراض سے بچاؤ تحفظ اور قوت جسمانی اور قوت باہ جیسے فوائد حاصل کرنے کیلئے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ **1** خاص قسم کا تحفظ حاصل کریں گے، مختلف مردانہ امراض، مسائل ازدواجی اور جسمانی مسائل کے حل، مردانہ طاقت وصحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کیلئے یہ **1** لاجواب لوح ہے۔ یہ لوح ان کیلئے بہتر ہے جن کا کاروبار لوہے سے منسلک ہے۔ مشینوں کا کام کرنے والے اور ٹرانسپورٹ کا کام کرنے والے اگر یہ لوح کسی گاڑی میں رکھیں گے تو وہ گاڑی ان شاء اللہ حادثہ سے محفوظ رہے گی۔ منگلیک یوگ آپ نے منگلیک کا بہت ذکر سنا ہوگا، یہ بھی مریخ ہی کی کارستانی ہے۔ اگر مریخ وقت پیدائش زایچہ کے **1-4-7-8** یا **12** گھر میں ہو تو ایسا فرد منگلیک ہوتا ہے، ان کی ازدواجی زندگی بڑی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ زندگی میں شادی کا سکھ بہت کم ملتا ہے **1** سے زائد شادیاں اور گھریلو زندگی ڈسٹرب رہتی ہے تا وقت کہ اس کا کوئی حل نہ کیا جائے۔ منگلیک کا علاج بھی لوح مریخ ہے، اس کو بنا کر استعمال کرنے سے شادی جلد ہوگی اور سحر بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اس سال شرف مریخ **26** مارچ شام **5:07** بجے سے **28** مارچ دوپہر **3:39** تک رہے گا، اس دوران کسی بھی ساعت مریخ میں اس لوح کو تیار کیا جا سکتا ہے دوران تیاری لوح سندرس اور کالی مرچ کا بخور جلائیں جو احباب لوح بنوانا چاہتے ہیں تو وہ جلد ادارہ دارالعمل چشتیہ سے رابطہ کریں اور لوح مریخ حاصل کریں۔

زہرہ مشتری تثلیث کا خاص الخاص عمل

(تسخیر مستورات، حسب منشاء شادی، تسخیر ورجوع خلائق، حاضری مطلوب)

سائیں عبداللطیف دامانی (اسلام آباد)

اس کی ابتدا 27 مارچ 4 بج کر 34 منٹ اور خاتمہ 29 مارچ 2 بج کر 38 منٹ)

کروڑ بار تعریف اس رب العالمین کی جس نے عرش و کرسی اور لوح و قلم پیدا فرما کر زمین و آسمان کو پیدا کیا اور فلک کی زینت کیلئے مانند روشن قندیل کے اندر اس کے کواکب نصب فرمائے اور اوپر اس کے آفتاب و ماہتاب کا ظہور فرمایا اور ہزاروں لاکھوں درود و سلام اس نبی آخر الزمان اور آل محمد پر جسے جلوہ فروز فرما کر دین اسلام کو روشن کیا۔

محترم قارئین:۔ بعض لوگ اس بات کا گلہ شکوہ کرتے ہیں کہ اعمال کارگر نہیں حالانکہ بندہ اس کے مکمل قوائد و ضوابط اور باریکیوں سے بھی واقف ہوتا ہے۔ تو بات بالکل سیدھی سی ہے کہ

اللہ پاک کی مرضی کے بغیر ایک پتا بھی نہیں ہل سکتا، جب وہ کسی کام کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو ارشاد ہوتا ہے : کن فیکون: بس ہو جا تو وہ کام ہو ہی جاتا ہے۔ اور جس کام میں اس کا ارادہ شامل نہیں ہوتا تو وہاں ایک عمل تو کیا سارا جہاں بھی اکٹھا ہو جائے ناممکن ہے کیونکہ اس کام میں اس کی مرضی شامل نہیں۔ اس سال ماہ مارچ اور اکتوبر میں زہرہ مشتری تثلیث کے وقت ایک خاص عمل آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس دوران حصول محبت یا کسی مرد یا عورت کی کسی مخصوص جگہ شادی نہیں ہوتی یا محبوب بے رخی سے پیش آتا ہے یا ناچاقی ہو چکی ہو یا محبوب کے والدین کی تسخیر مطلوب ہو یا کوئی دوست ناراض ہو گیا ہے اور صلح پر آمادہ نہیں ہے تو ان سب امور کیلئے تیر بہدف ثابت ہوگا۔

زہرہ اور مشتری کو سعدین کہتے ہیں۔ زہرہ عورت سے متعلق ہے اور عیش و عشرت سے متعلق ہے۔ جب ان کا قران واقع ہوتا ہے تو ارضی پنہائیوں میں ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے جس کو اگر مادہ مناسب مہیا ہو جائے تو وہ سعادت جلب و قلب یعنی تسخیر قلب کا کام دیتی ہے۔ اس سال اس کا وقت ۲۷ مارچ ۲۰۲۰ سے لے کر ۲۹ مارچ ۲۰۲۰ تک یہ عمل کر سکتے ہیں۔ عاملین کے نزدیک ایک ایسا موثر وقت ہے جو ایک سال کے انتظار کے بعد ملتا ہے۔ محبوب کو تسخیر کرنے میں، بیوی کی ناراضگی کو دور کرنا، افسران کو تسخیر کرنے، دشمن کو دوست بنانے اور ناراض ہوئے کو واپس بلانے کیلئے یہ تثلیث سریع التاثر ہے۔ اس میں جو بھی عمل کیا جائے گا تو فرد یا خلقت کسی مخفی طاقت کے زیر اثر خود بخود کھچی چلی آئے گی۔ وہ لوگ جو محبوب کو تسخیر کرنا چاہیں کہ قید و بند کو توڑ کر کھچی چلی آئے یا ناراض میاں بیوی میں سے کوئی فرد واپس آ کر قدموں پر آ گرے تو اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔

عمل کا طریقہ

اس عمل میں چلے کی ضرورت نہیں ہے۔ دوران عمل کمرہ خوشبو سے معطر ہو اور عامل کو تنہائی میسر ہو۔ کوئی بات نہ کرے۔

(۱) اگر کسی عورت یا آدمی کی تسخیر مطلوب ہو تو آیت: یحبونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حبا للہ: کے اعداد لیں۔ (۲) اگر تسخیر خلق مطلوب ہے تو آیت: لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین روف رحیم: کے اعداد لیں۔

(۳) اول نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب اور والدہ کے اعداد نکالو اور آیت یحبونھم کے اعداد اس میں شامل کرو۔ اب کل مجموعہ سے ۴۱ عدد تفریق کرو۔ جو عدد باقی بچیں ان کے حروف بنا کر آگے کلمہ آیل لگا دیں، یہ موکل ہوگا۔

(۴) اگر تسخیر خلق مطلوب ہے تو آیت: لقد جاء کم کے اعداد اور نام مع والدہ کے لے کر شامل کرو، اب کل مجموعہ سے ۴۱ عدد تفریق کرو۔ جو عدد باقی بچیں، ان کے حروف بنا کر آگے کلمہ آیل لگا دیں، یہ موکل ہوگا۔

(۵) اب موکل حاصل کرنے کے بعد تکسیر سطور کرنی ہے۔ پہلے نام مع والدہ پھر آیت بعد میں نام مطلوب معہ والدہ اب نئی سطر میں علیحدہ علیحدہ حروف میں یہ سطر لکھو اور اس کی تکسیر جفری کرو۔ مثلاً میں: علی محمد: کی تکسیر جفری کرتا ہوں:۔

ع	ل	ی	م	ح	م	د	سطر اول
د	ع	م	ل	ح	ی	م	
م	د	ی	ع	ح	م	ل	
ل	م	م	د	ح	ی	ع	زمام
ع	ل	ی	م	ح	م	د	سطر آخر

(۶) جب سطر اول پھر آخر میں ظاہر ہو جائے تو تکسیر مکمل ہو گئی۔ اس میں سطر آخر چونکہ مکرر ہے۔ اس کو نہ لیں باقی تکسیر میں پہلوئے راست کے حروف اور پہلو چپ کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھو۔ اگر حروف جفت ہوں تو چار چار یا دو دو ملا لو۔ اگر طاق ہوں تو تین تین یا پانچ پانچ ملا کر آگے پوش لگا دو۔ یہ اس عمل کا اعوان ہوگا، اسے اعوان العمل کہتے ہیں۔

(۷) اب تمام تکسیر کے اعداد نکالو جو سطر زمام تک ہوں۔ سطر اول کے اعداد کو کل سطر تکسیر سے ضرب دے دو گے تو کل تکسیر کے اعداد معلوم ہو جائیں گے۔ ان اعداد کو مخمس میں پُر کرنا ہوگا۔ نقش مخمس پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۶۰ عدد تفریق کر کے ۵ پر تقسیم کرو، جو حاصل تقسیم آئے اسے خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے بمطابق چال پُر کرتے جاؤ۔ اگر تقسیم کرنے کے بعد ایک بچے تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کرو۔ اگر ۳ بچے تو خانہ ۱۱ میں ۲ بچے تو خانہ ۱۶ میں ایک کا اضافہ، اگر ۴ بچے تو خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کر دو۔ نقش پُر ہو جائے گا۔ نقش مخمس یہ ہے:۔

۱۱	۲۴	۷	۲۰	۳
۴	۱۲	۲۵	۸	۱۶
۱۷	۵	۱۳	۲۱	۹
۱۰	۱۸	۱	۱۴	۲۲
۲۲	۶	۱۰	۲	۱۵

نقش پُر ہو جانے کے امتحان کا طریقہ یہ ہے کہ چاروں طرف سے میزان وہ آئے گا جس کو نقش میں پُر کرنا ہے۔ کسی ایک طرف سے بھی میزان غلط ہوئی تو نقش درست نہ ہوگا۔

(۸) تمام تکسیر کے اعداد جس کا نقش پُر کیا گیا ہو ان میں ۳۱۹ عدد خارج کر کے باقی اعداد کے حروف بنا کر آگے کلمہ طیش لگائیں۔ یہ جنات العمل پیدا ہو جائے گا۔

(۹) نقش مخمس میں جب طالب کا نام لکھ کر اوپر موکل کا نام لکھ کر جنات العمل کا نام لکھ دو۔ اب نقش کے جانب راست وہ اعوان العمل لکھو جو سطر تکسیر کی سیدھی جانب سے نکلا اور جانب چپ وہ اعوان العمل لکھو جو تکسیر کی جانب چپ کے حروف سے نکلا ہے۔ نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھو۔: اقسمت علیکم یا یھا الملزواج العلویات والسفلیت یا (موکل کا نام لو) پھر جنات العمل پھر اعوان العمل احضرو (نام مطلوب مع والدہ) فی المحبتو المودۃ (نام طالب مع والدہ) العجل ساعۃ الوحا۔

(۱۰) اب ایسے تیرہ نقش تیار کریں، ان میں سے ایک نقش اپنے پاس رکھیں اور ایک نقش مطلوب کی گزرگاہ میں دفن کرو۔ باقی گیارہ نقوش کی بتیاں بنا لو۔ روزانہ وقت مقررہ پر رات کے وقت ایک بتی جلایا کریں جبکہ نقش زعفران سے لکھے جائیں اور بخورات رات کو بھی جلائی جائیں تاکہ کمرہ معطر رہے۔ روغن خوشبودار ہو۔ چراغ بالکل نیا ہونا چاہئے۔ کمرہ تنہا ہو اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف ہو، جب تک بتی جلتی رہے اس کے سامنے بیٹھ کر یا (موکل کا نام) احضرو (نام مطلوب معہ والدہ) العجل الساعۃ۔ دوران عمل کسی سے بات نہیں کرنی۔ ان شاء اللہ گیارہ دنوں میں مقصد ہاتھ آجائے گا۔

اگر کسی دشمن کے افسر کی تسخیر کرنا مطلوب ہو تو نام دشمن معہ والدہ کے اور افسر ہو تو اس کا عہدہ بھی ساتھ لکھیں۔ اگر تسخیر خلق مطلوب ہو تو تین نقش لکھیں اور لکھنے کے بعد آیت: لقد جاءکم کو ۹۲ بار پڑھ کر نقوش پر دم کر لیں پھر اس آیت کو بھی چاروں طرف لکھ لیں۔ اور نقوش کو لپیٹ کر ایک دائیں بازو پر باندھ لیں اور ایک اپنے گھر یا دوکان یا دفتر میں لٹکا دیں۔ اگر گھر میں درخت ہو تو اس پر لٹکا دو تاکہ نقش ہلتا رہے۔ نقش کو موم جامہ ضرور کر لیں تاکہ بارش وغیرہ سے خراب نہ ہو۔

(بقیہ ص 31)

اگر بتیوں کی ورائٹی کی تفصیل goo.gl/Qu6gRp

ظاہری و باطنی سماعت و بصارت کھولنا

بہت سے احباب مسلسل رابطہ کرتے رہتے ہیں اور غیبی مخلوق کو دیکھنے اور بات چیت کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔ کچھ نے روحانی درسگاہ سے عمل کیے ہوئے ہوتے ہیں تو کچھ نے کہیں اور سے۔ کچھ یہ سمجھ کر عمل کر رہے ہوتے ہیں کہ ''عمل کروں گا تو جن سامنے حاضر ہو جائے گا اور میں جو کام اس کو کہوں گا، وہ کرے گا۔'' ان سب سے گذارش ہے کہ ''روحانی درس گاہ کی طرف سے سکھائے جانے والے اعمال میں کبھی یہ وعدہ یا دعویٰ نہیں کیا گیا کہ عمل کرنے کے بعد ظاہری طور عمل کی غیبی مخلوق سامنے آئے گی یا باطنی طور پر سماعت و بصارت کھل جائے گی اور غیبی مخلوق سے بات چیت ہو سکے گی اور اس کو دیکھا جا سکے گا۔ صرف اتنا کہا جاتا ہے اور لکھا جاتا ہے کہ عمل مکمل کر کے اس کو استعمال کریں، غیبی معاونت ہوگی اور عمل کے فائدے آپ پر ظاہر ہوتے رہیں گے۔ آپ کا کام اس عمل کو ہماری دی گئی ہدایات کے مطابق استعمال کرنا ہے۔ عمل کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، اس کے چکر میں نہ پڑیں۔''

ظاہری نظر تو قسمت والوں کی ہی کھلتی ہے البتہ باطنی سماعت جلد اور بصارت کافی محنت سے کھل جاتی ہے۔ مگر لوگ چاہتے ہیں کہ محنت بھی نہ کرنی پڑے اور فوراً باطنی سماعت و بصارت کھل جائے۔

ruhanidarsgah@gmail.com

اس بات سے انکار نہیں کہ بہت سے لوگوں کی باطنی سماعت کھلوائی ہے اور وہ لوگ اس سے فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں مگر اب مصروفیت کے پیش نظر اور کچھ شرح صدر نہ ہونے کے باعث یہ سلسلہ خاص کر ان لوگوں کے لیے جو بذریعہ خط و کتابت، فون، ایس ایم ایس (Sms)، واٹس ایپ (Whatsapp) یا ای میل (Email) رابطہ کرتے ہیں، بالکل بند کر رہا ہوں۔ خود میں صلاحیت تو ہوتی نہیں، ملاقات کرتے نہیں، پھر اپنا بھی اور میرا بھی وقت ضائع کرتے ہیں۔ جس کو خواہش ہے، وہ دارالعمل تشریف لائے۔ رہنمائی کر دی جائے گی۔ آگے اُس کی قسمت۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم 0304-7772772 نائب ناظم 0305-7772772 فون 0333-7772775, 042-35410586

اپنی خاص روحانی تشخیص کروائیں

روحانی علاج گاہ سے ''خاص روحانی تشخیص'' کروائیں۔ ایک رات پہنی ہوئی بنیان، شمیض، قمیض، شرٹ وغیرہ ارسال کریں اور معلوم کریں کہ:

- کیا آپ کے جسم پر جادو کے اثرات ہیں؟
- کیا آپ کے جسم پر آسیب و جنات کے اثرات ہیں؟
- جسم کے کس حصے پر جادو کے اثرات ہیں؟
- جسم کے کس حصے پر آسیب و جنات کے اثرات ہیں؟
- کیا صرف جادو کے اثرات ہیں یا مخلوق بھی مسلط ہے؟
- کیا صرف آسیب و جنات کے اثرات ہیں یا مخلوق بھی مسلط ہے؟
- تشخیص کی فیس فی کپڑا پہلی بار 100 روپے، بعد میں 50 روپے۔

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

اپنی جگہ کی خاص روحانی تشخیص کروائیں

روحانی علاج گاہ سے اپنی جگہ کی ''خاص روحانی تشخیص'' کروائیں۔ اپنی جگہ کے ہر کمرے اور جگہ کا کپڑا ارسال کریں اور معلوم کریں کہ:

- کیا آپ کی جگہ پر جادو کے اثرات ہیں؟
- کیا آپ کی جگہ پر آسیب و جنات کے اثرات ہیں؟
- آپ کی جگہ کے کون سے حصے پر جادو کے اثرات ہیں؟
- آپ کی جگہ کے کون سے حصے پر آسیب و جنات کے اثرات ہیں؟
- کیا صرف جادو کے اثرات ہیں یا مخلوق بھی مسلط ہے؟
- کیا صرف آسیب و جنات کے اثرات ہیں یا مخلوق بھی مسلط ہے؟
- تشخیص کی فیس فی کپڑا 50 روپے

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

بے پردگی شرمندگی

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جن لوگوں کو میں نے جہنم میں دیکھا ہے ان میں سے دو جماعتیں میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھیں (یعنی وہ آئندہ زمانہ میں پیدا ہوں گی)۔ ایک وہ ظالم و جابر جن کے ہاتھ میں کوڑے ہوں گے اور وہ خواہ مخواہ لوگوں پر ظلم و جبر کرتے اور ان پر دھونس جماتے ہوں گے۔ دوسرے وہ عورتیں جو لباس پہننے کے باوجود ننگی نظر آئیں گی، یعنی اتنا مختصر لباس پہنیں گی کہ اعضاء کھلے رہ جائیں گے یا اتنا چست اور باریک لباس اختیار کریں گی کہ سارے اعضاء صاف ابھرے ہوئے دکھائی دیں گے۔ یہ عورتیں خود بھی مردوں پر ریجھنے والی ہوں گی اور وہ مردوں کو بھی اپنی طرف رجھانے والی ہوں گی اور سروں پر جوڑے باندھ کر مٹک مٹک کر سڑکوں پر چلیں گی۔ ایسی عورتوں کے بارے میں جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ وہ اپنی بدکاریوں کے سبب سے جنت کی خوشبو بھی نہ سونگھ سکیں گی حالانکہ اس کی خوشبو کافی دور سے آنے لگتی ہے۔ (مسلم شریف)

بے پردگی کی وبا

ہمارے زمانہ میں یہ دونوں جماعتیں نہ صرف وجود میں آچکی ہیں بلکہ ان کی بہتات ہے۔ جابجا آپ کو دادا گیری کرتے ظالم و جابر لوگ نظر آئیں گے۔ سکولوں اور تقریبات میں نظر آئیں گے۔ اب بازاروں میں عورتوں کی اس قدر کثرت ہونے لگی ہے کہ غیرت دار اور حیادار آدمی کیلئے دکانوں سے اپنی ضرورت پوری کرنا ایک مشکل امر بن گیا ہے۔ مردوں کو شرم آجاتی ہے مگر عورتوں کو شرم نہیں آتی اور دن بدن اس صورت حال میں زیادتی ہوتی جارہی ہے۔ غیر مسلم خواتین سے بحث نہیں، خود ہماری مائیں بہنیں بھی کثرت کے ساتھ سڑکوں پر بے پردہ دکھائی دیتی ہیں اور سکول و کالج میں پڑھنے والیاں تو یہ سمجھتی ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ سے پردہ کا حکم معاف کرا کے آئے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

والدین کی ذمہ داری

والدین کو بھی اپنی بچیوں کی بے پردگی پر غیرت نہیں آتی اور اتنا بھی احساس نہیں ہوتا کہ وہ کس طرح اپنی عزت کو ہوس ناک نظروں کے سامنے رسوا کررہے ہیں۔ تقریبات کے موقع پر کھل کر بے پردگی کی جاتی ہے اور کہیں تو یہ غضب ہوتا ہے کہ مرد بیرے عورتوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور بے غیرت عورتیں اجنبی مردوں کے ہاتھ سے کھانا کھاتی ہیں۔ اسی طرح گھروں کے اندر پردہ کا اہتمام باقی نہیں۔ ذرا سے رشتہ کو بے پردگی کا بہانہ بنالیا جاتا ہے۔ نامحرم لڑکے وقت بے وقت گھروں میں آتے جاتے ہیں۔ ہنسی مذاق کرتے ہیں اور گھر والے اسے محض دوستی پر محمول کرتے رہتے ہیں جس کے نتیجے میں بدکاریاں ہوتی ہیں اور فتنے برپا ہوتے رہتے ہیں۔ اب فرموں اور کارخانوں میں لڑکیوں کی ملازمت کا فیشن بنتا جارہا ہے جس کی وجہ سے روز شرمناک واقعات پیش آتے رہتے ہیں۔ یہ تو دنیا کی مصیبتیں ہیں، آخرت میں اس بے حیائی پر جو سخت عذاب ہوگا اور جنت سے محرومی ہوگی وہ اس کے علاوہ ہے۔

خطرناک حالت

اس سے بھی بڑھ کر خطرناک بات یہ ہے کہ جب علماء اس بے حیائی پر نکیر کرتے ہیں تو بجائے اس کے کہ لوگ اپنی غلطی کا احساس کریں اور شرم و غیرت کا اظہار کریں۔ الٹے بے پردگی کی طرف سے وکالت شروع کردیتے ہیں اور غیروں کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے یہ کہا جاتا ہے کہ پردہ عورتوں کی ترقی میں رکاوٹ اور ان کیلئے بڑی حق تلفی ہے اور دوسری مہمل موشگافی یہ کی جاتی ہے کہ اسلام میں چہرے اور ہتھیلیوں کا پردہ نہیں ہے۔ علماء نے اسے خواہ مخواہ ضروری قرار دے دیا ہے حالانکہ یہ دونوں باتیں سرے سے غلط ہیں جو دشمنان اسلام کے زہریلے پروپیگنڈے کی وجہ سے ہمارے ذہنوں میں راسخ ہوگئی ہیں۔ اس لئے کہ:

1 انسانیت کی اصل ترقی

انسان کی اصل ترقی محض دولت کے حصول اور مادی اسباب کی فراہمی

میں نہیں ہے بلکہ واقعی ترقی یہ ہے کہ انسان اپنی انسانیت کے تقاضوں کو پورا کرنے والا بنے۔ اس میں شریفانہ انسانی خصلتیں پیدا ہوں اور وہ اپنے مقصد تخلیق سے آگاہ ہو کر عزت کے ساتھ زندگی گزارے اور جانوروں کی بہیمانہ حرکتوں سے باز رہے۔ اسلام کی نظر میں اصلی اور واقعی ترقی یہی ہے۔ اب دیکھ لیجئے کہ پردہ اس واقعی ترقی کیلئے رکاوٹ ہے یا اس کیلئے مددگار ہے؟ پردہ سے شرافت کا معیار بلند ہوتا ہے۔ انسان کو انسانیت کا سبق ملتا ہے، وہ بدکاریوں کی نجاستوں سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ پردہ نہ جانے کتنے فتنوں سے نجات کا ذریعہ اور امن وعافیت کا بہترین وسیلہ ہے جبکہ بے پردگی سے انسان کا جوہر انسانیت یعنی جذبہ شرم وحیا داغدار ہوجاتا ہے۔ جانوروں کی سی خصلتیں اس میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ گھر گھر فتنے کھڑے ہوتے ہیں، خاندانوں میں جھگڑا ہو جاتا ہے اور انسانی نسلیں غیر محفوظ اور رشتے غیر معتبر ہوجاتے ہیں۔

۲ پردہ کی برکات

پردہ سے عورتوں کی حق تلفی ہرگز نہیں ہوتی بلکہ یہ عورت کی حق تلفی سے بچاؤ کیلئے بہترین ڈھال کا کام دیتا ہے۔ تجربہ کر کے دیکھ لیں، جس معاشرہ میں پردہ کا رواج ہوگا، وہاں عورتوں پر دست درازی اور ان کے ساتھ ظلم وتعدی کی شرح یقینی طور پر نہایت معمولی ہوگی۔ دراصل عورت کے حق کو تلف کرنے والے وہ لوگ ہیں جنہوں نے محض اپنی مطلب برآری کیلئے عورت کو دنیا کی چمک دمک کا لالچ دے کر اسے گوشہ عافیت سے نکال کر دنیا کے حقیر بکاؤ مال میں تبدیل کر دیا ہے۔ اسلام نے تو عورت پر کمائی کا بوجھ بھی نہیں رکھا بلکہ اس کے شوہر یا دیگر رشتہ داروں کو اس کی کفالت کا ذمہ دار بنایا ہے۔ تاکہ صنف نازک کو کسی مشقت کا تحمل نہ کرنا پڑے اور وہ عافیت کے ساتھ اپنی گھریلو ذمہ داریاں انجام دیتی رہے۔ جو لوگ پردہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہیں وہ عورتوں کے خیر خواہ نہیں بلکہ ان کے سخت ترین دشمن اور بدخواہ ہیں۔

۳ غلط فہمی کا ازالہ

چہرہ کا پردہ بھی اسلام میں ضروری ہے خاص کر اس فتنہ کے دور میں بلاشدید ضرورت کے عورت کیلئے غیر مردوں کے سامنے چہرہ کھولنا اور مردوں کا اجنبی عورتوں کا چہرہ دیکھنا قطعاً جائز نہیں۔ (معارف القرآن) یہ بات علماء اپنی طرف سے نہیں کہتے بلکہ آیات قرآنیہ، احادیث طیبہ اور فقہائے امت کی تصریحات اس پر واضح دلالت کرتی ہیں۔ اس سلسلہ میں علماء کا استہزاء جو آج کل بزعم خود دانشوروں کا شیوہ ہے، نہایت خطرے کی چیز ہے۔ (نعوذ باللہ)

بقیہ (ص 48): اولاد کی تربیت کیسے.....؟

(۲) علماء وصلحاء کی صحبت اور ان کے مشوروں سے۔

یعنی اللہ تعالیٰ سے اولاد کی تربیت کے معاملے میں مدد بھی مانگیں اور حکمت وبصیرت کی بھی دعاء کرتے رہیں کہ "**یا اللہ! مجھے اپنی اولاد کی تربیت کا طریقہ سکھادیں**"۔ نیز اس حوالے سے علماء اور اہل اللہ سے مشورہ بھی کرتے رہیں۔ جو وہ مشورہ دیں، اس کے مطابق عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔

7- پیہم کوشش کریں

اولاد کی اصلاح وتربیت کے لئے ایک لازمی سبب یہ بھی اختیار کرنا چاہئے کہ مستقل اور مسلسل کوشش کریں۔ بہت سے والدین ایک حد تک کوشش کرنے کے بعد عاجز وناامید ہو کر بیٹھ جاتے ہیں اور روکنا، ٹوکنا، بولنا، ڈانٹنا اور سمجھانا سب کچھ ترک کر دیتے ہیں۔ حالانکہ یہ طریقہ ہرگز درست نہیں۔ کیونکہ اس سے اولاد بالکل آزاد اور شتر بے مہار ہوجاتی ہے۔ یاد رکھیں.....! پیہم اور مستقل کوشش کے نتیجے میں ایک نہ ایک دن یقیناً اس کا فائدہ ظاہر ہوتا ہے۔ ورنہ کم از کم بہ فائدہ تو ضرور ہوتا ہے کہ مستقل اور مسلسل محنت کی وجہ سے والدین بری الذمہ ہوجاتے ہیں۔ اور اولاد کی برائیوں کا ماں باپ سے مواخذہ نہیں ہوتا۔

بقیہ (ص 55): آپ کی بیماریاں اور ان کا طبی حل

صاف ہوجائے۔ گوشت کھانا کم کر دیں۔ بالخصوص گائے کا گوشت تو بالکل ہی کھانا بند کر دیں، واک اور پیدل زیادہ سے زیادہ چلیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی اچھے دواخانے کی معجون سورنجاں لے کر صبح شام آدھا آدھا چمچ معجون گرم پانی سے استعمال کریں۔ ایک ہفتہ بعد دوبارہ اپنی تمام تفصیلات سے ضرور مطلع فرمائیں۔

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

دکانداروں کیلئے مجرب لاجواب عمل

انعام اللہ بھکروی

تجارت میں نفع ہی نفع ہے اگر مجرب اصولوں پر مبنی ہو۔ تجارت عبادت ہے، بشرطیکہ شریعت کے مطابق ہو۔ تجارت میں سراسر سکون ہے جب قانون اور اخلاقیات کی مکمل پاسداری کی جارہی ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے بھی تجارت کی ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی کاروبار کیا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور دیگر بزرگان دین حلال روزی کمانے کے لیے شریعت کے دائرے میں رہ کر تجارت کرتے رہے۔

آپ نے دکان کھول کر اپنے کاروبار کا آغاز کیا ہے۔ آپ کو کچھ ایسے رہنما اصول اپنانا پڑیں گے جو آپ کا خواب شرمندہ تعبیر کرسکیں اور حلال روزی کما کر اپنا اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ پال سکیں۔ آیئے! ہم آپ کا تعاون کرتے ہیں۔

چار (۴) بنیادی اصول

(۱)...ابتدا میں گام گام احتیاط

آپ نے ایسی جگہ دکان کھولی ہے جہاں پہلے سے ہی بہت دکانیں ہیں۔ اس جگہ آپ زیادہ قیمت رکھ کر اپنی دکان کو نہیں چلا سکتے۔ گاہک دوسرے دکان داروں کی طرف متوجہ ہو جائیں گے۔ اگر پہلے سے وہاں دکانیں نہیں ہیں، اس صورت میں بھی آپ کو قیمت مقرر کرتے ہوئے احتیاط کا پہلو اختیار کرنا ہوگا تاکہ گاہکوں پر اضافی بوجھ نہ پڑے۔

(۲)...کیا فروخت کیا جائے؟

۱).....استعمال کی اشیا (Conusmables):

ایسے چیزیں اپنی دکان میں رکھی جائیں، جو دوسروں کے لیے قابل استعمال ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس چیز کا خیال بھی رکھا جائے جہاں آپ نے دکان بنائی ہے، وہاں کے لوگوں کی ضرورت کیا ہے؟

۲).....رسد و طلب کا اصول:

جن چیزوں کی طلب زیادہ ہو، ان کے ذریعے کاروبار کیا جائے تو کام دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرتا ہے۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب وہ چیزیں معیاری بھی ہوں۔

۳).....نایاب اشیا:

ایسی چیزیں بھی آپ بیچ سکتے ہیں جو نایاب ہوں۔ اس سے کاروبار ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔

(۳)...کیا نہ بیچا جائے

ایسی چیزیں نہ بیچی جائیں:

۱)..... جسے دوسرا آسانی کے ساتھ اٹھا اور استعمال نہ کرسکتا ہو۔

۲)..... بہت قیمتی اشیا اپنی دوکان میں جمع نہ کریں، ان کو لوگ بہت کم خریدتے ہیں۔

۳)..... جو صحت کے لیے نقصان دہ ہوں۔

۴)..... جسے اسلام نے حرام قرار دیا ہے۔

۵)..... جس کی قانون نے اجازت نہیں دے رکھی۔

گاہک آپ کی اشیاء کیوں چاہتے ہیں؟

یہ اچھی بات ہے کہ آپ کی فروخت زیادہ ہو رہی ہے اور گاہک بھی آپ کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔ لیکن یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ کیا اور کون سے اسباب ہیں کہ گاہک دوسروں پر آپ کو ترجیح دے۔ اس کے محرکات درج ذیل ہو سکتے ہیں:

۱)..... بعض لوگوں پر اشیاء جمع کرنے کا خبط سوار ہو جاتا ہے۔ وہ بے دلیل خواہش کے ہاتھوں مجبور ہوتے ہیں اور آپ کی دکان پر جو چیز دیکھی، اسے خرید لیا۔

۲)..... ضروریاتِ زندگی کے پیش نظر لوگ چیزیں آپ سے خریدتے ہیں،

اس میں یہ بھی ہوتا ہے جو چیزیں آپ کے پاس ہیں وہ دوسروں کے پاس نہیں ہیں۔

۳)..... آپ کا معیار اور زیادہ مقدار میں دینا۔

۴)..... کچھ لوگ آپ کی اشیاء اس وجہ سے خریدتے ہیں کہ آپ کو نقصان پہنچائیں۔ آپ کی ناقص اشیا کو لے کر دوسروں کو بتلاتے ہیں جس سے دوسروں کا اعتماد آپ سے اٹھ جاتا ہے۔

۵)..... دوست اور رشتہ دار آپ کے کاروبار کو مزید بڑھانے اور ترقی کے لیے آپ سے اشیاء خریدتے ہیں۔

۶)..... ملازمت پیشہ اور مصروف لوگ بھی آپ سے چیزیں خریدتے ہیں کہ آپ کے پاس ہر قسم کی اشیاء ہوتی ہیں جو ان کو مطلوب ہوں۔

۷)..... دکان دار (پرچون فروش) بھی آپ سے خریدتے ہیں، یہ آپ سے بارٹر سسٹم کے تحت چیزیں لیتے ہیں۔ کاروباری حکمت عملی

قیمتوں کا تعین کیسے کریں؟

ایک نئے دکان دار کے لیے سب سے اہم سوال یہ ہے کہ وہ اپنی دکان میں موجود اشیاء کی قیمتوں کا تعین کیسے کرے؟ دکان دار کو اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ میرے آس پاس بھی دکانیں ہیں اگر قیمت زیادہ متعین کی تو گاہکوں کا رخ کسی دوسری طرف ہو جائے گا۔ اشیاء کی فروخت بڑھنے کے بجائے کم ہونا شروع ہو جائے گی اور ''مہنگا دکان دار'' آپ کا نام پڑ جائے گا جو ظاہر ہے آپ کی ساکھ کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

قیمت کے تعین کی صورتیں:

۱)..... قیمت مثلی (Current Price) یعنی جو مارکیٹ میں رائج ہے، اس کے مطابق آپ بھی چلیں، اسی قیمت پر اشیاء بیچیں۔ اس صورت میں آپ کا کاروبار ایک اوسط درجے کا ہوگا۔ کاروبار میں ترقی کے لیے کچھ نمایاں خصوصیات پیدا کرنی ہوں گی۔

۲)..... آپ (Current Price) سے کم قیمت پر اشیاء فروخت کریں۔ اس کے لیے آپ ریٹ لسٹ نمایاں کر کے لگائیں تاکہ دور سے گاہکوں کی اس پر نظر پڑے۔

۳)..... آپ بہت کم قیمت لگائیں، یہ اس وقت ممکن ہوگا جب بڑی مقدار میں سیل کر رہے ہوں لیکن یہ مستقل نہ چل پائے گی۔

۴)..... آپ قیمت مثلی (Current Price) سے بھی زیادہ قیمت رکھیں۔ اس کے لیے سخت محنت کی ضرورت ہوگی۔ آپ کی چیزوں میں ایسی کوالٹی ہو کہ گاہک زیادہ قیمت دینے پر مجبور ہو جائے۔

قیمت کے غلط تعین کے نقصانات

۱)..... حادثاتی طور پر اشیاء کی قیمتوں کا غلط تعین نہ کریں۔ بلکہ پہلے اشیاء کی قیمتیں معلوم کر لیں، اگر آپ نے حادثاتی طور پر کم قیمت مقرر کر دی تو بظاہر اشیاء تو جلد فروخت ہو جائیں گی مگر جلد دکان خالی ہو جائے گی اور نقصان بھی ہو گا۔ اسی طرح اگر زیادہ قیمت مقرر کریں گے تو اس صورت میں وقتی طور پر اشیاء بک جائیں گی، مگر ساتھ ہی گاہک آپ سے بدظن ہو کر ٹوٹ جائیں گے۔ یہ دونوں صورتیں آپ کی کامیابی میں بڑی رکاوٹ ہیں، ان کو دور کرنا ہوگا۔

۲)..... کبھی کبھار اپنی اشیاء کی طرف گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے کم قیمت لگا سکتے ہیں لیکن ہمیشہ ایسا کرنا مارکیٹ کے اصولوں کے منافی تو ہے ہی، آپ کے لیے بھی مضر ہے۔

۳)..... آپ نے جہاں دکان یا اسٹور کھولا ہے، اس کے آس پاس اور بھی دکانیں ہیں یا مقابلے کی صورت حال ہے۔ ایک ہی قسم کی ایک ہی چیز ہے۔ جسے آپ بھی بیچنا چاہتے ہیں اور دوسرے بھی اسے فروخت کرنے کے درپے ہیں۔ اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے آپ کو اشتہاری مہم (Advertising) چلانا ہوگی۔ اس مہم کو جاری رکھنے کے لیے مختلف طریقے ہوتے ہیں۔ آپ اخباروں میں اشتہار دیں۔ جگہ جگہ پینا فلیکس نصب کریں۔ چوراہوں پر ہورڈنگ سائن بورڈ لگوائیں، وغیرہ۔ یہ بھی واضح رہے اشتہاری مہم کے لیے ایک بجٹ کی ضرورت ہوتی ہے، اگر کسی کے پاس سرمایہ نہیں تو وہ ایڈورٹائزنگ نہیں کر سکتا۔

۴)..... اصل ایڈورٹائزنگ آپ کا معیار ہے۔ اگر آپ نے کاروباری

اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے اپنی ایک ساکھ بنالی ہے تو آپ کا یہ معیار ہی ایڈورٹائزنگ کا کام کرے گا۔ یہ بھی ہوسکتا ہے آپ اپنی اشیاء کی قیمت کم رکھیں۔ ''سیل'' پر فروخت کریں، آپ اس سے ایڈورٹائزنگ کے اخراجات سے بچ جائیں گے اور آپ کا مقصد بھی پورا ہوجائے گا۔

اشیاء کی محدود مقدار

اپنی دکان یا اسٹور میں اشیاء ایک محدود مقدار میں رکھی جائیں۔ جو بآسانی فروخت ہوتی رہیں۔ اگر زیادہ مقدار میں اشیاء رکھی گئیں اور وہ فروخت نہ ہوئیں تو ان کے خراب ہونے کا امکان ہے۔ جبکہ آپ کا سرمایہ توانہی کے ساتھ بندھا ہوا ہے۔

اشیاء کی حفاظت

دکان یا اسٹور میں موجود اشیاء کی حفاظت کا معقول بندوبست کیا جائے۔ اگر اس کے لیے ٹھنڈک کی ضرورت ہے تو اس کا بھی انتظام کیا جائے، جیسے ڈرنکس وغیرہ کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ان کے لیے نارمل درجہ حرارت چاہیے تو اس کا بھی بندوبست ہو، تاکہ چیزیں خراب نہ ہوں۔ ان کے ذائقے (Taste) میں تبدیلی پیدا نہ ہو، وغیرہ۔ اسی طرح دھوپ، بارش، گرمی اور سردی سے بچنے کا انتظام بھی کیا جائے۔

کاروباری اخلاقیات

جب آپ نے کاروبار شروع کیا اور یقیناً کسی خاص مقصد کے حصول کی خاطر کیا ہے تو خود کو ایک مثالی تاجر بنانے، نیز اپنے کاروبار کو عبادت بنانے کے لیے کاروباری اخلاقیات (Business Ethics) کو اپنائیے۔ ان پر عمل پیرا ہوکر آپ ایک پرکیف زندگی کے مالک بن سکیں گے۔

۱).....شرعی اصولوں کی پاسداری:

شریعت کے مقررہ اصولوں پر چل کر آپ بآسانی منزل مقصود تک پہنچ سکتے ہیں۔ شریعت پر عمل کرنے میں ہر وہ چیز داخل ہے جس کا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے یا اس سے منع کیا ہے۔

۲).....قانون کی پیروی:

جس جگہ آپ نے کاروبار شروع کیا ہے، وہاں کے قانون کے مطابق اپنے کاروبار کو چلا رہے ہیں تو آپ اپنے کاروبار میں کامیاب ہوجائیں گے اور جلد ہی کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ قانون نے جس چیز کی خرید و فروخت پر پابندی لگائی ہے، اس سے گریز کیا جائے۔

۳).....تاجروں کا لحاظ رکھنا:

آپ کے آس پاس رہنے والے تاجروں کے آپ پر کچھ حقوق ہیں۔ ان کو ادا کرنا آپ کے لیے ضروری ہے۔ مثال کے طور پر آپ اشیاء کی قیمتیں اتنی کم نہ کردیں کہ دوسرے تاجروں کو نقصان پہنچے۔

۴).....گاہکوں کا خیال رکھنا:

اسی طرح گاہکوں کا بھی خیال رکھا جائے۔ کسی طرح کا فراڈ یا دھوکا ان کے ساتھ نہ کیا جائے۔ بلکہ آپ ان کے خیر خواہ بن جائیے۔ اس میں فریقین کی بھلائی ہے۔

فہم ختمِ نبوت، خط و کتابت کورس

سکول و کالجز و دینی مدارس کے طلباء و طالبات نیز تمام خواتین و حضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ جاری ہے (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہوسکتا ہے) مفت

خط و کتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد و نظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم و پیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرار اسلام
جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
محلہ صدیق کہنہ گنج (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201
ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390
(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی (درجہ اوّل) ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین (درجہ اوّل) ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" ❼ "فراخی رزق" کا مجرب عمل ❽ درود ابراہیمی ❾ درود تنجینا ❿ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⓫ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ⓬ لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲).....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبرشپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

❶ آیت شفاء ❷ "حصار" کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ "منزل" (درجہ اوّل) ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ "تسخیر" کا خاص عمل ❾ درود خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⓭ آیت کریمہ (درجہ اوّل) ⓮ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ⓯ کینسر سے نجات کا خاص عمل

(۳).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

❶ "منزل" (درجہ اوّل و دوم) ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❺ معوذتین (درجہ دوم) ❻ قصیدہ طوبیٰ ❼ قصیدہ حسنیٰ ❽ اسم ذات کا عمل ❾ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❿ "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل ⓫ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴).....خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ذرو خوف کے بغیر عمل کریں:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یاحافظ یاحفیظ" ❼ عمل محبت "یالطیف یاودود" ❽ عمل زبان بندی

(۵).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیت کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ❺ سورۂ مزمل کا خاص عمل ❻ محبت کی عظیم آیت کا عمل ❼ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

ruhanidarsgah ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
روحانی درسگاہ لاہور پاکستان دارالعمل چشتیہ
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر) 0333-7772775 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

اولاد کی تربیت کیسے.....؟

ابو احمد

اولاد کی تربیت ایک اہم فریضہ اور ذمہ داری ہے لیکن جب تک اس کا کوئی صحیح اور موثر طریقہ اختیار نہ کیا جائے، اس وقت تک اس کے خاطر خواہ نتائج سامنے نہیں آتے اور اولاد ساری کوششوں کے باوجود بھی بگڑتی چلی جاتی ہے۔ اس لئے ذیل میں قرآن وحدیث کی روشنی میں چند طریقے ذکر کیے جارہے ہیں، جن کو اختیار کرکے اولاد کی بہترین تربیت کی جاسکتی ہے۔

1۔ دعا کریں

یہ حقیقت ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال نہ ہو تو اولاد کی تربیت کی ساری کوششیں بے کار ہو جاتی ہیں۔ اس لئے بڑے اہتمام کے ساتھ روزانہ اللہ تعالیٰ سے اپنی اولاد کے لئے نیکی، تقویٰ اور راہ راست بازی کا سوال کرتے رہیں۔ اللہ کے سامنے ہاتھ اٹھانا سیکھ لیں۔ ان شاء اللہ اولاد کی جانب سے سکھی رہیں گے۔ اور ان کے لئے صرف دنیا نہ مانگیں بلکہ دنیا وآخرت دونوں کا سوال کریں۔ اور آخرت کا سوال تو زیادہ ہونا چاہئے کیونکہ وہی تو اصل زندگی ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

تین دعائیں ضرور قبول ہوتی ہیں اور ان میں کوئی شک نہیں۔

(۱) مظلوم کی دعا (۲) مسافر کی دعا (۳) والد کی دعا اپنی اولاد کے لئے۔

(سنن ابن ماجہ: ۲۷۵۸، الیواقیت الغالیہ: ۱۰/۲۹۲، مکتبہ ادارہ)

حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے نبی ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ ارشاد فرمارہے تھے" والد کی دعا (اللہ تعالیٰ کے خاص) حجاب تک پہنچ جاتی ہے یعنی قبول ہوتی ہے۔"

(سنن ابن ماجہ: ۲۷۵۸، الیواقیت الغالیہ)

ایک اور حدیث میں ہے: دعاء الوالد للولد کالماء للزرع بصلاحہ

والد کی دعا اولاد کے لئے ایسی ہے جیسے کھیتی کی درستگی کے لئے پانی۔

(الفردوس ماثور الخطاب دیلمی: ۳/۲۱۳، دار الکتب العلمیہ)

ان احادیث سے معلوم ہوا ہے کہ والدین کی دعائیں اولاد کے حق میں مقبول ہوتی ہیں۔ قرآن وحدیث کے اندر اولاد کے لئے مانگی جانے والی بہت سی دعائیں سکھائی گئی ہیں۔ چند ایک یہاں ذکر کی جارہی ہیں۔ انہیں کثرت سے مانگنے کی کوشش کریں۔

واصلح لی فی ذریتی (سورۃ الاحقاف: ۱۵)

اور نیک بختی پیدا کر میری اولاد میں۔

(فتاوی الرحمان، عبدالحکیم شہاب مدنی: ۱۱۲۲، الیواقیت الغالیہ)

ربنا ھب لنا من ازواجنا و ذریاتنا قرۃ اعین و اجعلنا للمتقین اماما (سورۃ فرقان: ۷۴)

ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے بیوی بچوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا سربراہ بنادے۔ (آسان ترجمہ: ۲/۱۱۱۱)

واجنبنی و بنی ان نعبد الاصنام (سورۃ ابراہیم: ۳۵)

مجھے اور میرے بیٹوں کو اس بات سے بچائیے کہ ہم بتوں کی پرستش کریں۔ (آسان ترجمہ قرآن: ۲/۷۹۰)

رب اجعلنی مقیم الصلاۃ من ذریتی ربنا و تقبل دعاء

(سورۃ ابراہیم: ۴۰)

یارب! مجھے بھی نماز قائم کرنے والا بنادیجئے اور میری اولاد میں سے بھی (ایسے لوگ پیدا فرمایئے جو نماز قائم کریں)۔ (آسان ترجمہ: ۲/۷۹۲)

2۔ حلال رزق سے پرورش کریں

اولاد کی تربیت کے لئے ان کے حلال رزق کا اہتمام بہت ضروری ہے۔ اس لئے کہ حرام سے پرورش پانے والے جسم میں کبھی نیکیوں کی بہاریں نہیں دیکھی جاسکتیں۔

حدیث میں آتا ہے: "وہ جسم جنت میں نہ جائے گا جس کی پرورش حرام

سے ہوئی ہو"۔ (الترغیب والترہیب: ۳/۴۲۹ دارالکتب العلمیہ)

جب وہ جنت میں جانے کے قابل نہیں تو جنتیوں والے اعمال کی کیا امید لگائی جاسکتی ہے۔ اس لئے اپنے بچوں کی اچھی تربیت اگر چاہتے ہیں تو ان کا کھانا پینا، لباس و پوشاک، کھیلنے، برتنے کی اشیاء اور تمام ضروریاتِ زندگی حلال اور پاکیزہ مال سے مہیا کریں۔

3۔خود نیک بنیں

بچوں کی فطرت اور نفسیات میں یہ بات داخل ہوتی ہے کہ وہ ماں باپ کی ہر چیز کو کاپی کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ انہیں زبان تک سکھانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ وہ خود بخود ماں باپ کی زبان بولنے لگ جاتے ہیں۔ حالانکہ دیکھا جائے تو کسی بھی زبان کو سیکھنا یقیناً ایک مشکل مرحلہ ہوتا ہے لیکن بچوں کے لئے یہ کوئی بڑی بات نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بچے اپنے ماحول اور بالخصوص والدین کو بہت کاپی کرتے ہیں۔ پس اگر آپ اپنے بچوں کو ایک نیک اور اچھا انسان دیکھنا چاہتے ہیں تو اپنے آپ کو سنوار لیں، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا آپ کے بچوں کی شخصیت پر بہت گہرا اثر پڑے گا۔ بہت ساری باتیں سمجھانے کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی۔ خود ہی رفتہ رفتہ ان کے اندر وہ چیزیں پیدا ہو جائیں گی۔ ورنہ کم از کم اس کا احساس ضرور پیدا ہو جائے گا۔

قرآن پاک میں ایک جگہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وامر اھلك بالصلاۃ واصطبر علیھا (سورۃ طٰہٰ: ۱۳۲)

اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اس پر ثابت قدم رہو۔

(آسان ترجمہ قرآن: ۲/۹۸۰)

اس آیت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ صرف اپنے اہل کو نماز کا حکم دے دینا ہی کافی نہیں جب تک کہ خود اس کا عملی نمونہ بن کر نہ دکھایا جائے۔

4۔علم دین سے آراستہ کریں

دین پر عمل کرنے کے لئے علم دین کی بہت ضرورت ہے۔ اسی لئے شریعت نے بقدرِ ضرورت، علم دین حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض عین قرار دیا ہے۔ پس ماں باپ کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنی اولاد کو کم سے کم اتنا علم ضرور دیں جس کی روشنی میں وہ اپنی زندگی کو اسلام اور شریعت کے مطابق گزار سکیں۔ حلال اور حرام کی انہیں سمجھ آجائے۔ نیز پاکی ناپاکی کے مسائل سے آگاہی حاصل ہو۔ یاد رکھئے! بچوں کی حسن تربیت میں علم دین کا بہت اہم کردار ہے کیونکہ اسی سے اخلاق سنورتے ہیں، زندگی گزارنے کا طریقہ آتا ہے اور ماں باپ سمیت تمام رشتوں کا مقام اور مرتبے کا پتہ چلتا ہے۔

5۔اچھی صحبت مہیا کریں

اچھی صحبت میں کئی چیزیں داخل ہیں، مثلاً:

☆اپنی رہائش کے لئے مہذب، با اخلاق اور نیک لوگوں کا علاقہ اختیار کرنے کی کوشش کیجئے۔

☆تعلیم کے لئے کسی بھی ادارے کے انتخاب میں صرف معیارِ تعلیم ہی نہیں بلکہ ماحول کو بھی دیکھیں۔ کیونکہ اس کا آپ کے بچے کی شخصیت پر بڑا گہرا اثر ہوتا ہے۔

☆ان کے دوستوں اور متعلقین پر کڑی نگاہ رکھیں تاکہ وہ بری صحبت کی مضرتوں سے محفوظ رہ سکیں۔

☆علماء، صلحاء، اور اللہ والوں کی صحبت میں وقتاً فوقتاً انہیں لے جاتے رہیں کیونکہ یہ ان کی سیرت و کردار کی تعمیر کا ایک بہترین اور مؤثر طریقہ ہے۔

☆ٹی وی، انٹرنیٹ وغیرہ اس زمانے میں بری صحبت کی بدترین شکلیں ہیں۔ ان سے بہر طور اپنے بچوں کو بچائیں۔

6۔حکمت و بصیرت کا لحاظ رکھیں

بچوں کو ڈانٹنے، سمجھانے، مارنے اور پیار کرنے میں شرعی، اخلاقی اور نفسیاتی حدود کا ضرور لحاظ رکھیں۔ بصورتِ دیگر نفع ہونے کے بجائے نقصان ہو جائے گا۔ بے جا لاڈ پیار یا حد سے زیادہ سختی اولاد کو ضدی یا باغی بنا دیتی ہے۔ اس کے لئے حکمت کے اصولوں کی رعایت بہت ضروری ہے۔ اور حکمت دو چیزوں سے آتی ہے۔

(۱) دعا سے۔

(بقیہ ص 42)

کہیں آپ کا بچہ امتحانات سے توخوف زدہ نہیں؟

سید عرفان احمد (کراچی)

امتحانات کا زمانہ ہے۔ مارچ میں سیکنڈری بورڈ کے امتحانات اور اس کے بعد اپریل میں انٹرمیڈیٹ کے امتحانات ہونے جارہے ہیں۔ مئی کے مہینے میں او لیول کے امتحانات ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ والدین کو بچوں کے پیش آمدہ امتحانی دباؤ یا اس کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کردی جائیں۔

امتحانات کا خوف یا ذہنی دباؤ طلبہ وطالبات کا ایک عام اور اہم مسئلہ ہے۔ پوری دنیا میں اس پر ماہرین نفسیات نے کام کیا ہے اور اس بنیاد پر تحریر وتربیت کے ذریعے طلبہ وطالبات کو اپنے امتحانی دباؤ سے نمٹنے کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔

امتحانی خوف یا دباؤ کا تعلق محض ایسے طلباء سے نہیں جو سارا سال محنت نہیں کرتے یا تعلیم میں دلچسپی نہیں لیتے بلکہ سارا سال محنت کرنے والے اور اچھے نمبر لینے والے طلباء بھی ایگزام اسٹریس کے آگے بے بس ہوجاتے ہیں۔ اس کرب کی وجہ سے طلبہ وطالبات میں جو اثرات نمایاں ہوتے ہیں، ان کی درج ذیل علامات سے آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ آپ کا بچہ امتحانات کے دباؤ میں ہے۔

جسمانی علامات

امتحانات کے دباؤ میں مبتلا اسٹوڈنٹس کی نیند خراب ہوجاتی ہے، بھوک ختم ہوجاتی ہے، جلد پر بعض اوقات دھبے یا دوڑے پڑجاتے ہیں، گردن یا سر میں درد ہوتا ہے، سوڈا ڈرنک یا کڑک چائے پینے کیلئے بے چینی بڑھ جاتی ہے اور طبیعت میں چڑچڑاپن آجاتا ہے۔ اس کی وجہ سے بات بات پر غصہ آتا ہے۔ بعض لوگوں کو متلی بھی آسکتی ہے۔

جسمانی سنسناہٹ

جسمانی علامات کے ساتھ جسمانی سنسناہٹ میں بھی فرق آتا ہے۔ ان سنسناہٹوں کی وجہ سے درد کی سنسناہٹ پیدا ہوتی ہے، غنودگی بڑھ جاتی ہے، عضلاتی تناؤ میں اضافہ ہوتا ہے اور سب سے خطرناک بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔

سوچ

جو لوگ زیادہ دباؤ میں مبتلا ہوتے ہیں، ان میں امتحانات کی تاریخ سے بہت پہلے سے منفی کیفیات پیدا ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ ان کیفیات میں سب سے زیادہ وہ اپنی سوچ سے پریشان ہوتے ہیں۔ انہیں تنقیدی خیالات آتے ہیں، بھاگنے یا سب کچھ چھوڑ دینے کا جی چاہتا ہے، دوسروں سے اپنا موازنہ شروع کردیتے ہیں کہ ہم تو اس امتحان کی وجہ سے یہ عذاب جھیل رہے ہیں اور فلاں مزے کررہا ہے۔

امتحانی کرب سے متاثر ہونے والے طلبہ وطالبات کے ذہن میں یہ مناظر چلتے رہتے ہیں کہ وہ ان کے سامنے پرچہ رکھا ہے، مگر انہیں سوالات کے جوابات نہیں معلوم یا پھر وہ کمرہ امتحان میں شدید پریشان ہیں اور اُن پر ہوائیاں اڑرہی ہیں۔ اس قسم کے ذہنی مناظر طلبہ کو مزید پریشان کردیتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا دل پڑھائی سے اچاٹ ہونے لگتا ہے اور وہ امتحان کی تیاری کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔

برتاؤ

طلبہ کا برتاؤ بھی بدلنے لگتا ہے۔ وہ کتابوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے ڈرتے ہیں۔ خاص طور پر، جس مخصوص مضمون کی تیاری نہیں ہے یا جس مضمون سے دلچسپی نہیں ہے، طلبہ اس کی کتاب کو ایک طرف رکھ دیتے ہیں کہ جو ہوگا، دیکھا جائے گا۔ یہ راہِ فرار کا ایک طریقہ ہوتا ہے۔

ایسے ہوسکتا ہے، زیادہ کھانے لگیں یا پھر بھوک ہی اڑجائے۔ بعض

اوقات لگتا ہے کہ پڑھائی کا دورانیہ ختم ہی نہیں ہو پا رہا۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ امتحانات کے کرب میں مبتلا طلبہ کی کارکردگی گھنٹے گھنٹے آدھی رہ جاتی ہے۔ یقیناً، یہ بات فکر کی ہے، کیوں کہ اگر کارکردگی اور دلچسپی اتنی گھٹ جائے گی تو لامحالہ امتحان میں اچھے نمبر لینا بہت مشکل ہو جائے گا۔

لوگوں سے میل جول

جو نوجوان امتحانات کی وجہ سے پریشان ہو جاتے ہیں، وہ ملنا جلنا بھی کم بلکہ ختم کر دیتے ہیں۔ ایگزام اسٹریس کا شکار اپنے گھر والوں سے بھی کم بات چیت کرتے ہیں اور اپنے دوستوں سے تو ملنا بالکل ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کی رہی سہی سرگرمی بھی ختم ہو جاتی ہے، حالانکہ یادداشت کو بہتر بنانے اور ذہنی تھکن دور کرنے کیلئے ضروری ہے کہ روزانہ کچھ وقت (مثلاً پینتالیس سے ساٹھ منٹ) اپنے دوستوں یاروں کے ساتھ بے تکلف بیٹھک میں گزارے جائیں۔

جذبات و احساسات

امتحانی دباؤ کا سب سے زیادہ اثر جذبات و احساسات پر ہوتا ہے۔ طبیعت میں پریشانی اور مایوسی چھا جاتی ہے۔ کچھ کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ دل کی دھڑکن بڑھ سکتی ہے۔ بعض اوقات تحرک پیدا ہوتی ہے تو فوراً مایوسی گھیر لیتی ہے۔ خوف بھی طاری ہو سکتا ہے۔ اگر یہ جذباتی نشیب و فراز بڑھ جائے تو آگے چل کر تشویش ناک ہو سکتا ہے۔

کیا کیا جائے؟

اگر آپ والدین ہیں تو امتحانات کے دنوں میں اپنے بچے کی طبیعت پر خاص توجہ دیجیے۔ وہ بالکل نارمل ہے، تب بھی اسے اہمیت دیجیے۔ ان دنوں میں اس پر گھر کے کام کاج کا زیادہ بوجھ ڈالنا مناسب نہیں ہوتا۔ البتہ اس سے تھوڑے بہت کام ضرور کرانا چاہئیں۔ کیونکہ اگر وہ بالکل ہی بیٹھ رہے گا اور جسمانی حرکت ختم ہو جائے گی تو یہ بھی اس کی ذہنی صحت کیلئے نامناسب ہے۔

اگر طبیعت میں زیادہ مایوسی یا الجھن یا چڑچڑا پن محسوس ہو، بچہ کھانے وقت کھانا نہ کھائے یا دسترخوان پر بیٹھ کر کھانا کھائے بغیر یا چند لقمے لے کر ہی اٹھ جائے تو اس اقدام کو سنجیدگی سے لیجیے۔

سب سے بہتر ہوگا، کسی مستند سائیکولوجسٹ یا کاؤنسلر سے رجوع کیا جائے۔ ایسے میں اسے سائیکاٹرسٹ کے پاس لے جانے سے گریز کیجیے، کیونکہ اکثر سائیکاٹرسٹ ذہنی سکون کی دوائیں لکھ دیتے ہیں، حالانکہ ایگزام اسٹریس یا امتحانی خوف اور کرب کیلئے یہ دوائیں بالکل کارگر نہیں، بلکہ بچے کیلئے نقصان کا باعث بن سکتی ہیں۔

کوئی دعویٰ نہیں روحانی علاج (45) کوئی وعدہ نہیں

دل کے امراض کا علاج

آج کے دور میں دل کے امراض میں مبتلا مریضوں میں بہت تیزی کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی اصل وجہ تو ہماری غذا اور موجودہ رہن سہن کا انداز ہے جس میں جسمانی مشقت کم سے کم ہوتی جا رہی ہے۔

دل کے امراض کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ چالیس یوم پر مشتمل یہ خاص روحانی علاج ہر طرح کے دل کے مرض میں مفید ہے۔ چند امراض یہ ہیں: دل کا دورہ، وجع القلب یا دل کا درد، خفقانِ قلب، اختلاج القلب، شریانوں کی سختی، دل کے پٹھے کی خرابی، دل کے والوز کی خرابی، ہائی بلڈ پریشر، لو بلڈ پریشر، دل میں سوراخ وغیرہ۔

ہدیہ 5100 روپے شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت

0346-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دار العمل ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0329 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

بغیر فیس والے اعمال منگوانے والوں سے گذارشات

1. کوپن میں غلطی کی وجہ سے کال کی جائے تو کئی کئی دن فون نہ اٹھانا۔ SMS کریں تو کوئی جواب نہ دینا۔
2. کوپن صرف موجودہ ماہ کا قبول کیا جاتا ہے۔ جب کہ لوگ پرانے رسالوں کے کوپن بھجوا دیتے ہیں۔

0333-7772775 ruhanidarsgah97

بقیہ (ص 62): ریکی (Reiki) ہیلنگ کورس

یعنی ریکی سے سات سمندر پار علاج بھی ممکن ہے مگر یہ حیرانگی اسی وقت تک قائم رہتی ہے جب تک ہم یہ نہ جان لیں کہ ہمارے جسم دراصل توانائی کے لئے ریسیور کا کام کرتے ہیں ہم توانائی کو نہ صرف وصول کرتے ہیں بلکہ اسے دوسرے اشخاص کو بھیج بھی سکتے ہیں بالکل ایسے ہی جیسے ٹیلی ویژن اور ریڈیو بھیجی جانے والی لہروں کو وصول اور نشر کرتے ہیں ہم بھی بغیر تاروں کے سہارے چلنے والے آلات ہیں۔قدرت نے ایسے قوانین بنائے ہیں اور ہمیں ایسی فضا فراہم کی ہے جس کے ذریعے ہم توانائی کو منتقل کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ریکی توانائی کے دور دراز سفر کا انحصار قدرت کی اسی مہربانی پر ہے اور ریکی توانائی کو کسی دوسری جگہ بھیجنے کے اسرار ہمیں ریکی کے دوسرے لیول میں سکھائے جاتے ہیں۔اس طریقہ کار کو اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب مادی طور پر کسی فرد کا علاج کرنا ممکن نہیں ہوتا۔اس سے آپ اپنی جگہ رہتے ہوئے دنیا کے کسی بھی ملک میں موجود فرد کا علاج کر سکتے ہیں اور آپ ایسے مریض جن کا آپ جسمانی طور پر علاج کر رہے ہوں انہیں بھی جلد صحت یاب کرنے کے لئے رات کے وقت ریکی توانائی بھیج سکتے ہیں۔اگر کوئی فرد ریکی کے متعلق نہیں جانتا اور پہلے کبھی اس طریقہ سے استفادہ نہیں کر سکا تو علاج کی کامیابی سے ہمکناری میں شبہات سر ابھار سکتے ہیں، اس لئے جس فرد کا آپ علاج کر رہے ہوں پہلے اسے اس بارے میں ضرور بتا دیں۔

ریکی کے بارے میں مزید تفصیل اور مکمل معلومات کے لیے ہماری کتاب ''ریکی ہیلنگ کورس'' کا مطالعہ فرمائیں۔جس میں ریکی طریقہ علاج پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔اور یہ کتاب انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز حویلی لکھا کے ''ریکی کورس کے نصاب'' میں بھی شامل ہے۔ہمارے ادارہ سے ریکی کورس کرنے والے تمام افراد کو یہ کتاب تحفتاً پیش کی جاتی ہے۔

ریکی ہیلنگ کورس ایک روزہ کورس ہے۔اس کے ایک درجہ کی فیس مبلغ =/6000 روپے ہے جب کہ مکمل کورس چار درجہ پر مشتمل ہے جس کی فیس مبلغ =/24000 روپے ہے۔اس کورس کے لیے فرد کا حاضر ہونا ضروری ہے۔

کوئی دعویٰ نہیں روحانی علاج (53) کوئی وعدہ نہیں

ہر قسم کے امراض گردہ کا علاج

گردوں کے امراض خواہ وہ عام مرض ہو یا خاص..... دونوں ہی بہت تکلیف دہ ہیں۔گردوں کے ہر قسم کے امراض کیلئے یہ روحانی علاج بہت مفید ہے۔ چند امراض یہ ہیں: ٭گردوں میں سوزش ٭گردوں کا سکڑ جانا ٭گردوں میں درد ٭گردوں میں خون کا جم جانا ٭گردوں میں پتھری ٭گردوں کا بڑھ جانا ٭گردوں میں سختی آ جانا ٭گردوں میں تپ دق کے دانے نکل آنا ٭گردوں کا کینسر ٭گردے کا زخمی ہونا وغیرہ۔

جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ یہ روحانی علاج بھی کریں۔یہ روحانی علاج چالیس روز پر مشتمل ہے۔مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

ہدیہ 5100 روپے شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت

0346-4312272, 042-35410586 روحانی دکان دار العمل

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

EMF Meter (Ghost Meter)

یہ میٹر کسی بھی جگہ جنات اور غیبی مخلوق کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ پاکستانی مختلف ٹی وی چینلز میں ویران اور آسیب زدہ جگہوں پر جو پروگرام چلتے ہیں، ان کی ٹیم دوسرے آلات کے ساتھ یہ لازمی استعمال کرتی ہے کیونکہ اس کے بغیر موجودگی کا پتہ نہیں لگتا۔اسی طرح دنیا کے مختلف ٹی وی چینلز پر جنوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے جو پروگرام لگتے ہیں، ان میں بھی اسی طرح کے میٹرز استعمال کیے جاتے ہیں۔

آج سائنس کے دور میں بہت سے لوگ جنات سے انکاری ہیں۔کچھ مانتے ہیں مگر یہ ماننے کو تیار نہیں کہ ہمارے گھر میں جنات کا اثر بھی ہے یا جنات موجود ہیں۔اس میٹر کے ذریعے ہر کوئی چیک کر سکتا ہے کہ گھر میں کس کس جگہ پر جنات کا اثر ہے اور کس جگہ جنات موجود ہیں۔بہت آسانی سے تھوڑی دیر میں پورا گھر چیک کیا جا سکتا ہے۔گھر کے علاوہ کسی بھی جگہ کو چیک کیا جا سکتا ہے اور مریض کو مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ عاملین کے لیے یہ آلہ بہت ہی مفید ہے۔اور جعلی قسم کے فراڈ عاملین کو بے نقاب بھی کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فلاں کے گھر میں خطرناک جنات ہیں، فوری عمل کروا ؤ ورنہ نقصان ہو جائے گا۔اگر جنات ہوں گے تو اس میٹر سے ضرور پتہ لگے گا۔خریدنے والے کو مکمل تربیت دی جاتی ہے کہ کس طرح اس کو استعمال کرنا ہے اور کیا کیا ضروری حفاظت کا بھی انتظام کرنا ہے۔

سادہ 14,500 روپے ڈیجیٹل 18,000 روپے

0334-4312272, 042-35410586 روحانی دکان دار العمل

ruhanishop

شوہر بیوی کے حقوق

اللہ تعالیٰ نے عورت کو مرد کے ماتحت رکھا ہے اور مرد کو ایک گونہ فوقیت دے کر اسے عورت کا نگہبان، نگراں، پاسبان اور ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ یہی دنیوی نظام کی بنیادی ضرورت اور اس نظام سے خوشگوار نتائج حاصل کرنے کا بنیادی تقاضا ہے، اس کی وجہ سے عورت کی اپنی حیثیت کم نہیں ہو جاتی۔ عورت کا اپنا ایک مقام ہے، اس کو گھریلو ذمہ داریاں دے کر ''گھر کی ملکہ'' کا بلند ترین رتبہ دیا گیا ہے، تجربہ اور مشاہدہ بھی یہی ہے کہ گھریلو نظام کو خوش اسلوبی سے چلانے کا ملکہ (مہارت) بھی اسی ملکہ کو ودیعت (سپرد) کیا گیا ہے۔

یوں پوری زندگی کا ایک سرسری جائزہ لیا جائے تو ہر شعبہ زندگی کمپرومائز (مصالحت) سے ہی چلتا نظر آرہا ہے۔ کہیں ''ماتحت'' اپنے شعبے کے ''ذمہ دار'' کے مزاج سے مجبوراً ہی سہی ''مصالحت'' پر آمادہ دکھائی دیتا ہے۔ کہیں شعبے کا ذمہ دار ''اپنے ماتحت'' کی عادات سے سمجھوتہ کر کے باہمی جنگ وجدل سے محفوظ رہتا ہے۔ گویا زندگی قدم قدم پر مصالحت کا نام ہے اور کوئی مصالحت (باہمی میل ملاپ) ایثار (قربانی) کے بغیر قائم نہیں رہ سکتی۔

قدرت نے جہاں مرد وعورت میں بے انتہا خوبیاں رکھی ہیں وہاں دونوں میں کچھ کمزوریاں بھی رکھی ہیں اور دونوں میں یہ صلاحیت بھی رکھی ہے کہ چاہیں تو خوبیوں اور کمزوریوں کو نمایاں کر کے دکھائیں اور چاہیں تو دونوں کو دبا کر رکھیں اور اپنی طرف سے مطالبہ یہ رکھا ہے کہ خوبیوں کو ظاہر کریں اور کمزوریوں پر قابو پائیں۔ ان فطری کمزوریوں کو نکال پھینکنے کا کوئی آپریشن آج تک نہ ایجاد ہو سکا ہے اور نہ ہی آئندہ اس کا امکان ہے۔ اگر مرد کی بعض فطری کمزوریوں کا ادراک رکھنے کے باوجود عورت بلفظ ایجاب معاہدہ کر لیتی ہے تو مرد بلفظ قبول معاہدہ کر لینے کے بعد اسے برقرار کیوں نہیں رکھ سکتا؟

واضح رہے کہ جو مرد حضرات اپنی مردانگی کے زعم میں عورت کے سدھارنے (کمزوریاں دور کرنے) کا بیڑا اٹھاتے ہیں وہ عورت کی طرف سے خاموش وسرد جنگ کا شکار ہو کر رہ جاتے ہیں اور اس طویل غیر فطری جنگ کا نتیجہ ان کے حق میں شکست کی صورت میں ایسے موقع پر ظاہر ہوتا ہے جب ان کی مردانگی بھی کافور ہو جاتی ہے اور ضروریات زندگی کیلئے بھی وہ عورت کے محتاج ہوتے ہیں۔

پس فطرت کی تعلیم یہی ہے، فطرت کا پیغام یہی ہے، فطرت کا اعلان یہی ہے، فطرتی مشعل راہ یہی ہے، فطرتی شاہراہ کا سنگ میل یہی ہے کہ عورت کی ان فطری کمزوریوں کو پس صرف سدھایا جا سکتا ہے، سدھارا نہیں جا سکتا۔ لہٰذا اس کا راعی، اس کا قوام، اس کا نگہبان، اس کا نگران، اس کا پاسبان، اس کا محافظ، اس کا ذمہ دار، ان فطری کمزوریوں کے ساتھ اس سے فائدہ اٹھائے اور اسے نوکرانی سمجھنے کے بجائے قدرت کی طرف سے عطا کردہ اس کا جائز اور واجب حق (گھر کی ملکہ) تاحال دیئے رکھے اور کوتاہیوں کی تلافی کرتا رہے لیکن اپنی حیثیت کے مطابق۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق سے نوازیں آمین۔

روحانی آبِ شفاء
برائے جادو جنات
پیکنگ: آدھ لٹر
قیمت: 50 روپے
دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کے عاملین کی بے انتہا محنت سے تیار کیا جانے والا ''روحانی آبِ شفاء (برائے جادو جنات)'' جو کہ سالہا سال سے جادو جنات کے بداثرات سے متاثرہ اور مایوس مریضوں کیلئے ایک شفاء کی اُمید ہے۔ (ان شاء اللہ) یہ پانی کسی بھی قسم کے جادو اور جناتی اثرات سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ اس روحانی پانی کا اگر گھر میں چھڑکاؤ کیا جائے تو ہر قسم کے جادو جنات کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ یہ روحانی پانی جادو جنات سے متاثرہ ہر جگہ پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ مقدار میں حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop

عظیم نعمت کان کی صحت کا خیال بھی رکھیں!

اختر سردار چوہدری (کسووال)

کان کے امراض کے عالمی دن 3 مارچ 2020 کے موقع پر ایک خصوصی تحریر

اللہ تعالیٰ کی عطاء کردہ نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت کان ہے۔ حواس خمسہ یعنی ہاتھ، ناک، آنکھ، زبان اور کان میں سے کان بہت اہمیت کا حامل ہے۔ ہمارے دماغ کو ملنے والے تمام پیغامات، اطلاعات، معلومات کا تقریباً 23 فیصد حصہ کانوں کے ذریعے ہم تک پہنچتا ہے۔ سب سے پہلے آواز کی لہریں کان کے بیرونی حصہ میں داخل ہوکر اس حصے کی نالی سے گزر کر پردہ سے ٹکراتی ہیں، پھر یہ کان میں وسطی حصے میں موجود ہڈیوں سے باری باری ٹکراتی ہیں۔ آواز کی لہریں سماعت کے عضو، گانٹھ یا گرہ سے ٹکراتی ہوئی دماغ تک پہنچتی ہیں۔ وہاں دماغ انہیں ڈی کوڈ کرتے ہوئے، معنی، دیتا ہے کہ یہ آواز کس طرف یا سمت سے؟ کس چیز کی آواز ہے؟ اس آواز کا مطلب کیا ہے؟ معنی کیا ہے؟

کان ایک حسی عضو ہے جو آواز سنتا ہے اور یہ نہ صرف آواز کو سنتا ہے بلکہ جسم کو متوازن حالت میں رکھنے میں بھی بڑا کام سرانجام دیتا ہے۔ ہر جاندار کے دو کان ہوتے ہیں، ایک دائیں طرف ایک بائیں طرف۔ اس سے آواز کی سمت اور ماخذ کا علم آسانی سے ہو جاتا ہے۔ انسانی کان تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے، جس میں بیرونی کان، درمیانی کان اور کان کا اندرونی حصہ شامل ہیں، کان کا وہ حصہ جو باہر نظر آتا ہے، بیرونی کان کہلاتا ہے۔ بیرونی کان سے ایک سوراخ اندر کی طرف جاتے ہوئے کان کو ایک ایئر ڈرم سے جوڑتا ہے، ایئر ڈرم کا پچھلے والا حصہ درمیانی کان کہلاتا ہے۔ ایئر ڈرم کے بعد کان میں ایک جھلی دار معدہ ہوتا ہے، جو سیپ کی صورت میں ہوتا ہے، اسے اندرونی کان کہتے ہیں۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کان کے امراض کا عالمی دن 3 مارچ کو بھرپور طریقے سے منایا جاتا ہے۔ تین مارچ کو یہ دن منانے کی وجہ تسمیہ بھی یہی ہے کہ تین کا ہندسہ کان کے مشابہہ ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد لوگوں کو کان کی اہمیت اور سماعت کی بیماریوں سے آگاہ رکھنا ہے۔ اس دن نامور ماہرین امراض کان اور پروفیسرز، ڈاکٹرز عوام کو کان کے امراض کے بارے آگاہی فراہم کرتے ہیں۔ جدید طرز زندگی نے ناک، کان، گلے کے امراض میں بے تحاشہ اضافہ کیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بے تحاشا شور شرابا، دھماکے، ہیڈ فونز اور ہینڈ فری کا بے جا استعمال۔ رکشہ، بسوں کے پریشر ہارن، اونچی آواز کی موسیقی، کام کی جگہ مشینوں اور لوگوں کا شور و غوغا، ریڈیو، ٹی وی کا شور۔ کان اور سماعت کے مختلف امراض کے اسباب میں شامل ہیں۔

اسلامی اصولوں کے مطابق غذا چبا کر کھانا، آہستہ سے کھانا، پیٹ بھر کر نہ کھانا، پانی تین وقفوں سے پینا اور کھانے پینے میں اعتدال سے کام لینا، یہ سب باتیں نہ صرف ناک، کان اور گلے بلکہ دیگر امراض سے بھی بچاتی ہیں۔ کان کے اندر پانی چلے جانے، کان میں میل جمع ہو کر گیلا ہو جانے یا سوکھ جانے، کان میں پھوڑا پھنسی یا گھاؤ ہونے کے سبب کان میں شدید درد، یکا یک بہت تیز درد، ٹیس مارتا ہوا درد، ناقابل برداشت درد ہوتا ہے۔ کان میں درد کسی بھی سبب سے ہو، جلد سے جلد اپنے قریبی ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیئے۔

ہمیں اپنے کان خود صاف کرنے کی بجائے ڈاکٹر سے مشورہ کر کے کسی دوا کے ذریعے صاف کروانے چاہیئے۔ کیونکہ ہم سوئیب (روئی لپٹی سلائی) کے ذریعے صفائی کرتے رہتے ہیں، یہ سلائی بہت چھوٹی ہوتی ہے اور کان کے سوراخ کے اندر تک چلی جاتی ہے، جب آپ اس سے کان کی صفائی کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو میل باہر کے بجائے کان میں مزید اندر تک گھس جاتا ہے، جہاں پھر وہ نالی میں پھنس کر جم جاتا ہے اور پھر اس کا نکلنا دشوار ہو جاتا ہے۔ کان کی نالی کے اندر تک پہنچنے والے اس میل کی وجہ سے

فنگس، بیکٹریا یا کوئی وائرس پیدا ہوسکتا ہے، جو بعد ازاں کان میں درد یا کسی اور انفیکشن کا باعث بنتا ہے۔

کان کو ہمیشہ بہت احتیاط سے صاف کرنا چاہئے بلکہ خود صاف ہی نہیں کرنا چاہئے۔ نہاتے وقت کان میں روئی تیل میں بھیگو کر کان میں رکھ لیں تو کان میں پانی جانے سے بچایا جاسکتا ہے۔ کان کا درد ہو تو فوری طور پر معالج سے رابطہ کرنا چاہیے۔ خود ڈاکٹر نہیں بننا چاہئے۔ کان کے اندر پھنسیوں کی صورت میں کوئی سا تیل یا محلول دوا نہ ڈالیں۔ بلکہ اپنے معالج کو چیک کروائیں اور تجویز کردہ دوا استعمال کریں۔ اسی طرح کان میں کچھ پھنس جانے کی صورت میں خود سے نکالنے کی کوشش نہ کریں۔ اور کان کبھی بھی نوکدار یا باریک چیز سے نہ کھجائیں۔ ہمیشہ حلق کی بیماریوں اور نزلہ زکام سے اپنی حفاظت کریں۔ کیونکہ ناک، کان، گلے کا سسٹم ایک ہی ہے۔ ایک خراب ہوا تو دوسرا ساتھ ہی خراب ہوجائے گا۔ انسان کو جسم کے دیگر حصوں کی طرح کان کی صحت کا بھی خاص خیال رکھنا چاہئے۔

کان میں درد یا انفیکشن کی صورت میں ناک کو زیادہ زور سے صاف کرنے کی کوشش نہ کریں۔ کھٹی اور ترش اشیاء اور تربوز، پپیتا اور کھیرے کا استعمال نہ کریں کیونکہ ان غذاؤں کے استعمال سے ریشہ ہونے کے مواقع بڑھ جاتے ہیں جو کانوں سے متعلق مسائل کو اور زیادہ بنا دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ریفریجریٹر میں رکھے گئے کھانوں سے بھی اجتناب برتیں۔ کانوں کے درد اور دیگر مسائل کے دوران پیاز، ادرک اور لہسن کا استعمال بہترین ثابت ہوتا ہے۔ کان میں درد ہو رہا ہو تو گرم پانی سے غسل لے لیں۔ خواتین بچوں کو نہلاتے ہوئے اس بات کا دھیان نہیں رکھتیں کہ بچوں کے کانوں میں پانی زیادہ نہ جائے۔

کان میں پانی جانے کی صورت میں شدید تکلیف کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ بچوں کو فلو اور نزلہ زکام ہونے کی صورت میں فوراً علاج کروائیں۔ اپنے ہاتھوں اور بچوں کے کھلونوں کو اچھی طرح دھوئیں تاکہ کھیلتے وقت یا منہ میں ڈالتے وقت جراثیم بچے کے پیٹ میں نہ جا سکیں۔ بچے بڑے سب غفلت اور لاپرواہی نہ کریں اور اپنے کانوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

کان کی نسیں کمزور ہونے سے یا تو آواز بالکل سنائی ہی نہیں دیتی اور اگر سنائی دے بھی تو سمجھ نہیں آتی۔ یہ شکایت عام طور پر 70 سال سے زائد عمر کے لوگوں میں پائی جاتی ہے۔ شور میں کام کرنے والے فیکٹری ورکرز اگر سوشل سیکیورٹی قوانین پر عمل نہیں کرتے تو ان کے کان جلدی خراب ہو جاتے ہیں۔ شوگر کے مریضوں میں 50 سال کی عمر میں کانوں کے مسئلے پیدا ہوسکتے ہیں اور ایسے لوگوں میں کم سنائی دینے کی شکایت پائی جاتی ہے۔

بڑھتی عمر کے ساتھ بھی کان کی سماعت متاثر ہوتی ہے اور بھی وجوہات ہیں جن سے کان کی سماعت متاثر ہوتی ہے۔ وہ کان کا درمیان والا حصہ ہے اس میں کان کے پردے کا پھٹا ہونا، کان کا بہنا، نزلہ سے ٹیوب بلاک ہوکر کان بند ہونا۔ کان کی میل اچانک کان کے پردے پر آجانے سے، نہانے سے، پانی کان میں جانے سے بھی کان بند ہوجاتا ہے۔ یہ کان بند ہونے کی وہ وجوہات ہیں جو قابل علاج ہیں۔

دفع آسیب کا خاص عمل

ہدیہ: 1600 روپے

ایک ایسا عمل جو جنات و آسیب زدہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس عمل کے چند فوائد:

- سخت سے سخت آسیب مریض کا جسم چھوڑ کر چلا جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب کا اثر مریض پر سے ختم ہوجائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب گھر و دفتر سے نکل جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب بلڈنگ سے نکل جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب فیکٹری و گودام سے نکل جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب زمین، رقبہ، کھیت سے نکل جائے گا۔

0320-7772775, 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل حنفیہ
ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 ruhanidarsgah97

آپ کی بیماریاں اور ان کا طبی حل

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

دماغی کمزوری

سوال محترم حکیم صاحب! میری عمر 16 سال ہے۔ میں قرآن کریم حفظ کر رہا ہوں۔ میرا دماغ بہت کمزور ہے۔ پڑھتا ہوں، بہت محنت بھی کرتا ہوں لیکن نہ سبق جلدی یاد ہوتا ہے اور سبقی پارہ اور منزل یاد رکھنے میں بھی دشواری پیش آرہی ہے۔ آپ کے ادارے سے حافظہ کورس منگوایا تھا۔ اس سے کافی فائدہ ہوا ہے۔ آپ براہ کرم میرے لئے کوئی اچھی سی دوائی بھی تجویز فرمادیں۔ (محمد رضوان، مدرسہ تعلیم الاسلام چنیوٹ)

جواب آپ دماغی ٹانک کا بڑا اجار مطب العارف سے منگوالیں۔ اوران سے دم کرنے کا بھی کہہ دیں کہ وہ آپ کو روحانی دم کروا کر بھیج دیں۔ روزانہ صبح شام آدھا چمچ کھائیں۔ ان شاءاللہ پہلے دن سے ہی آپ کو مکمل فائدہ محسوس ہوگا۔ اور آپ کا سبق، سبقی، منزل والا سارا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ آپ کی سوچ اور توقع سے بڑھ کر آپ کو اس سے فائدہ ہوگا۔ دماغ بھی خوب طاقت ور ہوجائے گا۔ پڑھنے سے جو آپ تھک جاتے ہیں۔ گردن، کندھوں اور سر میں درد کا جو آپ نے لکھا ہے، یہ تمام بیماریاں بھی پہلے دن سے ہی ٹھیک ہونا شروع ہوجائیں گی۔

پیشاب کی جلن

سوال محترم حکیم صاحب! میری عمر 19 ال ہے، گزشتہ 2 سال سے پیشاب کی جلن کی بیماری میں مبتلا ہوں۔ بہت علاج کروایا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ بعض اوقات کچھ فرق محسوس ہوتا ہے۔ لیکن پھر پہلے کی طرح شدید جلن شروع ہوجاتی ہے۔ ازراہ کرم کوئی اچھی سی دوائی تجویز فرمائیں یا پھر آپ میرے لئے اپنے مطب سے روانہ کردیں۔ اس کا بل میں آپ کو ایزی پیسہ کے ذریعے سے بھیج دیتا ہوں۔ (سعید الرحمن، چکوال)

جواب محترم سعید الرحمن صاحب! پانی کثرت سے پیا کریں۔ تیل سے بنی ہوئی اور تمام گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ مرغن غذائیں کھانا بالکل بند کردیں، تیز مرچ مصالحہ والی چیزیں بھی آپ کیلئے سخت نقصان دہ ہیں۔ آپ کیلئے مطلب العارف سے ٹھنڈک کورس روانہ کررہا ہوں۔ اس کی پہلی خوراک سے ہی آپ کو جلن میں واضح کمی محسوس ہوگی اور پھر چند دن میں ہی آپ کو مکمل آرام آجائے گا لیکن بہتر یہ ہے کہ آپ 3 کورس مسلسل بلاناغہ استعمال کریں۔ چونکہ آپ کا مسئلہ پرانا اور کافی زیادہ ہے۔ اس کورس میں 3 ادویات ہیں۔ (۱) شربت ٹھنڈک خاص۔ (۲) ٹھنڈک گولیاں۔ (۳) سفوف ٹھنڈک۔ آپ نے صبح شام خالی پیٹ ادویات کو استعمال کرنا ہے۔ ایک گلاس پانی میں شربت ٹھنڈک پانچ چمچ شامل کرکے اچھی طرح حل کرلیں اور پھر اس ٹھنڈے میٹھے شربت سے 2 گولیاں ٹھنڈک اور آدھا چمچ سفوف ٹھنڈک لے لیں۔ اس ٹھنڈک کورس کی پہلی خوراک ہی جلن کو ختم کردیتی ہے۔ ان شاءاللہ پیشاب کی جلن کا مریض مرد ہو یا عورت، بچوں، نوجوانوں، بوڑھوں ہر عمر کے تمام افراد کیلئے یکساں مفید ہے اور یہ ٹھنڈک کورس بہت ہی مجرب، آزمودہ اور پیشاب کی جلن کیلئے سو فیصد مفید ہے۔

کندھوں، گھٹنوں اور کمر میں شدید درد

سوال محترم حکیم صاحب! میری عمر 30 سال ہے۔ مجھے کندھوں، گھٹنوں اور کمر میں شدید درد رہتا ہے۔ ڈاکٹروں سے بہت علاج کروایا لیکن دو تین دن ٹھیک رہنے کے بعد پھر اسی طرح درد شروع ہوجاتا ہے۔ برائے مہربانی کوئی اچھی سی دوائی تجویز فرمادیں۔ (حبیب اللہ، اٹک)

جواب حبیب اللہ صاحب! بظاہر آپ کو وجع المفاصل یعنی جوڑوں کا درد شروع ہورہا ہے اور یہ بہت موذی مرض ہے۔ اچھے بھلے انسان کو اللہ نہ کرے محتاج بنا کر رکھ دیتا ہے۔ آپ کو اس کے علاج کی طرف پوری توجہ دینی چاہیے اور کسی اچھے حکیم صاحب سے مستقل علاج کرانا چاہیے۔ آپ آج سے پانی زیادہ مقدار میں پینا شروع کردیں تاکہ آپ کے جوڑوں میں جمع شدہ تمام خراب مادے، یورک ایسڈ وغیرہ مکمل طور پر (بقیہ ص 42)

صحت کے لئے مفید ترین قدرتی فارمولے۔ان ادویات کے حیرت انگیز اثرات آپ کو ان کی افادیت کا قائل کر دیں گے

الرجی نِل

قیمت:200روپے **پیکنگ:20گولیاں**

جلدی الرجی کی تمام اقسام میں بے حد مفید

الرجی نل چند قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص مرکب ہے جو کہ حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے۔

◆خون کی صفائی کے لئے بہترین چیز ہے◆جلن اور خارش ختم ہو جاتی ہے ◆چھپاکی کے لئے موثر دوا ہے◆ون کی بڑھی ہوئی حدت (گرمی) کو فوری طور پر دور کرتی ہے◆فساد خون سے پیدا ہونے والی بیماریوں مثلاً خارش، دھدر، پھوڑے پھنسی میں بہت مفید ہے◆گھبراہٹ اور جسم میں سوئیاں سی چبھنے کی کیفیت کو فوراً آرام پہنچاتی ہے

بے مثال مرہم

قیمت:60روپے

"بے مثال مرہم" کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ جلد کی کوئی بھی تکلیف ہو مثلاً دھدر، چنبل، جلنے کا زخم، کٹنے کا زخم، پھوڑے پھنسی کا زخم، ختنہ کا زخم، ناف کا زخم، ہاتھ کی انگلیوں کا پھٹنا، ایڑیوں کا پھٹنا، ہونٹوں کا پھٹنا، منہ کے اندر کے چھالے، آنکھوں کی تمام تکالیف اور جانوروں کے کاٹے کے زخم کو فوری مندمل کر کے صحت سے ہم کنار کرتا ہے۔

◆ بے مثال مرہم خراش پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!
◆ بے مثال مرہم جل جانے پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!
◆ بے مثال مرہم کسی بھی زخم پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!
◆ بے مثال مرہم منہ کے چھالوں پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!
◆ بے مثال مرہم آنکھوں کے جملہ امراض میں لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!
◆ بے مثال مرہم ہر قسم کی کٹن اور پھٹن پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!

جلد کی کسی بھی تکلیف میں لگائیں، اس کے نتائج اور فوائد دیکھ کر آپ حیران رہ جائیں گے ان شاء اللہ العزیز۔

بی پی نِل

قیمت:200روپے **پیکنگ:20گولیاں**

بی۔ پی نِل چند قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص مرکب ہے جو کہ حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے۔

آپ جانتے ہیں کہ "ہائی بلڈ پریشر" کا مرض بہت ہی عام ہوتا جا رہا ہے۔ ہر تیسرا فرد اس مرض کا شکار ہے۔ بے جا غصہ، ٹینشن، لڑائی جھگڑے کے پیچھے یہی مرض کارفرما ہے۔

بی۔ پی نِل ہائی بلڈ پریشر کے لئے تریاق کا کام کرتی ہے۔ بلڈ پریشر جتنا بھی تیز ہو **بی۔ پی نِل** کے استعمال سے اپنی نارمل حالت پہ آ جاتا ہے۔

فوائد: ◆خون کے بڑھے ہوئے دباؤ (ہائی بلڈ پریشر) کو اعتدال پہ لاتی ہے◆ذہنی عدم توازن اور انتشار کے لئے موثر دوا ہے◆بے خوابی اور ذہنی پریشانی کے لئے بہت مفید ہے ◆بے چینی اور گھبراہٹ کو دور کر کے طبیعت میں سکون پیدا کرتی ہے◆ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے رہنے والے درد سر کو دور کرتی ہے

خاص بات: بی۔ پی نِل کے کچھ عرصہ استعمال سے بعض دفعہ تو بلڈ پریشر کے مرض سے چھٹکارا ہی مل جاتا ہے۔

جام صحت 37 نمبر

قیمت:500روپے **پیکنگ:20کیپسولز**

مقوی اعصاب، مقوی اعضائے رئیسہ اور طاقت و توانائی کا خزانہ

◆ضعف قلب و دماغ، ضعف اعصاب، درد کمر کے لئے اکسیر ہے◆اس کے استعمال سے اول تو تھکاوٹ ہوتی نہیں، ہو تو دور ہو جاتی ہے◆تمام امراض باردہ میں بہت مفید ہے◆تمام بلغمی امراض (نزلہ، زکام، کھانسی، نمونیہ) اور پسلی و سینہ کے درد کے لئے بے حد موثر دوا ہے◆پٹھوں کی کمزوری اور درد کے لئے مفید ہے◆خون کی کمی اور لو (LOW) بلڈ پریشر کے لئے فائدہ مند ہے ◆جگر، معدہ اور انتڑیوں کی کمزوری دور ہو جاتی ہے◆گیس کا خاتمہ ہو جاتا ہے ◆بدن میں چستی پیدا ہو جاتی ہے◆کثرت پیشاب میں نافع ہے◆پاؤں کے سرد رہنے میں مفید ہے◆صنفی ضعف میں بھی کارآمد ہے◆بدن میں کہیں بھی درد ہو، اسے ختم کرتا ہے◆ہاتھ، پاؤں کے سن ہونے میں مفید ہے

رابطہ مطب العارف، 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ Email: matabalaarif@gmail.com
042-35410586, 0320-7772772 Web: darulamal.org/matabalaarif

ڈاکٹر اختر احمد

غریبوں کے لیے وزن کم کرنے کے 20 طریقے

جسمانی وزن میں کمی کے حوالے سے رپورٹس سامنے آتی رہتی ہیں اور لوگوں کو عجیب وغریب چیزیں کرنے کا مشورہ بھی دیا جاتا ہے جن کے ٹھوس شواہد بھی نہیں ہوتے۔ گزرتے برسوں میں سائنسدانوں نے متعدد طریقہ کار دریافت کیے ہیں جو موٹاپے سے بچاؤ یا اس میں کمی لانے کے لیے موثر ہیں۔ یہاں سائنسی شواہد پر مشتمل جسمانی وزن میں کمی کے طریقے کار درج کیے جارہے ہیں۔

پانی پئیں خصوصاً کھانے سے قبل

ایسا اکثر کہا جاتا ہے کہ پانی پینا جسمانی وزن میں کمی کے لیے مددگار ثابت ہوسکتا ہے اور طبی سائنس نے اسے درست ثابت کردیا ہے۔ پانی پینا آپ کے میٹابولزم کو ایک سے ڈیڑھ گھنٹے کے لیے 24 سے 30 فیصد تک بڑھا دیتا ہے اور زیادہ حرارے (کیلوریز) جلانے میں مدد ملتی ہے۔ برمنگھم یونیورسٹی کی ایک حالیہ تحقیق کے مطابق کھانے سے آدھا گھنٹے قبل آدھا لیٹر پانی پینا جسمانی وزن میں کچھ ماہ کے اندر 44 فیصد تک زیادہ کمی لاسکتا ہے۔

ناشتے میں انڈوں کا استعمال

انڈوں کا استعمال متعدد فوائد کا حامل ہوتا ہے اور ان میں جسمانی وزن میں کمی لانا بھی ہے۔ طبی تحقیقی رپورٹس میں ثابت ہوا ہے کہ ناشتے میں انڈوں کا استعمال اگلے 36 گھنٹوں میں کم کیلوریز کو جسم کا حصہ بنانے جبکہ وزن اور جسمانی چربی میں کمی کا باعث بنتا ہے۔

کافی پینا (زیادہ تر چینی نہیں)

کافی خاص طور پر معیاری کافی میں آکسائیڈنٹس کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے جس سے متعدد طبی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ تحقیقی رپورٹس سے ثابت ہوا ہے کہ کافی میں شامل کیفین جسمانی میٹابولزم کو تین سے گیارہ فیصد تک بڑھاتا ہے اور چربی گھلانے کا عمل 10 سے 29 فیصد بڑھ جاتا ہے۔ تاہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس میں چینی یا زیادہ کیلوریز والے اجزاء کو شامل نہ کریں، ورنہ یہ گرم مشروب کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکے گا۔

سبز چائے بھی بہترین

کافی کی طرح سبز چائے بھی بہت فائدہ مند مشروب ہے اور ان میں سے ایک فائدہ جسمانی وزن میں کمی ہے۔ سبز چائے میں کیفین کی مقدار کم ہوتی ہے مگر یہ طاقتور اینٹی آکسیڈنٹس سے بھرپور مشروب ہے جو چربی گھلانے کے عمل کو تیز کردیتا ہے۔ متعدد طبی تحقیقی رپورٹس کے مطابق سبز چائے وزن کم کرتی ہے۔

کھانا پکانے کے لیے ناریل کے تیل کا استعمال

ناریل کا تیل انتہائی صحت بخش ہوتا ہے۔ اس میں خصوصی فیٹس کی بھرمار ہوتی ہے جو میٹابولزم کی رفتار کو بڑھا کر کیلوریز جلانے کی شرح تیز کر دیتے ہیں۔ اسی طرح یہ خوراک کی اشتہا کو بھی کم کرتا ہے جس سے بہت زیادہ غذا جسم کا حصہ نہیں بن پاتی۔

شکر کے استعمال میں کمی

موجودہ عہد کی غذا میں چینی کا اضافہ سب سے بدترین جز ہے اور بیشتر افراد اس کی بہت زیادہ مقدار جسم کا حصہ بنا لیتے ہیں۔ طبی سائنس ثابت کر چکی ہے کہ چینی کا استعمال اور موٹاپے کے خطرے میں گہرا تعلق موجود ہے جبکہ ذیابیطس ٹائپ ٹو، امراض قلب اور دیگر کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اگر آپ جسمانی وزن کم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو چینی کے استعمال میں کمی لانا ہوگی، خاص طور پر باہر کی غذاؤں کے لیبل ضرور پڑھیں کیونکہ ان میں چینی کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے۔

ریفائن کاربوہائیڈریٹس کا استعمال

ریفائن کاربوہائیڈریٹس عام طور پر چینی یا اجناس جیسے سفید ڈبل روٹی اور پاستا وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔ طبی سائنس کے مطابق ریفائن کاربوہائیڈریٹس بلڈ شوگر کو بہت تیزی سے اوپر لے جا کر بھوک، اشتہا اور بہت کم وقت میں کھانے کی مقدار کے استعمال کو بڑھا دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا استعمال موٹاپے کی بڑی وجہ قرار دیا جاتا ہے۔

چھوٹی پلیٹوں کا استعمال

چھوٹی پلیٹوں کا استعمال کرنے سے بھی لوگ خود کار طور پر کم کیلوریز کے استعمال کو ممکن بنا سکتے ہیں، جس کی مختلف طبی رپورٹس میں تصدیق بھی کی گئی ہے۔ سننے میں جتنا بھی حیرت انگیز طور ہو مگر یہ کارآمد ثابت ہوتا ہے۔

بھوک کی تسلی کے لیے صحت بخش خوراک اردگرد رکھنا

اپنے قریب صحت بخش غذا کو رکھنا آپ کو ایسی چیزوں سے دور رکھتا ہے جو غیر صحت مند ثابت ہو سکتی ہیں، خاص طور پر بہت زیادہ بھوک لگنے کی صورت میں کچھ چیزوں کو رکھنا اور تیار کرنا بہت آسان ہوتا ہے جیسے کچھ مقدار میں گریاں (اخروٹ، بادام وغیرہ) دہی، ابلے ہوئے انڈے اور پھل۔

رات کے کھانے کے بعد دانتوں پر برش

متعدد افراد مشورہ دیتے ہیں کہ رات کو کھانے کے بعد دانتوں کو برش کرنا یا خلال فائدہ مند طریقہ کار ہے۔ ایسا کرنے کی صورت میں آپ کے اندر رات گئے منہ چلانے کی اشتہا پیدا نہیں ہوتی۔

مسالے دار غذاؤں کا استعمال

پاکستانیوں کو تو مرچ مسالے کا شوق ہوتا ہے اور مسالے دار غذاؤں میں ایک جز کیپسیسین پایا جاتا ہے جو میٹابولزم کو فروغ دیتا ہے اور کھانے کی اشتہا میں کچھ حد تک کمی لاتا ہے، اس بات کی تصدیق کچھ طبی تحقیقی رپورٹس میں بھی کی گئی ہے۔

ایروبک ورزش کرنا

ایروبک ورزشیں کرنا بھی کیلوریز کو جلانے کا ایک زبردست طریقہ ہے جس سے جسمانی اور ذہنی صحت میں بھی بہتری آتی ہے۔ طبی سائنس کے مطابق یہ ورزشیں خاص طور پر پیٹ کے گرد جمع ہونے والی چربی یا توند میں کمی لانے کے لیے موثر ثابت ہوتی ہیں، یہ چربی میٹابولک امراض اور اعضاء پر چڑھ کر مختلف مسائل کا باعث بنتا ہے۔

وزن اٹھانا

ڈائٹنگ کا ایک سب سے مضر اثر پٹھوں کو نقصان پہنچنے اور میٹابولک سست روی ہوتا ہے جسے اکثر فاقہ کشی کا نتیجہ بھی کہا جاتا ہے۔ اس سے بچنے کا بہترین طریقہ کسی قسم کی مزاحمتی ورزش کرنا ہے جیسے وزن اٹھانا۔ طبی سائنس نے ثابت کیا ہے کہ وزن اٹھانا آپ کے میٹابولزم کو متحرک رکھتا ہے اور پٹھوں کے حجم میں کمی بھی نہیں آنے دیتا۔ یقیناً اس سے چربی نہیں گھلتی تاہم پھر بھی یہ مزاحمتی ورزشیں جسمانی وزن کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔

فائبر زیادہ کھائیں

جسمانی وزن میں کمی کے لیے اکثر فائبر کے استعمال کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے شواہد ملے جلے ہیں تاہم کچھ رپورٹس کے مطابق فائبر پیٹ بھرے ہونے کے احساس کو بڑھا دیتا ہے جبکہ طویل المعیاد عرصے کے بعد جسمانی وزن کو کنٹرول کرنے میں مدد بھی دیتا ہے۔

سبزیوں اور پھلوں کا زیادہ استعمال

سبزیوں اور پھلوں میں متعدد خصوصیات ہوتی ہیں جو جسمانی وزن میں کمی کے لیے موثر ثابت ہوتی ہیں۔ ان میں کیلوریز کی مقدار کم جبکہ فائبر کی زیادہ ہوتی ہے۔ اسی طرح ان میں پانی بھی پایا جاتا ہے جو کم کثافت کے ساتھ توانائی فراہم کرتا ہے، سب سے اہم یہ کہ انہیں جسم کا حصہ بنانے کے لیے کچھ دیر چبانا پڑتا ہے جس سے پیٹ جلدی بھرنے کا احساس ہوتا ہے۔

تحقیقی رپورٹس سے ثابت ہوتا ہے کہ جو لوگ سبزیاں اور پھل زیادہ استعمال کرتے ہیں وہ جسمانی طور پر بھی کم وزن کے حامل ہوتے ہیں۔ پھل اور سبزیاں صحت منداور نیوٹریشن سے بھرپور ہوتے ہیں لہٰذا ان کا استعمال ہر قسم کے فوائد کے لیے اہم ہے۔

آہستگی سے چبانا

دماغ کو اس بات کا احساس کرنے میں کچھ وقت لگتا ہے کہ آپ نے پیٹ بھرنے کی حد تک کھالیا ہے۔ کچھ طبی رپورٹس کے مطابق آہستگی سے چبانا کم کیلوریز کو جزو بدن بنانے میں مدد دیتا ہے اور ایسے ہارمونز کی مقدار کو بڑھا دیتا ہے جو جسمانی وزن میں کمی کا باعث بنتے ہیں۔

اچھی نیند

نیند بھی صحت بخش غذا اور ورزش جتنی اہمیت رکھتی ہے۔ مختلف طبی تحقیقی رپورٹس سے ثابت ہوا ہے کہ کم نیند موٹاپے کا خطرہ بننے والی اہم ترین وجوہات میں سے ایک ہے۔ کم سونے سے بچوں میں موٹاپے کا خطرہ 89 فیصد جبکہ بالغ افراد میں 55 فیصد تک بڑھ جاتا ہے۔

کھانے کی لت کو شکست دینا

2014ء کی ایک تحقیق کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ 9.19 فیصد افراد کھانے کی لت میں مبتلا ہیں۔ اگر آپ بہت زیادہ اشتہا کے شکار ہیں اور کھانے پر کنٹرول کرنا ممکن نظر نہیں آتا، چاہے کتنی بھی کوشش کرلیں تو آپ کھانے کے نشے کی لت کے شکار ہوسکتے ہیں۔ اس معاملے میں ماہرین سے مدد لیں۔ اس مسئلے کو حل کیے بغیر جسمانی وزن میں کمی لانے کی کوشش کریں جس کے بعد اس پر قابو پانا آسان ہوجائے گا۔

زیادہ پروٹین غذا کا حصہ بنائیں

جسمانی وزن میں کمی کی بات ہو تو پروٹین سب سے اہم جز ہے۔ پروٹین سے بھرپور غذا کا استعمال میٹابولزم کو بڑھاتا ہے اور زیادہ کیلوریز جلتی ہیں جبکہ اس سے پیٹ بھرنے کا احساس بھی زیادہ وقت تک برقرار رہتا ہے جس کے نتیجے میں اوسطاً روزانہ 441 کیلوریز کے کم استعمال کا باعث بنتا ہے۔ ایک تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ پروٹین 25 فیصد تک کیلوریز میں کمی لانے کے ساتھ ساتھ کھانے کے بارے میں سوچ کو بھی 60 فیصد تک کم کرنے میں مدد دینے والا جز ہے۔

میٹھے مشروبات اور فروٹ جوسز سے پرہیز

چینی نقصان دہ ہے مگر سیال شکل میں شکر زیادہ بدترین ہے۔ طبی سائنس نے ثابت کیا ہے کہ سیال چینی سے حاصل ہونے والی کیلوریز موجودہ عہد کی غذاؤں میں موٹاپے کا باعث بننے والا سب سے اہم پہلو ہے۔ مثال کے طور پر ایک تحقیق کے مطابق چینی سے بنے مشروبات کے نتیجے میں بچوں میں موٹاپے کا خطرہ ساٹھ فیصد تک بڑھ جاتا ہے۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اس بات کا اطلاق فروٹ جوسز پر بھی ہوتا ہے جس میں اتنی ہی چینی ہوتی ہے جتنی ایک سافٹ ڈرنک میں۔ پھل کو کھانا اس کے جوس کے مقابلے میں زیادہ بہتر ہے۔

العارفی شہد کے نایاب شفاء بخش شہد

1 پلوسہ/بھادی کا شہد قیمت: 800 روپے کلو

یہ شہد پلوسہ کے پودے سے حاصل کردہ ہے، اس کے گاڑھے پن کی وجہ سے اس کو بآسانی کشید نہیں کیا جاسکتا۔ یہ مائع کی صورت میں کافی عرصہ تک رہ سکتا ہے اور اس کا جمنا قدرتی عمل ہے۔ اس میں قدرتی طور پر تین اقسام کے ایسڈ پائے جاتے ہیں جو انسانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس شہد کا مشروب بھی بنایا جاسکتا ہے، جبکہ ناشتے میں اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔

2 بیری کا شہد قیمت: 3000, 2400, 1400 روپے کلو

یہ شہد بیری کے پودے سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جو ایک پرتعیش شہد مانا جاتا ہے۔ یہ شہد انسان کے اعضابی نظام کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی جسم میں پیدا ہونے والی گیسوں کو بھی کم کرتا ہے۔ جبکہ اس شہد کے استعمال سے معدے کا السر، ارجی اور جوڑوں کے درد سے نجات ملتی ہے۔ اس شہد کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اس کو ادویات میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

3 اجوائن کا شہد قیمت: 1400 روپے کلو

یہ شہد اجوائن کے پودے سے حاصل کردہ شہد ہے جو کہ نظام ہضم کے ساتھ جسم کے دیگر افعال کو بھی درست کرتا ہے۔ یہ ذائقہ کے اعتبار سے بے مثل و بیش قیمت ہے۔ کیونکہ اس کی نایاب خوشبو اور ذائقہ منفرد ہے۔ بالکل نیا موسم سرما کا شہد۔ سوات کے علاقے سے حاصل کیا گیا بیش قیمت شہد۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

ریکی (Reiki) ہیلنگ کورس

پچھلے شمارے میں ریکی کا پہلا درجہ بیان کیا گیا تھا، اب مزید ملاحظہ فرمائیں۔

ریکی کا دوسرا درجہ لیول

اب ہم ریکی کے دوسرے درجے کا کچھ احوال بیان کرتے ہیں جس میں ریکی کا واسطہ Chanell بننے والا فرد اس قابل ہوجاتا ہے کہ وہ دور دراز جگہوں پر موجود مریضوں کو ریکی پہنچا سکتا ہے اور ان کی بیماریوں کا علاج کرسکتا ہے۔ ریکی کے دوسرے درجے میں طالب علم کو ہاتھ کی ہتھیلیاں جسم پر رکھ کر ریکی توانائی پہنچانے کی محتاجی نہیں رہتی بلکہ اس میں زیادہ زور بجائے مادی جسم پر توجہ مرکوز کرنے کے ایتھری یا مثالی جسم پر دیا جاتا ہے، اس درجے میں وجدانی مرکز جو پچوٹری گلینڈ پر واقع ہوتا ہے میں تحریک پیدا ہونا شروع ہوجاتی ہے اور اس لیول Level کے اختتام پر وہ پوری آب وتاب سے چمکنا شروع کردیتا ہے جس کے سبب طالب علم اپنے آپ کو روحانی دنیا اور ریکی سے اور زیادہ ہم ربط محسوس کرتا ہے اور بیماری کو اس کی جڑوں سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ ریکی کے دوسرے درجے کا طالب علم ریکی کو ماضی اور مستقبل میں بھی بھیج سکتا ہے۔ مثلاً اگر کسی فرد کو ماضی میں ہونے والے کسی نقصان یا اندوہناک وقعہ کی وجہ سے غم کا روگ لگا ہوا ہے جو کسی صورت اس کی یاداشت سے محو نہیں ہو پاتا تو ریکی دوم کا طالب علم اس واقعہ کو ذہن سے صاف کرنے کے لئے ماضی میں ریکی کو بھیج سکتا ہے یا کچھ عرصے بعد ہونے والی میٹنگ یا انتخاب کے لئے بھی ریکی کو مستقبل میں بھیجا جاسکتا ہے۔ بہت سے لوگوں کو یہ جان کر بہت حیرت ہوگی کہ ریکی بغیر کسی مادی وسیلہ کے بھی سفر کرسکتی ہے یعنی ریکی سے سات سمندر پار علاج بھی ممکن ہے مگر یہ حیرت صرف اُسی وقت تک قائم رہتی ہے جب تک ہم یہ نہ جان لیں کہ ہمارے جسم دراصل توانائی کے لئے ریسیور کا کام کرتے ہیں۔ ہم توانائی کو نا صرف وصول کرتے ہیں بالکل ایسے ہی جیسے ٹیلی ویژن اور ریڈیو بھیجی جانے والی لہروں کو وصول اور نشر کرتے ہیں۔ ہم بھی بغیر تاروں کے سہارے چلنے والے آلات ہیں۔ ریکی کے دوسرے درجہ میں تین خاص کرشماتی الفاظ بھی ریکی ماسٹر سکھاتے ہیں۔ یہ الفاظ دراصل خاص قسم کی روشنیوں کی شکلوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ ریکی ماسٹر جب ریکی درجہ دوم کے طالب کو ان الفاظ کی مشق کرواتے ہیں تو نا صرف ان کو یہ الفاظ سکھاتے ہیں بلکہ یہ الفاظ روشنی سے بنی ہوئی جن اشکال کو ظاہر کرتے ہیں اُن کو بھی طالب علم سے متعارف کردیتے ہیں۔ یہاں ہم اُن الفاظ کے ناموں اور خواص کا ذکر کرتے ہیں۔

1۔ چو۔ کو۔ رے۔ Cho ku Rei

ان کرشماتی الفاظ کی روشنیاں طاقت کو ظاہر کرتی ہیں اور ان الفاظ کا مطلب ہے کہ طاقت وہاں آجائے جہاں اس کی ضرورت ہے یا جہاں ریکی ہیلر یا ریکی ماسٹر چاہتا ہے بیمار افراد کے ساتھ ماحول کو بھی ریکی توانائی سے لطیف بنایا جاسکتا ہے۔ یہ الفاظ کسی فرد یا ماحول میں ریکی کی قوت کو بڑھانے کے لئے بھی استعمال کئے جاتے ہیں، ان کے ذیل استعمالات ہیں۔

☆ ریکی کی قوت ماحول کو بڑھانے کے لئے
☆ دوسرے کرشماتی الفاظ کی طاقت بڑھانا
☆ جسم کے کسی حصے کے مشاہدہ کے لئے
☆ برائے حفاظت اور بچاؤ
☆ پانی اور غذا کو صاف کرنے کے لئے

2۔ سے۔ ہے۔ کی Sei Hei Ki

یوسوئی ریکی کے اساتذہ کا ان الفاظ کے معنی کے متعلق نظریہ یہ ہے کہ ''خدا اور انسانیت ایک ہیں''۔ یہ الفاظ شعور اور لاشعور کے درمیان ''ہم آہنگی'' پیدا کرتے ہیں اور ریکی کا مقصد بھی یہ ہے کہ اشیاء میں ''ہم آہنگی'' پیدا ہو اور اس کے علاوہ یہ ذہنی اور جذباتی مسائل کو حل کرنے کے لئے بھی مفید ہیں۔ یہ درج ذیل مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے مستعمل ہیں۔

دینی مدارس کے طلباء اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/gwAbNs

☆ یادداشت کو بہتر بنانا اور طاقت پرگرفت مضبوط کرنے کے لئے۔

☆ مثبت خیالات اور محسوسات کو فروغ دینا اور ناپسندیدہ عادات کو ترک کرنا۔

☆ ازدواجی تعلقات میں بہتری کی خاطر۔

☆ شعور کو آرام وسکون کی فریکوئنسی پر رکھنا۔

☆ شعور کی صفائی

☆ بچوں اور نوجوانوں کے جذبات اور کیفیات کے اُبال اور چلبلا پن میں توازن قائم کرنا۔

☆ کسی فرد کا نام، گم شدہ شئے یا ٹیلی فون نمبر کو فوری طور پر یاد کرنے کے لئے۔

3۔ ہون۔ شاذے۔ شو۔ نن Hon Sha Ze Sho nen

ان الفاظ کا مطلب ہے کہ ''میرے اندر کا خلوص تمہارے اندر موجود خلوص کو خوش آمدید کہتا ہے''

یہ کرشماتی الفاظ ریکی کو ماضی، مستقبل یا کسی اور مقام پر موجود فرد تک بھیجنے کے لئے کام میں لائے جاتے ہیں اور یہ ریکی خارج کنندہ اور وصول کنندہ فرد کے درمیان روشنیوں کا پل بن جاتے ہیں، مزید یہ کہ یہ الفاظ زمان ومکان کی زنجیروں کی قید سے آزاد خیال کئے جاتے ہیں، ان کے لفظی معنی اور مفہوم ہیں کہ کوئی ماضی، حال، مستقبل نہیں ہے۔ ان الفاظ کی روشنیوں سے ریکی کے ماہرین درج ذیل امور سرانجام دیتے ہیں۔

☆ کسی بھی موقع ومحل یا کسی فرد کو بھلے سے وہ دنیا کے کسی گوشے میں موجود ہو ریکی پہنچانا۔

☆ مستقبل میں ہونے والے واقعات مثلاً ضروری میٹنگز، فنکشن اور انتخابات وغیرہ کو خوش اسلوبی سے انجام دینے کی خاطر۔

☆ ماضی کی ناخوشگوار یادوں اور تکلیف دہ حالات کو بھلانے کے لئے۔

☆ کسی بھی فرد کا علاج ہاتھوں سے چھوئے بغیر کرنے کے لئے۔

مذکورہ الفاظ کی روشنیوں کی اشکال کو ریکی ماسٹر صرف ریکی کے طالب علموں پر ظاہر کرتے ہیں۔

4۔ ڈائی۔ کومیو Dai Koo Meo

ریکی کے تیسرے درجے کے دو حصے ہیں، ایک کو iiiA اور دوسرے کو iiiB کہا جاتا ہے۔ iiiA میں کرشماتی الفاظ ''ھون۔ شاذے۔ شو۔ نن Hon Sha Ze Sho Nen سکھائے جاتے ہیں۔ iiiA درجے میں Sac Rai Chakra اور Root Chakra کی خوابیدہ صلاحیتیں بیدار ہوتی ہیں اور ریکی توانائی سے ہم آہنگ ہوجاتی ہیں۔ iiiB درجہ وہ افراد کرتے ہیں جو دیگر لوگوں کو ریکی سکھانا چاہتے ہیں۔ یہ ایک طرح سے ٹیچرز کے لئے ڈگری پروگرام ہے، جس کے بعد وہ ریکی دوسروں کو سکھانے کے اہل قرار پاتے ہیں۔ iiiB میں کرشماتی الفاظ ڈائی۔ کومیو Dai Koo Meo سکھائے جاتے ہیں۔ اور ڈائی۔ کومیو سمبل دیا جاتا ہے جسے ماسٹر سمبل بھی کہا جاتا ہے۔ اور یہ ریکی ماسٹر کو تعلیم کئے جانے والے الفاظ ہیں۔

یہ یوسوئی ماسٹر سمبل زیادہ سریع فریکوئنسی کو کنٹرول کرتا ہے جس میں دوسرے کے اندر لامحدود قوت منتقل کی جاتی ہے۔ اس سمبل کی بدولت زیادہ بہتر فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ یہ سمبل متبادل کرنٹ کو ڈائریکٹ میں تبدیل کرتا ہے۔ بعض ریکی ماسٹر اسے ریکی کا چوتھا درجہ تصور کرتے ہیں اور بعض تیسرے درجہ کا حصہ B تصور کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں بھی اسے ریکی کا چوتھا درجہ تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال درج ذیل ہیں۔

☆ یہ لامحدود حکمت سے قریب اور خدا کی کرشماتی قوت کو جسمانی ارادے میں استعمال کرنے کے قابل بناتا ہے۔

☆ یہ ریکی کی انرجی کو نئے سرے سے مثبت نتائج کے قابل بناتا ہے۔

☆ یہ ہمیں مکمل اور بھرپور ہونے کا زیادہ بہتر حساس دلاتا ہے۔

☆ یہ ہمارے تمام اعمال اور حرکات میں قوت اور رکتیں پیدا کرتا ہے۔

☆ تھرڈ گری چینل کو فاصلاتی Distant Reiki تک منظم انداز میں بھیجتا ہے۔

ریکی سمبلز کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ ان میں ''قوت اندمال'' یعنی مندمل کرنے کی قوت پائی جاتی ہے، ان کی مدد سے ریکی اضافی

توانائیوں کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے۔ ریکی کی ہر علامت کے مختلف معنی ہوتے ہیں۔ انہیں مختلف معاملات کے لئے الگ الگ یا ایک ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ سمبل بنانے اور انہیں استعمال کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔

بعض ریکی ماسٹر۔۔ سمبل کو بطور ''وجود'' کے لیتے ہیں۔ ایک جیتا جاگتا وجود جس سے وہ مدد لیتے ہیں، اپنی صلاحیتوں اور ریکی توانائی میں اضافے کے لئے۔ مگر یہ نظریہ صرف غیر مسلم ریکی ماسٹرز کا ہے۔ ہم آپ پر واضح کردیں کہ ریکی سمبل روشنی کی خاص اشکال ہیں جنہیں آپ کائناتی انرجی Ki بھی کہہ سکتے ہیں۔ اسلامی ریکی نظریہ کے مطابق یہ اللہ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی خاص فریکوئنسی کوڈز ہیں، یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ روشنی کی یہ خاص اشکال صحت کا دروازہ کھولنے کے لیے چابیوں کی مانند ہیں۔ دراصل یہ کرشماتی کنجیاں ہیں یا کائناتی خفیہ کوڈز ہیں۔ جو شفا بخش ریکی انرجی کا بہاؤ اپنی طرف لانے اور پھر متاثرہ بدن میں منتقل کرنے لیے استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان علامات کا مراقبہ کیا جاتا ہے اور انہیں روزانہ مسلسل استعمال میں لایا جاتا ہے۔ ہر ہر سمبل کے پیچھے پنہاں اس کی کارکردگی کی اصل روح تک پہنچنا ہما شما کا کام نہیں۔ ریکی ماسٹر کے لئے ضروری ہے کہ وہ سمبل کو اچھی طرح سمجھ کر اسے اپنے اندر اتار لے، یہاں تک کہ وہ جب چاہے سمبل کو اپنے تصور کی آنکھ سے دیکھ سکیں۔ تاکہ ریکی توانائی جو ایک دوست توانائی ہے زیادہ سے زیادہ پاور فل ہوجائے۔ ریکی ہیلرز کے لیے یہ مشقیں ضروری نہیں ہیں۔

ریکی اور حیوانات و نباتات

ریکی کے ذریعے آپ صرف انسانوں ہی کے نہیں بلکہ حیوانات اور نباتات کے بھی کام آسکتے ہیں یعنی یہی کہا جاسکتا ہے کہ ریکی کا واسطہ Chanell بننے والا فرد بیک وقت انسانوں، جانوروں اور دیگر تمام جاندار اشیاء کے معالج کا کردار ادا کرسکتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ریکی ماسٹر کو معالج یا ڈاکٹر کہہ کر نہیں پکارا جاتا۔ ریکی کی توانائی ہر ذی رُوح میں سے گزرتی ہے، اس لئے ریکی جاننے والا فرد ہر ذی حیات کا دوست بن سکتا ہے۔

مس ماری ہال کہتی ہیں کہ ''پودوں کو ریکی دینے کے لئے وہ گملہ جس میں پودا لگا ہے اپنے ہاتھوں میں تھام لیں اور اگر وہ بھاری ہے تو اس کے گرد ہاتھ رکھ دیں اور اسے ریکی کی توانائی سے معمور کریں۔''

وہ کہتی ہیں کہ ''ریکی دینے کے بعد نکلنے والے پودوں کی صحت اور تروتازگی دیکھ کر تعجب ہوتا ہے اور اکثر تو محسوس ہوتا ہے کہ جب پودوں کو ریکی دی جائے تو وہ بھی جواباً توانائی بھیجتے ہیں۔''

جب بھی آپ پودوں اور جانوروں کو ریکی منتقل کررہے ہوں تو اپنے ذہن کو آزاد چھوڑ دیں اور اپنی وجدانی صلاحیتوں کو کام کرنے دیں، یہ سننے کی کوشش کریں کہ آپ کے اندر کی آواز کیا کہتی ہے؟ ریکی لامحدود توانائی ہے جو زندگی کی مالک ہر شے میں گزر رہی ہے۔ آپ صرف ان جانوروں یا پودوں کو چھو کر اس توانائی کی رکاوٹ کو دور کرکے اس کو جاری وساری کردیں اور حیرت انگیز اثرات کا مشاہدہ کریں۔

ریکی اور بچے

ریکی کے ذریعے نوزائیدہ بچوں کا علاج کرنا بھی قطعاً دشوار نہیں ہے۔ رہا سوال یہ کہ نوزائیدہ بچوں کو کس طرح ریکی توانائی دی جائے؟ تو اس کے لئے بہتر تو یہ ہے کہ جب وہ سوجائیں تو انہیں ریکی انرجی سے سیر کیا جائے۔ مس ماری کہتی ہیں کہ ''میں بچوں کے جھولے یا بستر کے پاس بیٹھ جاتی ہوں اور اپنے ہاتھ بس ان پر رکھ دیتی ہوں۔

بچوں کو ریکی دینے کے بہت مثبت اثرات سامنے آئے ہیں۔ والدین بتاتے ہیں کہ اگلے دن بچے بہت خوش اور ہشاش بشاش اُٹھتے ہیں اور جو مسائل اور بیماریاں انہیں لاحق ہوتی ہیں، وہ ختم ہونا شروع ہوجاتی ہیں۔ مس ماری کہتی ہیں کہ ''ریکی ماں بننے والی خواتین کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔'' تجرباتی مشاہدات یہ سامنے آئے ہیں کہ بچوں کی ولادت بآسانی ہوتی ہے، ماں اور بچہ پرسکون رہتے ہیں۔ ریکی ایک نئی زندگی شروع کرنے کا راستہ ہے۔

ریکی کا سفر

مس ماری کہتی ہیں کہ ''بہت سے لوگوں کو یہ جان کر بہت حیرت ہوتی ہے کہ ریکی بغیر کسی مادی وسیلہ کے بھی سفر کرسکتی ہے

(بقیہ ص 51)

چہل کاف (۴۰) کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: چہل کاف حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک خاص کلام ہے جو ہر جائز مقصد اور حاجت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر پیشانی دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ مشائخ عظام، بزرگانِ دین، علمائے کرام اور عاملین و روحانی معالجین کثرت سے اس عمل کو کرتے آئیں ہیں اور کر رہے ہیں۔ روحانی علاج میں اس عمل کو بہت زیادہ دخل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ غیر مسنون اعمال میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اور مجرب عمل چہل کاف ہے تو غلط نہ ہوگا۔ چہل کاف کے پیچھے کثیر تعداد میں غیبی مخلوق ہے جو عامل کی معاونت کرتی ہے۔

عامل بننے کے فائدے: اس چہل کاف کے عامل بننے کے بہت سے فائدے ہیں۔ چند ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں:

ہر قسم کے جادو اور بندشوں کا علاج	ہر طرح کے جنات و آسیب سے نجات	رزق اور قرض کی ادائیگی کے معاملات
قیدی کی رہائی	ہر طرح کے دشمن سے نمٹنا	چوری کے معاملات
پرانے درد سر کا علاج	آنکھوں کے درد کا علاج	پیٹ کے درد کا علاج
دانتوں کے درد کا علاج	عرق النساء کے درد کا علاج	بواسیر خونی و بادی کا علاج
مرگی (صرع) کا علاج	شیطانی وسوسوں کا علاج	بانجھ پن کا علاج
سانپ بچھو کے ڈسنے کا علاج	محبت کے معاملات	زانی و بدکار مرد و عورت کا علاج

عمل کے عمل درجے: اس عمل کے کل چار (۴) درجے ہیں۔ ایک فیس میں پہلے دو درجے۔ پھر الگ فیس میں اگلے دو درجے۔

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والے چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جا سکتی ہے۔

فیس درجہ اول و دوم: 3100 روپے

فیس درجہ سوم و چہارم: 4100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر ''آگے سکھانے کی خاص اجازت'' حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-7772775
042-35410586
ruhanidarsgah
0333-7772775
ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

کوئی وعدہ نہیں کوئی دعویٰ نہیں

روحانی اگربتی برائے حصول برکت

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں قیمت 200 روپے

کئی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ جادو اور جنات کا معاملہ بھی نہیں ہوتا اور نحوست بھی نہیں ہوتی، پھر بھی بے برکتی نظر آتی ہے۔ اسی طرح جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ مزید برکت بڑھے، خاص کر دکان دار اور کاروباری حضرات، وہ یہ اگربتی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے استعمال سے بے برکتی دور ہوگی اور برکت بڑھے گی۔ ان اگربتیوں پر ایسے کلام کے دم کیے گئے ہیں جو حصول برکت کے لیے نہایت مجرب ہیں۔ حصول برکت میں استعمال ہونے والی اگربتیوں کی کوالٹی بھی اچھی ہے۔ اس وجہ سے ان کا ریٹ بھی زیادہ ہے۔ طریقہ استعمال اگربتیوں کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل حشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں قیمت 200 روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور اس جگہ پر کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے مسلسل پریشانیوں کا ہی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح نحس اوقات میں کوئی کام کرنا مجبوری ہے تو اس وقت اس اگربتی کو جلا کر وہ کام کریں۔ ان شاء اللہ، نحس اثرات اس کام پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ ہر طرح کے نحس اثرات اور نحوست کے خاتمے کے لیے اس اگربتی کا استعمال مفید ہے۔ دفع نحوست میں استعمال ہونے والی اگربتیوں کی کوالٹی اچھی ہے۔ اس وجہ سے ان کا ریٹ بھی زیادہ ہے۔ صبح وشام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل حشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو وہر قسم بداثرات

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں قیمت 150 روپے

اس اگربتی پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جو جادو اور جنات وشیاطین کے بداثرات دور کرنے میں بہت مفید ہیں۔ تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں جن کی وجہ سے اگربتیوں کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس اگربتی کا استعمال بہت مفید ہے۔

روزانہ ایک اگربتی صبح وشام گھر یا جگہ پر جلائی جائے۔ اگر مریض کے لیے بھی استعمال کرنی ہو تو صبح وشام مریض کے پاس جلائیں۔ دیگر تفصیلات اگربتی کے پیکٹ کے ہمراہ دی جائیں گی۔

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل حشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

روحانی اگربتی برائے نظر وحسد

پیکنگ فی پیکٹ 30 اگربتیاں قیمت 200 روپے

نظر بد جیسے اہم اور خطرناک مرض کے لیے دار العمل چشتیہ کے عاملین کی ٹیم اور روحانی علاج گاہ کی خاص تیار کردہ اگربتی جو کہ جملہ مقاصد کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوتی ہے۔ اگر آپ نظر بد کا شکار ہیں یا آپ نظر وحسد کا شکار ہیں یا آپ کے گھر والے نظر وحسد کا شکار ہیں یا آپ کی دکان نظر بد کی شکار ہے یا آپ کا کاروبار نظر وحسد کا شکار ہے یا آپ کی فیکٹری کسی کی بری نظر یا پھر کسی کے حسد کی زد میں آ گئی ہے یا آپ نظر بد اور حسد کی وجہ سے اپنا سب کچھ کھو چکے ہیں۔ تو آپ کے لیے یہ کراماتی بتی بہت زیادہ فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل حشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

حرز دافع البلیات نقش عدد صد یعنی 10000 خانوں والا نقش (بڑ پیپر پر)

عاملین کیلئے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 500 روپے

عوام کیلئے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 700 روپے

عاملین کیلئے زیادہ تعویذ منگوانے پر خصوصی ریٹ ہوگا

یہ تعویذ مبارک سیّدی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منسوب اشعار چہل کاف شریف کی تکسیر اعظم سے وضع کیا گیا ہے۔ اس نقش میں نہ صرف چہل کاف شریف بلکہ چہل کاف کے باطن میں موجود سولہ اسماء الٰہیہ کو بطریق جفر استخراج کر کے شامل کیا گیا ہے۔ حامل ہذا تعویذ خداوند کریم کے فضل سے جادو، حاسدین، نظر بد جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈرنا، وساوس شیطانی، خوف وحراس، دہشت، ناگہانی آفات اور حادثات سفر وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ افسران بالا کے جبر، گھریلو ناچاقیاں، بے روزگاری، قرض، تجارتی نقصانات، بے اولادی، مہلک امراض اور نفسیاتی مسائل کے حل کے لئے یہ نقش مجرب ہے۔ ایسے خواتین وحضرات جن کے رشتے میں جنات، جادو یا کسی بندش کی وجہ سے رکاوٹ آ جاتی ہے ان کے لئے یہ نقش تیر بہدف ہے۔ جو بھی اس نقش کو پہنے گا ان شاء اللہ ہر قسم کے مہلک امراض وآفات سے محفوظ رہے گا۔ اس کے دشمن وحاسدین ناکام ونامراد رہیں گے اور حامل نقش کے خلاف کسی بھی طرح کا روحانی وسفلی عمل کارگر نہ ہوگا بلکہ کرانے والا خود اپنے عمل کی گرفت میں آجائے گا۔ خواتین ہر حالت میں اس کو پہن سکتی ہیں۔

0334-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل حشتیہ ruhanishop

چہل کاف کا دس ہزار (10000) خانوں کا خاص نقش

آرٹ پیپر بڑا سائز

چہل کاف کے تمام خواص کا جامع نقش جو چہل کاف جفر جامع کے اعداد سے وضع کیا گیا ہے۔ یہ نقش چہل کاف کے جمیع حروف کی تکرار، اسماء الٰہیہ، اسماء مؤکلات اور چہل کاف سے عددی مناسبت رکھنے والی سورتوں اور آیات کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع مقاصد کیلئے مجرب ہے۔ جس مقام پر رکھا جائے گا خوشحالی ہی خوشحالی ہو جائے گی۔ ترقی پر گامزن ہو جائے گا۔ تمام نحوستیں ختم۔ ہر قسم کا جادو ٹونا کا اعلیٰ ترین توڑ۔ ہر طرح کی نظر بد ختم۔ ہر قسم کی بندشیں ختم۔ بے برکتی دور ہوگی۔ اس کی ہیبت سے قوم جنات لرزتی ہے۔ اعمال سفلی اس کی برکت سے فنا ہو جاتے ہیں۔ جہاں یہ نقش ہوگا قوم جنات اس مقام سے کوسوں دور بھاگ جاتی ہیں۔ جہاں یہ نقش ہوگا، اس علاقے میں موجود جادوگروں کے اعمال سلب ہو جاتے ہیں۔

عاملین کے لیے زیادہ تعویذ منگوانے پر خصوصی ڈسکاؤنٹ ہوگا۔

عوام کے لئے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ **1100** روپے

شاگرد اور عاملین کے لیے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ **700** روپے

0334-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل حشتیہ ruhanishop

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

تاریخ _____ مارچ 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ اعمال _____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

تاریخ _____ مارچ 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ تعویذات _____

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ کوپن کے بغیر تعویذات بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 042-35410586

darulamal.org/bookshop

مندرہ شاہ علی جادو اور جنات کے اثرات کے علاج کا سرتاج عمل

تعارف: ”مندرہ شاہ علی“ نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات وشیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔ اس کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، وہ جادو، جنات اور دشمنوں کے خلاف بہت تیز کام کرتی ہے اور ضرورت پڑنے پر مخالف کو خوب سبق بھی سکھاتی ہے۔ مندرے کے عامل پر جادو اور جنات آسانی سے حملہ آور نہیں ہو سکتے۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

جگہ کی جناتی، آسیبی یا سحری اثرات سے حفاظت	تلوار، نیزہ، بندوق، پستول سے حفاظت	بجلی یا کرنٹ سے حفاظت
مریض کی سحر جادو، آسیب اور شیاطین سے حفاظت	رات یا ویرانے کے سفر میں حفاظت	جانوروں کی بیماریوں سے حفاظت
گھر اور جگہ کا مضبوط حصار	خبیث ارواح کی چوکی کا علاج	جادو کے عمل والی ہانڈی کو واپس کرنا
جنات یا سحر جادو، مرگی کے لئے خاص گنڈا	دماغ خراب، مجنون و دیوانہ پن کا علاج	بے اولادی کا خاص عمل
مکانوں کی بنیاد کے لیے حفاظت کا خاص عمل	جسم میں دردوں کا علاج	زہریلا کیڑا کاٹے کا علاج
بد اثرات کی وجہ سے جسمانی و ذہنی تکالیف کا علاج	اٹھراہ کا علاج	ہر مرض کے لئے
دشمن زیر اور ذلیل وخوار کرنا	ڈھول، بینڈ باجے کو باندھنا	ہر جائز مقصد کے لئے

اجازت کے لیے اہلیت: ایسے تمام افراد جنہوں نے جادو جنات کے بنیادی عمل کیے ہوں۔

اجازت لینے کا طریقہ: مندرہ کا عامل بننے کے لیے عمل کا ھدیہ ادا کر کے چلّہ کشی کرنی ہوتی ہے۔

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

ہدیہ 9100 روپے

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر ”آگے سکھانے کی خاص اجازت“ حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

نوٹ: 9100 ہدیہ میں مندرہ شاہ علی کے تین چلّے کروائے جاتے ہیں۔ جو حضرات اس عمل میں مزید مہارت حاصل کرنا چاہیں، ان کو ”**خاص روحانی نگرانی**“ میں گھر سے باہر مخصوص مقامات اور مخصوص تعداد کے چلّے کروائے جاتے ہیں۔ ان تمام کا ہدیہ الگ الگ ہوتا ہے۔

Darul Amal Chishtia Pakistan
روحانی درسگاہ
Ruhani Darsgah
Whatsapp +92-333-7772775
darulamal.org/ruhanidarsgah

عربی خوشبوؤں والی اگربتیوں کی وسیع ورائٹی

عربی اگربتیاں جنات کو بہت پسند ہیں۔ قرآنی اعمال ہوں یا نورانی عربی اگربتیاں جلانے سے کامیابی بہت جلد ملتی ہے۔ یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ عربی اگر بتیاں چلے کی کامیابی میں اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ بہت لاجواب ہیں۔ ہمارے پاس سستی، متوسط اور اعلیٰ کوالٹی کی اگربتیاں موجود ہیں۔ چلے کے دوران دو سے پانچ گھنٹے جلنے والی اگربتیاں بھی دستیاب ہیں۔ عاملین حضرات عمل میں یقینی کامیابی کیلئے عربی اگربتیاں ہول سیل پر حاصل کریں۔